# حج

اور

# اُس کے مسائل

مولانا محمد یوسف اصلاحی

50

اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ
۱۳۔ ای، شاہ عالم مارکٹ لاہور۔ (مغربی پاکستان)
شاخ:۔ ۱۶۔ بیت المکرم (پہلی منزل)، ڈھاکہ (مشرقی پاکستان)

Marfat.com

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

۲۹۷۶۹۹ ح ۵۱۹ ۱۷۰۷۶

طابع:۔ ———— اخلاق حسین، ڈائرکٹر
ناشر:۔ ———— اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ
۱۳-ای، شاہ عالم مارکٹ، لاہور
مطبع:۔ ———— کوہستان پریس، لاہور

اشاعت:۔
پہلی ———— جنوری ۱۹۷۱ء ۲،۰۰۰

قیمت:۔
اعلیٰ ایڈیشن ۳٫۷۵ روپے
سستا ایڈیشن ۲٫۷۰ روپے

Marifat.com

# تعارف

یہ مختصر مجموعہ دراصل ہماری مفصل کتاب "آسان فقہ" حصہ دوم کا ایک باب ہے جو حج کو جانے والوں کی خصوصی ضرورت اور عام افادے کے پیشِ نظر الگ بھی "حج اور اُس کے مسائل" کے نام سے شائع کیا جارہا ہے۔

حج زندگی میں ایک ہی بار فرض ہے، اور عام طور پر زندگی میں ایک ہی بار لوگوں کو اس سعادت سے بہرہ ور ہونے کا موقع مل پاتا ہے، پھر حج کے ارکان و اعمال بھی مخصوص نوعیت کے ہیں، پھر تربیت اور تزکیے کے نقطۂ نظر سے بھی حج ایک آخری جامع تدبیر ہے، اور یہ حقیقت ہے کہ جس شخص کی اصلاح اور تزکیہ حج سے بھی نہ ہوسکے، اس کے سدھار اور اصلاحِ حال کی بہت کم ہی توقع رہ جاتی ہے، اس لیے انتہائی ضروری ہے کہ جو شخص بھی حج کا ارادہ کرے وہ بہت پہلے سے اس کے لیے ذہن و فکر کو تیار کرے، جذبات کو ابھارے، حج کے فرائض و مناسک معلوم کرے، اعمالِ حج کی حکمت اور حقیقت کو جاننے کی کوشش کرے، حج کے آداب و شرائط کو سمجھے، اور وہ مسنون دعائیں بھی یاد کرے جو حج کے دوران مختلف مقامات اور مختلف اوقات میں مانگی جاتی ہیں، اور ساتھ ہی یہ بھی جاننے کی کوشش کرے کہ وہ ان دعاؤں میں اپنے خدا سے کیا عہد و پیمان کرتا ہے، کن آرزوؤں کا اظہار کرتا ہے، کیا کیا مانگنا چاہتا ہے، اور پھر ان آرزوؤں، تمناؤں اور دعاؤں کے مطابق اپنی عملی زندگی کو بنانے کے لیے

Marfat.com

برابر کوشاں رہے۔

اس اہتمام اور تیاری کے ساتھ جو حج کیا جائے، توقع ہے کہ وہ حج واقعی حج مبرور ہوگا۔ جس کے بارے میں نبی صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی ہے کہ اس کا صلہ جنت کے سوا کچھ نہیں ہے۔

زائرینِ حرم کی اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ مجموعہ پیشِ خدمت ہے۔ خدا سے دعا ہے وہ اپنی عنایتِ خاص سے اس مجموعے کو شرفِ قبول بخشے، بیت اللہ جانے والوں کو اس سے خصوصی استفادے کی توفیق دے، اور اس گنہگار کے لیے اس کو بہانۂ مغفرت بنائے۔ آمین۔

محمد یوسف اصلاحی
جمعہ ۲۹ اگست ۱۹۶۹ء

Marfat.com

# حج اور اُس کے مسائل


| | |
|---|---|
| ۱۔ حج کا بیان | ۱۱ |
| حج کے معنی | ۱۲ |
| حج ایک جامع عبادت | ۱۲ |
| حج کی حقیقت | ۱۴ |
| حج کی عظمت واہمیت | ۱۷ |
| حج کی فضیلت وترغیب | ۲۰ |
| ۲۔ وجوبِ حج کی شرطیں | ۲۴ |
| ۳۔ صحتِ حج کی شرطیں | ۲۸ |
| ۴۔ حج کے احکام | ۲۹ |
| ۵۔ میقات اور اُن کے احکام | ۳۱ |
| (۱) ذوالحلیفہ | ۳۱ |
| (۲) ذاتِ عرق | ۳۲ |
| (۳) جُحفہ | ۳۲ |
| (۴) قرن المنازل | ۳۲ |
| (۵) یلملم | ۳۲ |


Marfat.com

٦۔ حج کے فرائض ۳۴

۷۔ احرام اور اس کے مسائل ۳۴

حالتِ احرام میں ممنوع کام ۳۵

حالتِ احرام میں جائز کام ۳۷

احرام کا طریقہ ۳۸

۸۔ تلبیہ اور اس کے مسائل ۳۹

تلبیہ کی حکمت وفضیلت ۴۰

تلبیہ کے بعد کی دعا ۴۲

۹۔ وقوف اور اس کے مسائل ۴۳

میدانِ عرفات کی دعائیں ۴۶

۱۰۔ طواف اور اس کے مسائل ۵۱

بیت اللہ کی عظمت ومرتبہ ۵۱

طواف کی فضیلت ۵۳

استلام ۵۵

رکن یمانی کی دُعا ۵۶

۱۱۔ طواف کی قسمیں اور ان کے احکام ۵۶

۱۲۔ طواف کے واجبات ۵۹

طواف کی دعا ۶۱

طواف کے مسائل ۶۳


Marfat.com

۱۳- رمل ۶۴
۱۴- اضطباع ۶۵
۱۵- حج کے واجبات ۶۶
۱۶- سعی ۶۸
سعی کی حقیقت و حکمت ۶۸
سعی کے مسائل ۷۰
سعی کا طریقہ اور دعائیں ۷۱
۱۷- رمی ۷۵
رمی کی حقیقت و حکمت ۷۵
رمی کے مسائل ۷۶
رمی کا طریقہ اور دعا ۷۹
۱۸- حلق یا تقصیر کے مسائل ۸۱
۱۹- قربانی کا بیان ۸۴
انسانی تاریخ کی سب سے پہلی قربانی ۸۴
قربانی تمام الٰہی شریعتوں میں ۸۵
قربانی ایک عظیم یادگار ۸۶
نبیؐ سے خطاب ۸۸
قربانی تمام امت کے لیے ہے۔ ۸۹
قربانی کے رُوحانی مقاصد ۹۰

Marfat.com

قربانی کی رُوح ۹۲
اونٹ کی قربانی کا رُوحانی منظر ۹۳
قربانی کا طریقہ اور دعا ۹۴
قربانی کی فضیلت و تاکید ۹۵
۲۰- قربانی کے احکام و مسائل ۹۸
قربانی کرنے والے کے لیے مسنون عمل ۹۸
قربانی کے جانور اور ان کے احکام ۹۹
قربانی کا حکم ۱۰۲
قربانی کے ایام اور وقت ۱۰۴
۲۱- قربانی کے متفرق مسائل ۱۰۵
مُردوں کی طرف سے قربانی ۱۰۷
۲۲- ہدی کا بیان ۱۰۹
۲۳- آبِ زمزم اور اُس کے آدابِ دُعا ۱۱۲
۲۴- مُلتزم اور اس کی دُعا ۱۱۵
۲۵- قبولیتِ دعا کے مقامات ۱۱۸
۲۶- عُمرہ ۱۲۰
عُمرہ کے مسائل ۱۲۱
۲۷- حج کی قسمیں ۱۲۳
۲۸- حج اِفراد ۱۲۳

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۲۹۔ حج قران | ۱۲۳ |
| قران کے مسائل | ۱۲۴ |
| ۳۰۔ حج تمتع | ۱۲۵ |
| تمتع کے مسائل | ۱۲۶ |
| ۳۱۔ نبی عربی کا رخصتی حج | ۱۲۹ |
| ۳۲۔ جنایت کا بیان | ۱۴۱ |
| حرم مکہ اور اس کی عظمت | ۱۴۱ |
| ۳۳۔ جنایاتِ حرم | ۱۴۴ |
| ۳۴۔ جنایاتِ اِحرام | ۱۴۵ |
| وہ جنایات جن میں دو قربانیاں واجب ہیں | ۱۴۶ |
| وہ جنایات جن میں ایک قربانی واجب ہے | ۱۴۶ |
| وہ جنایات جن میں صرف صدقہ واجب ہے | ۱۴۹ |
| اصولی ہدایات | ۱۵۰ |
| ۳۵۔ شکار کی جزا | ۱۵۲ |
| شکار اور جزا کے مسائل | ۱۵۳ |
| ۳۶۔ اِحصار کا بیان | ۱۵۶ |
| اِحصار کی چند صورتیں | ۱۵۷ |
| احصار کے مسائل | ۱۵۷ |
| ۳۷۔ حج بدل | ۱۵۹ |

Marfat.com

حج بدل صحیح ہونے کی شرطیں ۱۶۰
۳۸- مدینہ منورہ کی حاضری ۱۶۲
مدینہ طیبہ کی عظمت و فضیلت ۱۶۳
مسجد نبویؐ کی عظمت ۱۶۸
روضۂ اقدس کی زیارت ۱۶۹
روضۂ اقدس کی زیارت کا حکم ۱۷۰
۳۹- مقاماتِ حج ۱۷۱
بیت اللہ کا نقشہ ۱۷۲
۴۰- اصطلاحاتِ حج ۱۸۳
۴۱- حج کی دعائیں ——— (فہرست) ۱۹۰

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# حج کا بیان

حج اسلام کا پانچواں اہم رکن ہے۔ حج کا ایک ایمان افروز تاریخی پس منظر ہے، جس کو نگاہ میں رکھے بغیر حج کی عظمت و حکمت اور اصل مقصود کو سمجھنا ممکن نہیں، کفر و شرک کے طاقتور ماحول میں گھرے ہوئے ایک بندۂ مومن نے توحیدِ خالص کا اعلان کیا اور باطل کی چھائی ہوئی ظالم طاقتوں اور گوناگوں رکاوٹوں کے باوجود، ایمان و تقویٰ، خلوص و للّٰہیت، عشق و محبت جاں نثاری اور فداکاری، ایثار و قربانی، بے آمیز اطاعت اور کامل سپردگی کے بے مثال جذبات و اعمال سے اسلام کی مکمل تاریخ تیار کی اور توحید و اخلاص کا ایک ایسا مرکز تعمیر کیا کہ رہتی زندگی تک انسانیت کو اس سے توحید کا پیغام ملتا رہے۔

اسی تاریخ کو تازہ کرنے اور انہی جذبات سے دلوں کو گرمانے کے لیے ہر سال دور دراز سے توحید کے پروانے اس مرکز پر جمع ہو کر وہی کچھ کرتے ہیں جو ان کے پیشوا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا، دو کپڑوں میں ملبوس کبھی بیت اللّٰہ کا والہانہ طواف کرتے ہیں، کبھی صفا اور مروہ کی پہاڑیوں پر دوڑتے نظر آتے ہیں، کبھی عرفات میں کھڑے اپنے خدا سے مناجات کرتے ہیں، کبھی قربان گاہ میں جانوروں کے گلے پر چھری پھیر کر اپنے خدا سے عہدِ محبت استوار کرتے ہیں۔ اور اٹھتے بیٹھتے، صبح و شام ایک ہی صدا سے

Marfat.com

اے اللہ بیشک میں تجھ سے تیری جنت

وَنَعِيْمَهَا وَمَا يُقَرِّبُنِيْ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ وَعَمَلٍ وَ

اور اس کی نعمتوں کا، اور اس قول یا فعل کا عمل کا طلبگار ہوں جو مجھے تیری جنت سے قریب کردے

أَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا يُقَرِّبُنِيْ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ أَوْ عَمَلٍ

اور میں جہنم کی آگ اور اس قول یا فعل یا عمل سے پناہ چاہتا ہوں جو مجھے جہنم کی آگ سے قریب کردے

ھدایت: رکن یمانی پر پہنچنے تک یہ دعا ختم کر ڈالو اور آگے بڑھتے ہوئے پڑھو۔

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے رب ہمیں دین و دنیا میں بھلائی اور بہتری عنایت فرمائے۔ اور ہم کو جہنم کی آگ سے بچا

وَأَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْأَبْرَارِ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا رَبَّ

اور ہمیں جنت میں نیک لوگوں کے زمرہ میں داخل فرمائے اے بڑے غالب اور بڑی بخشش والے دونوں

الْعَالَمِيْنَ

جہانوں کے پروردگار

اور حجر اسود پر پہنچ کر بوسہ دو۔ اگر ہجوم ہو تو وہیں سے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھا کر

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ { اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو سب سے بڑا اور سب تعریفیں اسی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو گرا دو اور آگے بڑھو، اور دعاء چھٹے چکر کی پڑھتے ہوئے۔

| چھٹا چکر شروع کر دو<br>چھٹے چکر کی دعا یہ ہے | دُعَاءُ الشَّوْطِ السَّادِسِ | چھٹے چکر کی دعاء |
|---|---|---|

اَللّٰهُمَّ إِنَّ لَكَ عَلَيَّ حُقُوْقًا كَثِيْرَةً فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ

اے خداوند! مجھ پر تیرے بہت سے حقوق ہیں جو میرے اور تیرے درمیان ہیں اور بہت سے حقوق ہیں جو

وَحُقُوْقًا كَثِيْرَةً فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ

تیری مخلوق کے اور میرے درمیان ہیں اے اللہ اگر ان میں سے تیرا کوئی حق (مجھ سے) ادا ہونے سے رہ جائے تو

لَكَ مِنْهَا فَاغْفِرْهُ لِيْ وَمَا كَانَ لِخَلْقِكَ فَتَحَمَّلْهُ عَنِّيْ وَ

اسے معاف کر دے اور جو حق تیری مخلوق کا مجھ پر رہ جائے (اس کو مخلوق سے بخشوا دینا) تو ذمہ لے لے

أَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَ

اور حلال کمائی کی تو توفیق دے کر سب حرام سے مجھے مستغنی کر دے اپنی طاعت میں رکھ کر نافرمانی اور

Marfat.com

حرم کی پوری فضا گونجتی ہے،

"اے اللہ! تیرے دربار میں تیرے غلام حاضر ہیں، تعریف و حمد تیرا ہی حق ہے، احسان کرنا تیرا ہی کام ہے، تیرے اقتدار میں کوئی دوسرا شریک نہیں"

در اصل انھی کیفیات کو پیدا کرنے اور پورے طور پر خود کو اللہ کے حوالے کرنے ہی کا نام حج ہے۔

## حج کے معنی

(حج کے لغوی معنی ہیں، زیارت کا ارادہ کرنا، اور شریعت کی اصطلاح میں (حج سے مراد وہ جامع عبادت ہے جس میں مسلمان بیت اللہ پہنچ کر کچھ مخصوص اعمال اور عبادات کرتا ہے چونکہ حج میں مسلمان بیت اللہ کی زیارت کا ارادہ کرتا ہے اس لیے اس کو حج کہتے ہیں۔)

## حج ایک جامع عبادت

اسلامی عبادات دو طرح کی ہیں، ایک بدنی عبادات جیسے نماز روزہ، اور ایک مالی عبادات جیسے صدقہ و زکوٰۃ وغیرہ۔ حج کا امتیاز یہ ہے کہ وہ مالی عبادت بھی ہے اور بدنی عبادت بھی۔ دوسری مستقل عبادات سے، خلوص و تقویٰ، عجز و احتیاج، بندگی اور اطاعت، قربانی اور ایثار، فدائیت اور سپردگی، انابت اور عبدیت کے جو جذبات الگ الگ نشو و نما پاتے ہیں، حج کی جامعیت یہ ہے کہ اس میں بیک وقت یہ سارے جذبات اور کیفیات پیدا ہوتی اور پروان چڑھتی ہیں۔

نماز جو دین کا سرچشمہ ہے اس کی اقامت کے لیے روئے زمین پر جو سب

Marfat.com

سے پہلی مسجد تعمیر ہوئی، حج میں مومن اسی مسجد کے گرد والہانہ طواف کرتا ہے، اور عمر بھر دور دراز سے جس گھر کی طرف رُخ کر کے مومن نماز پڑھتا رہا ہے، حج میں مومن کو یہ سعادت نصیب ہوتی ہے کہ وہ عین اس مسجد میں کھڑے ہو کر نماز ادا کرتا ہے۔

روزہ جو نفس و اخلاق کے تزکیہ کا مؤثر اور لازمی ذریعہ ہے، اور جس میں مومن مرغوباتِ نفس سے دور رہ کر صبر و ثبات کی قوتوں کو پروان چڑھاتا ہے اور خدا کی راہ کا سپاہی اور مجاہد بننے کی مشق بہم پہنچاتا ہے، حج میں اِحرام باندھنے کے وقت سے لے کر احرام کھولنے کے وقت تک اسی مجاہدے میں شب و روز بسر کرتا ہے، اور قلب و رُوح سے ایک ایک نقش کھرچ کر صرف خدا کی محبت کا نقش بٹھاتا ہے، اور شب و روز توحید کی صدا لگا کر صرف توحید کا علمبردار بنتا ہے۔

صدقہ و زکوٰۃ میں اپنا دل پسند مال دے کر بندۂ مومن اپنے دل سے زر پرستی کے رکیک جذبات دھوتا اور خدا کی محبت کے بیج بوتا ہے، حج میں بھی آدمی عمر بھر کا جمع کیا ہوا مال، محض خدا کی محبت میں دل کھول کر خرچ کرتا اور اس کی راہ میں قربانی کر کے اس سے عہدِ وفا استوار کرتا ہے، غرض یہ کہ حج کے ذریعے خدا سے والہانہ تعلق، نفس و اخلاق کا تزکیہ اور رُوحانی ارتقا کے سارے مقاصد بیک وقت حاصل ہوتے ہیں بشرطیکہ حج واقعی حج ہو، محض ارکانِ حج ادا کرنے کا عمل نہ ہو۔

Marfat.com

## حج کی حقیقت

حج کی حقیقت دراصل یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو کامل طور پر اپنے رب کے حوالے کر دے اور مُسلم حنیف بن جائے۔ حج کی سعادت درحقیقت خدا کی طرف سے اس بات کی توفیق ہے، کہ اصلاحِ حال کی تمام مستند کوششوں کے باوجود بندے کی زندگی میں جو بھی کھوٹ اور نقص رہ جائے وہ ارکانِ حج اور مقاماتِ حج کی برکت سے دور ہو جائے اور وہ حج سے ایسا پاک صاف ہو کر لوٹے کہ گویا اس نے آج ہی جنم لیا ہے، ساتھ ہی حج حقیقتِ حال کی ایک کسوٹی بھی ہے، کہ کس نے خدا کی اس توفیق سے واقعی فائدہ اٹھایا ہے اور کون موقع پانے کے باوجود محروم رہ گیا ہے، حج کے بعد کی زندگی اور اس کی سرگرمیاں واضح کر دیتی ہیں کہ کس کا حج واقعی حج ہے اور کون حج کے سارے ارکان ادا کرنے اور بیت اللہ کی زیارت کرنے کے باوجود حج کی سعادت سے محروم رہ گیا ہے۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ حج کی توفیق پانے کے باوجود جو شخص اصلاحِ حال سے محروم رہ جائے، اس کے بارے میں بہت ہی کم توقع رہ جاتی ہے کہ کسی اور تدبیر سے اس کی اصلاحِ حال ہو سکے گی۔ اس لیے حج کا فریضہ ادا کرنے والے کے لیے انتہائی ضروری ہے کہ وہ اپنے جذبات و احساسات اور ارادوں کا اچھی طرح جائزہ لے اور حج کے ایک ایک رکن اور عمل کو پورے اخلاص اور شعور کے ساتھ ادا کر کے حج سے وہ کچھ حاصل کرنے کی کوشش کرے جس کے لیے حج فرض کیا گیا ہے۔

حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا جو بیت اللہ سے

Marfat.com

واپس آیا تھا لیکن اس کی زندگی پر حج کی چھاپ نہیں پڑھ سکی تھی، آپ نے اس سے دریافت فرمایا، "تم کہاں سے آرہے ہو؟"

"حضرت، حجِ بیت اللہ سے واپس آرہا ہوں" مسافر نے جواب دیا۔

"کیا تم حج کر چکے ہو؟" حضرت نے حیرت سے دریافت کیا،

"جی ہاں، میں حج کر چکا ہوں" مسافر نے جواب دیا۔

حضرت نے پوچھا "جب تم حج کے ارادے سے گھر بار چھوڑ کر نکلے تھے اس وقت تم نے گناہوں سے بھی کنارہ کر لیا تھا یا نہیں؟"

"حضرت! میں نے اس طرح تو نہیں سوچا تھا" مسافر نے جواب دیا۔

"تو پھر تم حج کے لیے نکلے ہی نہیں" پھر دریافت فرمایا "اس مبارک سفر میں تم نے جو جو منزلیں طے کیں اور جہاں جہاں راتوں کو مقام کیے تو کیا تم نے اس دوران قربِ الٰہی کی منزلیں بھی طے کیں اور اس راہ کے مقامات بھی طے کیے؟"

"حضرت، اس کا تو مجھے دھیان بھی نہ تھا" مسافر نے سادگی سے جواب دیا۔

"تو پھر تم نے نہ بیت اللہ کی طرف سفر کیا، اور نہ اس کی طرف کوئی منزل طے کی" پھر دریافت فرمایا "جب تم نے اِحرام باندھا، اور اپنے روزمرہ کے کپڑے اتارے، تو کیا تم نے اس کے ساتھ ہی اپنی بُری عادتوں اور خصلتوں کو بھی اپنی زندگی سے اتار پھینکا تھا؟"

"حضرت اس طرح تو میں نے غور نہیں کیا تھا" مسافر نے صاف جواب دیا۔

"پھر تم نے احرام بھی کہاں باندھا!" حضرت نے پُرسوز لہجے میں فرمایا۔ پھر پوچھا "جب تم میدانِ عرفات میں کھڑے ہوئے تو تمہیں مشاہدے کا کشف بھی حاصل ہوا

یا نہیں ؟"

"حضرت میں سمجھا نہیں کیا مطلب ؟" مسافر نے کہا۔

"مطلب یہ ہے کہ تم نے میدانِ عرفات میں خدا سے مناجات کرتے وقت اپنے اندر یہ کیفیت بھی محسوس کی کہ گویا تمہارا رب تمہارے سامنے ہے اور تم اسے دیکھ رہے ہو؟"

"حضرت یہ کیفیت تو نہیں تھی" مسافر نے وضاحت کی۔

"پھر تو گویا تم عرفات میں پہنچے ہی نہیں" حضرت نے پر جوش لہجے میں کہا اور پھر دریافت فرمایا "اچھا یہ بتاؤ جب تم مزدلفہ میں پہنچے تو وہاں تم نے اپنی نفسانی خواہشات کو بھی چھوڑا یا نہیں ؟"

"حضرت میں نے اس پر تو کوئی توجہ نہیں کی" مسافر نے جواب دیا۔

"تو پھر تم مزدلفے بھی نہیں گئے" حضرت نے فرمایا۔ اس کے بعد پوچھا "اچھا یہ بتاؤ جب تم نے بیت اللہ کا طواف کیا تو اس دوران تم جمالِ الٰہی کے جلوے اور کرشمے بھی دیکھے ؟"

"حضرت اس سے تو میں محروم رہا" مسافر نے کہا۔

"تو پھر تم نے طواف کیا ہی نہیں ؟" اور پھر دریافت فرمایا "جب تم نے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی تو کیا اس وقت تم نے صفا اور مروہ اور ان کے درمیان سعی کی حکمت و حقیقت اور اس کے مقصود کو بھی پایا ؟"

"حضرت اس کا تو مجھے شعور نہیں" مسافر نے کہا۔

"تو پھر تم نے ابھی سعی بھی نہیں کی ہے" پھر دریافت فرمایا "جب تم نے

قربان گاہ میں پہنچ کر قربانی کے جانور کو قربان کیا، اس وقت تم نے اپنے نفس اور اور اس کی خواہشات کو بھی راہِ خدا میں قربان کیا یا نہیں؟"

"حضرت اس طرف تو میرا دھیان نہیں گیا" مسافر نے کہا۔

"تو پھر تم نے قربانی بھی کہاں کی!" اس کے بعد حضرت جنیدؒ نے پوچھا "اچھا یہ کہو جب تم نے جمرات پر سنگریزے پھینکے تو اس وقت تم نے اپنے بُرے ہم نشیں اور بُرے ساتھیوں، اور بُری خواہشات کو بھی اپنے سے دور پھینکا یا نہیں؟"

"حضرت ایسا تو نہیں کیا" مسافر نے سادگی سے جواب دیا۔

"تو پھر تم نے رمی بھی نہیں کی" حضرت نے افسوس کے ساتھ کہا اور فرمایا "جاؤ، واپس جاؤ، اور ان کیفیات کے ساتھ ایک بار پھر حج کرو۔ تاکہ حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ نسبت پیدا کرسکو، جن کے ایمان و وفا کا اعتراف کرتے ہوئے قرآن نے شہادت دی ہے

وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤی۔

"اور وہ ابراہیمؑ جس نے (اپنے رب سے) وفاداری کا حق ادا کر دیا"

## حج کی عظمت و اہمیت

قرآن و سنت میں حج کی حکمت، دین میں حج کا مقام اور اس کی عظمت و اہمیت پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے، قرآن پاک کا ارشاد ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ [۵]

---

[۵] آل عمران آیت ۹۷

Marfat.com

"لوگوں پر اللہ کا یہ حق ہے کہ جو بیت اللہ تک پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو وہ اس کا حج کرے، اور جو اس حکم سے انکار وکفر کی روش اختیار کرے تو وہ جان لے کہ خدا جہاں والوں سے بے نیاز ہے"

اس آیت میں دو حقیقتوں کی طرف اشارہ ہے،

(۱) حج بندوں پر خدا کا حق ہے، جو لوگ بھی بیت اللہ تک جانے کی استطاعت رکھتے ہوں ان پر فرض ہے کہ وہ خدا کا یہ حق ادا کریں۔ جو لوگ استطاعت کے باوجود حج نہیں کرتے وہ ظالم خدا کا حق مارتے ہیں، آیت کے اسی فقرے سے حج کی فرضیت ثابت ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حج کی فرضیت کا اعلان اسی وقت ہوا تھا جب یہ آیت نازل ہوئی[۱]، اور صحیح مسلم میں اسی مفہوم کی ایک روایت ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"اے لوگو! تم پر حج فرض کر دیا گیا ہے، پس حج ادا کرو"

(۲) دوسری اہم حقیقت جس کی طرف یہ آیت متوجہ کرتی ہے، وہ یہ ہے کہ استطاعت کے باوجود حج نہ کرنا کافرانہ روش ہے۔ چنانچہ فرمایا گیا وَمَنْ كَفَرَ، جس طرح قرآن میں ترک صلوٰۃ کو ایک مقام پر مشرکانہ عمل قرار دیا گیا ہے[۲]، اسی طرح اس فقرے میں ترکِ حج کو کافرانہ رویّہ قرار دیا گیا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے،

---

[۱] جامع ترمذی کتاب الحج۔

[۲] وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ (الروم آیت ۳۱)
"نماز قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ"

"جس شخص کے پاس حج کا ضروری سامان موجود ہو اور سواری مہیا ہو جو اس کو خانۂ خدا تک پہنچا سکے، اور پھر وہ حج نہ کرے، تو کوئی فرق نہیں کہ وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر اور یہ اس لیے کہ خدا کا ارشاد ہے، وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا"

راوی کا مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کی استطاعت رکھنے کے باوجود حج نہ کرنے والوں کو یہود و نصاریٰ کے مانند قرار دیا ہے[1] تو یہ ایک ایسی مسلّم حقیقت ہے کہ خود قرآن میں بھی ایسے لوگوں کو یہی وعید سنائی گئی، بطور حوالہ راوی نے آیت کا صرف ابتدائی حصہ پڑھا ورنہ جس وعید کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے وہ آیت کے اس فقرے میں ہے،

☆ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ۔

"اور جو لوگ استطاعت کے باوجود کفر و انکار کی روش اختیار کریں وہ جان لیں کہ خدا کو سارے جہان کی پروا نہیں"

یعنی ترک حج کی کافرانہ روش اختیار کرنے والوں سے خدا بے نیاز ہے، اس کو ہرگز ایسے لوگوں کی پروا نہیں کہ وہ کس حال میں مرتے ہیں۔ یہ تنبیہ اور تہدید کا

---

[1] حج نہ کرنے والوں کو یہود و نصاریٰ کے مانند قرار دینے اور نماز نہ پڑھنے والوں کو مشرکوں کے عمل سے تشبیہ دینے میں حکمت یہ ہے کہ اہل کتاب حج کو بالکل ترک کر چکے تھے اور مشرکین حج تو کرتے تھے لیکن نماز کھو چکے تھے اس لیے ترک صلوٰۃ کو مشرکانہ عمل قرار دیا گیا اور ترک حج کو یہود و نصاریٰ کا عمل بتایا۔

Marfat.com

سخت ترین انداز ہے اور واقعہ یہ ہے کہ جس سے خدا تعالیٰ بے زاری اور بے نیازی کا اظہار فرمائے، وہ ایمان وہدایت سے کیونکر بہرہ مند ہو سکتا ہے۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا، "میرا پختہ ارادہ ہے کہ میں اِن شہروں میں (جو اسلامی حکومت میں شامل ہو چکے ہیں) کچھ لوگوں کو روانہ کروں جو جائزہ لے کر دیکھیں کہ کون لوگ حج کی استطاعت رکھنے کے باوجود حج نہیں کر رہے ہیں پھر ان پر جزیہ[1] مقرر کر دوں، یہ لوگ مسلم نہیں ہیں، یہ لوگ مسلم نہیں ہیں[2]"

مسلم اس شخص کو کہتے ہیں جو کامل طور پر خود کو اللہ کے حوالے کر دے، اور حج کی حقیقت بھی یہی ہے کہ آدمی اپنے آپ کو بالکلیہ خدا کے حوالے کر دے، پھر اگر یہ لوگ مسلم ہوتے تو حج کی سعادت سے کیوں محروم رہتے، اور استطاعت کے باوجود حج سے غفلت کیوں کر برتتے۔

## حج کی فضیلت وترغیب

حج کی اسی اہمیت کے پیشِ نظر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طرح طرح سے اس کی ترغیب دی ہے اور اس کی غیر معمولی فضیلت کو مختلف انداز سے واضح فرما کر اس کا شوق دلایا ہے، آپؐ کا ارشاد ہے،

(۱) "جو شخص بیت اللہ کی زیارت کے لیے آیا، پھر اس نے نہ تو کوئی

---

[1] حفاظتی ٹیکس جو غیر مسلم شہریوں سے ان کی جان ومال کی حفاظت کے بدلے میں وصول کیا جاتا ہے۔ [2] المنتقیٰ۔

فحش شہوانی عمل کیا، اور نہ خدا کی نافرمانی کا کوئی کام کیا، تو وہ (گناہوں سے ایسا پاک صاف ہو کر) لوٹے گا جیسا پاک صاف وہ اس دن تھا جس دن اس کی ماں نے اسے جنم دیا تھا"[1]

اور آپؐ نے ارشاد فرمایا

(۲) حج اور عمرہ کرنے والے خدا کے مہمان ہیں، وہ اپنے (میزبان) خدا سے دعا کریں تو وہ ان کی دعائیں قبول فرمائے اور وہ اس سے مغفرت چاہیں تو وہ ان کی مغفرت فرمائے"[2]

اور ارشاد فرمایا

(۳) "حج اور عمرہ پے بہ پے کرتے رہا کرو، کیونکہ حج اور عمرہ دونوں ہی فقر و احتیاج اور گناہوں کو اس طرح دور کر دیتے ہیں جس طرح بھٹی، لوہے اور سونے چاندی کے میل کچیل کو صاف کر کے دور کر دیتی ہے، اور "حج مبرور" کا اجر و صلہ تو بس جنت ہی ہے"[3]

"حج مبرور" سے مُراد وہ حج ہے جو پورے اخلاص و شعور اور آداب و شرائط کے ساتھ ادا کیا گیا ہو اور جس میں حج کرنے والے نے خدا کی نافرمانی سے بچنے کا پورا پورا اہتمام کیا ہو، نیز آپؐ نے ارشاد فرمایا

(۴) "جب کسی زائرِ حرم سے تمہاری ملاقات ہو تو اس سے پہلے، کہ وہ اپنے گھر میں پہنچے اس کو سلام کرو، اور اس سے مصافحہ کرو، اور اس سے درخواست

---

[1] بخاری، مسلم۔ [2] ابن ماجہ۔ [3] ترمذی، نسائی۔

Marfat.com

کرو کہ وہ تمہارے لیے خدا سے مغفرت کی دعا کرے اس لیے کہ اس کے گناہوں کی مغفرت کا فیصلہ کیا جا چکا ہے[1]"

(۵) حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا "حضور! میرا جسم بھی کمزور ہے اور میرا دل بھی" ارشاد فرمایا "تم ایسا جہاد کیا کرو، جس میں کانٹا بھی نہ لگے" سائل نے کہا "حضور! ایسا جہاد کون سا ہے جس میں کسی تکلیف اور گزند کا اندیشہ نہ ہو" ارشاد فرمایا "تم حج کیا کرو[2]"

(۶) حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک شخص میدان عرفات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بالکل قریب ہی اپنی سواری پر تھا، کہ یکایک سواری سے نیچے گرا اور انتقال کر گیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو غسل دے کر احرام ہی میں دفن کر دو، یہ قیامت کے روز تلبیہ[3] پڑھتا ہوا اُٹھے گا۔ اس کا سر اور چہرہ کھلا رہنے دو[4]"

(۷) حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام نے خدا سے التجا کی

---

[1] مسند احمد۔

[2] طبرانی۔

[3] دیکھیے اصطلاحات صفحہ ۵

[4] بخاری، مسلم۔

17076

کہ پروردگار! جو بندے تیرے گھر کی زیارت کرنے آئیں ان کو کیا اجر و ثواب عطا کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، اے داؤد! وہ میرے مہمان ہیں، ان کا یہ حق ہے کہ میں دنیا میں ان کی خطائیں معاف کر دوں اور جب وہ مجھ سے ملاقات کریں تو میں ان کو بخش دوں[1]۔"

---

[1] طبرانی۔

Marfat.com

# وجُوبِ حج کی شرطیں

وجوبِ حج کی شرطیں دس ہیں، ان میں سے کوئی ایک شرط بھی نہ پائی جائے تو حج واجب نہ ہوگا۔

## ۱۔ اسلام

غیر مسلموں پر حج واجب نہیں ہو سکتا۔

## ۲۔ عقل

مجنون، دیوانے اور مخبوط الحواس شخص پر حج واجب نہیں۔

## ۳۔ بلوغ

نابالغ بچوں پر حج واجب نہیں، کسی خوشحال آدمی نے بچپن ہی میں بلوغ سے پہلے حج کر لیا تھا تو اس سے فرض نہ ادا ہوگا بالغ ہونے کے بعد پھر فرض ادا کرنا ہوگا، بچپن کا حج نفلی حج ہوگا۔

## ۴۔ استطاعت

حج کرنے والا خوشحال ہو اور اس کے پاس اپنی ضرورتِ اصلیہ اور قرض سے محفوظ اتنا مال ہو جو راستے کے مصارف کے لیے بھی کافی ہو، اور حج سے واپس آنے تک اُس کے اُن متعلقین کے لیے بھی کافی ہو جن کا نان نفقہ شریعت کی رو سے اس پر واجب ہے۔

Marfat.com

## ۵- آزادی

غلام اور باندی پر حج واجب نہیں۔

## ۶- جسمانی صحت

یعنی کوئی ایسی بیماری نہ ہو جس میں سفر کرنا ممکن نہ ہو۔ لہٰذا لنگڑے، اپاہج، نابینا اور زیادہ بوڑھے شخص پر خود حج کرنا واجب نہیں، البتہ دوسری تمام شرطیں پائی جائیں تو دوسرے سے حج کرا سکتا ہے۔[1]

۷- کسی ظالم و جابر حکمران کی جانب سے جان کا خوف بھی نہ ہو اور آدمی کسی کی قید و بند میں بھی نہ ہو۔

## ۸- راستے میں امن و امان ہو

اگر راستے میں جنگ چھڑی ہوئی ہو، جہاز ڈوبے جا رہے ہوں، یا راستے میں ڈاکوؤں کا اندیشہ ہو، یا سمندر میں ایسی کیفیت ہو کہ جہاز اور کشتی کے لیے خطرہ ہو یا اور کسی قسم کے خطرات ہوں تو ان تمام صورتوں میں حج واجب نہیں ہوتا البتہ ایسے شخص کو یہ وصیت کر جانا چاہیئے کہ میرے بعد جب حالات سازگار ہوں تو میری جانب سے حج کر لیا جائے۔

یہ آٹھ شرطیں تو مرد اور عورت دونوں کے لیے ہیں، ان کے علاوہ دو شرطیں اور ہیں جو صرف خواتین کے لیے ہیں گویا خواتین پر حج واجب ہونے کے لیے دس شرطیں ہیں۔

---

[1] یہی صاحبین کا مسلک ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

Marfat.com

۹۔ سفرِ حج میں شوہر یا محرم کی معیت:۔ اس شرط کی تفصیل یہ ہے کہ اگر سفر تین شبانہ روز سے کم کا ہو تب تو خاتون کے لیے تنہا سفر کی اجازت ہے، لیکن سفر تین شبانہ روز سے زیادہ کا ہو تو پھر شوہر یا محرم کے بغیر سفرِ حج جائز نہیں ہے[۱] اور یہ بھی ضروری ہے کہ یہ محرم عاقل، بالغ، دیندار اور قابلِ اعتماد شخص ہو، نادان بچے یا فاسق ناقابلِ اعتماد شخص کے ساتھ سفر جائز نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ خواتین کو وجوبِ حج کی چوتھی شرط میں یہ بھی پیشِ نظر رکھنا چاہیئے کہ سفرِ حج میں ساتھ جانے والے محرم کے مصارفِ سفر کی ذمہ داری بھی حج کو جانے والی خاتون پر ہی ہو گی[۲]۔

---

[۱] جس خاتون کا شوہر نہ ہو اور کوئی ایسا محرم بھی نہ ہو جس کے ساتھ سفرِ حج میں جا سکے تو پھر وہ ان رفقار سفر کے ساتھ سفر کر سکتی ہے، جن کی اخلاقی حالت قابلِ اطمینان ہو، یہ امام مالک اور امام شافعی رح کا مسلک ہے، اور "قابلِ اطمینان رفقار سفر" کی تشریح امام شافعیؒ نے اس طرح فرمائی ہے، "چند خواتین بھروسے کے قابل ہوں اور وہ اپنے محرموں کے ساتھ جارہی ہوں تو ایک بے شوہر اور بے محرم خاتون ان کے ساتھ جا سکتی ہے، البتہ صرف ایک خاتون کے ساتھ اُسے نہ جانا چاہیئے"۔ امام شافعی رح کی یہ رائے بڑی معتدل ہے اس میں ایک بے شوہر اور بے محرم خاتون کے لیے فریضۂ حج کے ادا کرنے کی گنجائش بھی ہے اور اس فتنے کا احتمال بھی نہیں ہے جس کی وجہ سے خاتون کے لیے بلا محرم سفر کی ممانعت ہے۔

[۲] ونفقۃ المحرم علیھا لانھا تتوسّلُ بہ الی ادا ءِ الحج، ہدایہ جلد اوّل۔

Marfat.com

۱۰۔ حالتِ عدّت میں نہ ہونا، خواہ عدّت وفات کی ہو یا طلاق کی ہر حال میں دورانِ عدّت حج واجب نہ ہوگا[1]

---

[1] فلا تخرج المرأة الی الحج فی عدة طلاق او موت، عالمگیری جلد اول ص ۱۴۱

Marfat.com

# صحتِ حج کی شرطیں

صحتِ حج کی چار شرطیں ہیں، ان شرائط کے ساتھ حج کیا جائے تو حج صحیح اور معتبر ہوگا ورنہ نہیں۔

## ۱۔ اسلام

اسلام حج کے وجوب کی بھی شرط ہے اور صحت کی بھی، اگر کوئی غیر مسلم حج کے ارکان ادا کرلے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ اس کو ایمان لانے کی توفیق بخش دے تو اس کا وہ حج کافی نہیں ہوگا جو اس نے اسلام لانے سے پہلے کیا تھا، اس لیے کہ حج صحیح ہونے کے لیے ضروری ہے کہ حج کرنے والا مسلم ہو۔

## ۲۔ عقل و ہوش

ناسمجھ اور دیوانے شخص کا حج صحیح نہیں۔

۳۔ سارے ارکان مقررہ ایام، مقررہ اوقات اور مقررہ مقامات میں ادا کرنا۔

حج کے مہینے یہ ہیں ۱۔ شوال، ذوالقعدہ، اور ذوالحجہ کا پہلا عشرہ، اسی طرح حج کے سارے ارکان ادا کرنے کے لیے اوقات بھی مقرر ہیں، مقامات بھی مقرر ہیں، اس کے خلاف ارکان حج ادا کیے جائیں گے تب بھی حج صحیح نہ ہوگا۔

۴۔ مفسداتِ حج سے بچنا اور حج کے سارے ارکان و فرائض ادا کرنا۔ اگر حج کا کوئی رکن ادا کرنے سے رہ گیا یا چھوڑ دیا تب بھی حج صحیح نہ ہوگا۔

# حج کے احکام

۱۔ حج فرض ہونے کی ساری شرطیں موجود ہوں تو حج زندگی میں ایک بار فرض ہے، حج فرض عین ہے اور اس کی فرضیت قرآن و حدیث سے صاف صاف ثابت ہے، جو شخص حج کی فرضیت کا انکار کرے، وہ کافر ہے، اور جو شخص شرائطِ وجوب پائے جانے کے باوجود حج نہ کرے وہ گنہگار اور فاسق ہے۔

۲۔ حج فرض ہو جانے کے بعد فوراً اسی سال ادا کرلینا چاہیے۔ فرض ہو جانے کے بعد بلا وجہ تاخیر کرنا اور ایک سال سے دوسرے سال پر ٹالنا گناہ ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

"جو شخص حج کا ارادہ کرے اُسے جلدی کرنا چاہیئے ہو سکتا ہے کہ وہ بیمار پڑ جائے یا اونٹنی گم ہو جائے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی اور ضرورت پیش آجائے"[1]

اونٹنی گم ہونے سے مُراد یہ ہے کہ سفر کے ذرائع باقی نہ رہیں، راستہ پُر امن نہ رہے، یا اور کوئی ایسی ضرورت پیش آجائے کہ پھر حج کرنے کا امکان نہ رہے اور آدمی فرض کا بوجھ لیے ہوئے خدا کے حضور حاضر ہو، حالات کی سازگاری یا

---

[1] ابن ماجہ۔

Marfat.com

زندگی کا کیا اعتبار، آخر کس بھروسے پر آدمی تاخیر کرے، اور جلد حج کر لینے کے بجائے ٹالتا چلا جائے۔

۳- فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے جن لوگوں سے اجازت لینا شرعاً ضروری ہے، مثلاً کسی کے والدین ضعیف یا بیمار ہوں اور اُس کی مدد کے محتاج ہوں، یا کوئی شخص کسی کا مقروض ہو یا ضامن ہو تو ایسی صورت میں ان سے اجازت لیے بغیر حج کرنا مکروہ تحریمی ہے۔[1]

۴- حرام ذرائع سے کمائے ہوئے مال سے حج کرنا حرام ہے۔

۵- جو شخص احرام باندھے بغیر میقات کے اندر داخل ہو جائے، اس پر حج واجب ہے۔

۶- حج فرض ہو جانے کے بعد کسی نے تاخیر کی، اور پھر وہ معذور ہو گیا، نابینا، اپاہج یا سخت بیمار ہو گیا اور سفرِ حج کے قابل نہ رہا تو وہ اپنے مصارف سے دوسرے کو بھیج کر حجِ بدل[2] کرائے۔

---

[1] علم الفقہ، جلد ۵۔

[2] حج بدل کا بیان صفحہ پر دیکھیے

Marfat.com

# میقات اور اس کے احکام

۱۔ میقات سے مُراد وہ خاص اور متعین مقام ہے جس پر احرام باندھے بغیر مکہ مکرمہ جانا جائز نہیں، کسی بھی غرض سے کوئی مکہ مکرمہ جانا چاہتا ہو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ میقات پر پہنچ کر احرام باندھ لے۔ احرام باندھے بغیر میقات سے آگے بڑھنا مکروہ تحریمی ہے[1]

۲۔ مختلف ممالک کے رہنے والوں اور ان ممالک کی طرف سے آنے والوں کے لیے پانچ میقات مقرر ہیں۔

(۱) ذُوالحُلَیفَہ

یہ مدینے کے رہنے والے لوگوں کے لیے میقات ہے اور ان لوگوں کے لیے بھی جو اس راستے سے مکہ مکرمہ میں آنا چاہیں۔ یہ مقام مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ آتے ہوئے، تقریباً آٹھ، نو کلو میٹر کے فاصلہ پر ہے اور یہاں سے مکہ کا فاصلہ تقریباً ڈھائی سو کلو میٹر ہو گا۔ یہ میقات مکہ سے تمام میقاتوں کے مقابلے میں زیادہ فاصلے پر ہے اور مدینے والوں کا یہ حق بھی ہے اس لیے کہ ہمیشہ سے مدینے والوں نے راہِ حق میں زیادہ قربانیاں دی ہیں۔

---

[1] علم الفقہ، جلد ۵۔

## (۲) ذاتِ عرق

یہ عراق اور عراق کی سمت سے آنے والوں کے لیے میقات ہے، یہ مکہ معظمہ سے شمال مشرق کی جانب مکہ سے تقریباً اسّی کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔

## (۳) جُحْفَہ

یہ ملک شام اور شام کی سمت سے آنے والے لوگوں کے لیے ہے، یہ مکہ سے مغرب کی جانب تقریباً ایک سو اسّی کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔

## (۴) قرن المنازل

مکہ معظمہ سے مشرق کی طرف جانے والے راستے پر ایک پہاڑی مقام ہے، جو مکے سے اندازاً پچاس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے، یہ اہلِ نجد کے لیے میقات ہے اور ان لوگوں کے لیے جو اس راستے سے ہو کر آتے ہوں۔

## (۵) یلملم

مکہ مکرمہ سے جنوب مشرق کی جانب یمن سے آنے والے راستے پر ایک پہاڑی مقام ہے جو مکہ معظمہ سے تقریباً ساٹھ کلومیٹر کی دوری پر ہے، یہ یمن اور یمن کی سمت سے آنے والے لوگوں کے لیے میقات ہے، اہلِ ہند اور اہلِ پاکستان کو بھی اسی میقات پر احرام باندھنا ہوتا ہے۔

یہ میقات خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمائے ہیں، جیسا کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے، اور یہ مواقیت اُن لوگوں کے لیے ہیں جو ان مواقیت سے باہر کے رہنے والے ہیں اور جن کو اصطلاح میں آفاقی کہتے ہیں۔ رہے وہ لوگ جو میقات کے اندر رہتے ہیں، اگر وہ حدودِ

Marfat.com

حرم میں رہتے ہیں تو اُن کے لیے حرم ہی میقات ہے اور اگر حدود حرم سے باہر حل میں رہتے ہیں تو اُن کے لیے حِل میقات ہے البتہ حرم کے رہنے والے بھی عمرے کے لیے احرام باندھیں تو اُن کے لیے میقات حِل ہے حرم نہیں۔

# حج کے فرائض

حج میں چار باتیں فرض ہیں، ان میں سے کوئی بات بھی چھوٹ جائے تو حج ادا نہ ہو گا۔

۱۔ اِحرام:۔ یہ حج کے لیے شرط بھی ہے اور حج کا رُکن بھی ہے۔

۲۔ وقوفِ عرفات:۔ خواہ چند ہی لمحے کے لیے ہو۔

۳۔ طوافِ زیارت:۔ اس کے پہلے چار شوط فرض ہیں اور بعد کے تین شوط واجب۔

۴۔ ان تینوں فرائض کو مقررہ مقامات، مقررہ اوقات میں متعین ترتیب کے مطابق ادا کرنا۔

## اِحرام اور اس کے مسائل

۱۔ حج کی نیت کر کے حج کا لباس پہننے اور تلبیہ پڑھنے کو اِحرام کہتے ہیں۔ حج کی نیت کر کے تلبیہ پڑھ لینے کے بعد آدمی مُحرم ہو جاتا ہے، جس طرح نماز میں تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد آدمی نماز میں داخل ہو جاتا ہے اور کھانا پینا، چلنا پھرنا وغیرہ اس کے لیے حرام ہو جاتا ہے اِسی طرح (اِحرام باندھ لینے کے بعد حج شروع ہو جاتا ہے اور بہت سی چیزیں جن کا کرنا احرام سے پہلے جائز اور مباح تھا، حالتِ اِحرام میں ان کا کرنا حرام اور ممنوع

Marfat.com

ہو جاتا ہے، اِسی لیے اس کو اِحرام کہتے ہیں)۔

۲۔ کسی بھی مقصد سے مکے جانا ہو، سیر و سیاحت کے لیے ہو یا تجارت کے لیے یا کسی اور مقصد سے ہو، بہر حال یہ ضروری ہے کہ میقات پر پہنچ کر احرام باندھ لیا جائے، احرام باندھے بغیر میقات سے آگے نکل جانا مکروہ تحریمی ہے۔

۳۔ اِحرام کے لیے اِحرام باندھنے سے پہلے غسل کرنا سُنّتِ مؤکدہ ہے، نابالغ بچوں کے لیے بھی غسل کرنا مسنون ہے، اور خواتین اگر حالتِ حیض و نفاس میں ہوں تب بھی غسل کرنا مسنون ہے، ہاں اگر غسل کرنے میں دشواری ہو یا کسی تکلیف کا اندیشہ ہو تو پھر وضو ہی کر لینا چاہیئے۔ یہ غسل یا وضو محض صفائی ستھرائی کے لیے ہے، طہارت اور پاکی حاصل کرنے کے لیے نہیں ہے۔ اس لیے پانی نہ ہونے کی صورت میں اس کے بجائے تیمم کرنے کی ضرورت نہیں۔

۴۔ اِحرام کے لیے غسل کرنے سے پہلے سر وغیرہ کے بال بنوانا، ناخن کترولینا اور سفید چادر اور سفید تہمد استعمال کرنا اور خوشبو لگانا مستحب ہے۔

۵۔ میقات پر پہنچنے سے پہلے بھی احرام باندھنا جائز ہے، اور اگر احرام کے آداب کا پاس و لحاظ ہو سکے تو افضل ہے، اور میقات پر پہنچنے کے بعد تو احرام باندھ لینا واجب ہے۔

## ۶۔ حالتِ اِحرام میں ممنوع کام

ان میں سے بعض کام تو وہ ہیں جن کا کرنا ہر حالت میں ممنوع اور گناہ ہے، لیکن احرام میں ان کا ارتکاب اور زیادہ بُرا ہے۔

(۱) جنسی افعال میں مبتلا ہونا، یا جنسی گفتگو کرنا، اپنی بیوی سے بھی اس طرح

Marfat.com

کی گفتگو سے لذت اندوز ہونا ممنوع ہے۔

(۲) خدا کی نافرمانی اور گناہ میں مبتلا ہونا۔

(۳) لڑائی جھگڑا اور گالی گلوج کرنا سخت کلامی سے بھی پرہیز کرنا چاہیئے۔

(۴) جنگلی جانور کا شکار کرنا، نہ صرف خود شکار کرنا حرام ہے بلکہ شکار کرنے والے کے ساتھ کسی قسم کا تعاون کرنا، یا شکار کرانے میں اس کی رہنمائی کرنا یا شکار کی طرف اشارہ کرنا بھی ممنوع ہے۔

(۵) سِلے ہوئے کپڑے مثلاً، قمیص، پاجامہ، شیروانی، کوٹ، پتلون، ٹوپی، موزہ، دستانے، بنیان وغیرہ پہننا۔

خواتین کے لیے جائز ہے کہ شلوار، قمیص پہن لیں، موزے بھی پہن سکتی ہیں اور چاہیں تو زیور بھی استعمال کر سکتی ہیں۔

(۶) شوخ اور خوشبودار رنگ میں رنگے ہوئے کپڑے پہننا۔ خواتین ریشمی کپڑے پہن سکتی ہیں اور رنگین کپڑے بھی، البتہ رنگ خوشبودار نہ ہونا چاہیئے۔

(۷) سر اور چہرے کا چھپانا، خواتین ضرورت کے وقت کسی پنکھے اور چادر وغیرہ سے آڑ کر لیں تو جائز ہے۔

(۸) سر اور داڑھی وغیرہ کا خطمی یا صابون وغیرہ سے دھونا۔

(۹) جسم کے کسی بھی حصّے کے بال منڈوانا۔ یا کسی بھی دوا یا بال صفا پاؤڈر وغیرہ سے بال صاف کرنا، یا اکھاڑنا، یا جلانا۔

(۱۰) ناخن کاٹنا، یا پتھر وغیرہ پر گھِس کر صاف کرنا۔

(۱۱) خوشبو کا استعمال کرنا۔

Marfat.com

(۱۲) تیل کا استعمال کرنا۔

## ۷۔ حالتِ احرام میں جائز کام

اوپر جن ممنوع باتوں کا ذکر کیا گیا ان کے علاوہ ساری باتیں جائز ہیں چند باتیں بطور مثال لکھی جاتی ہیں:۔

(۱) کسی چیز کے سائے میں آرام لینا۔

(۲) نہانا اور سر دھونا، مگر صابون وغیرہ سے نہ دھوئے۔

(۳) بدن یا سر کھجانا۔ البتہ احتیاط کی جائے کہ بال نہ ٹوٹیں اور اگر سر میں جوئیں ہو گئی ہوں تو وہ نہ گریں۔

(۴) اپنے پاس رقم رکھنا یا کمر میں ہتھیار یا رقم وغیرہ باندھنا۔

(۵) خالی اوقات میں تجارت کرنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں، قرآن میں ہے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ۔

"دورانِ حج میں اگر تم اپنے پروردگار کا فضل بھی تلاش کرتے جاؤ تو کوئی مضائقہ نہیں"

(۶) اِحرام کے کپڑے بدلنا اور ان کو دھونا۔

(۷) انگوٹھی اور گھڑی وغیرہ پہننا۔

(۸) سُرمہ لگانا، مگر سرمہ خوشبودار نہ ہو۔

(۹) ختنہ کرانا۔

(۱۰) نکاح کرنا۔

(۱۱) موذی جانوروں کو مارنا۔ مثلاً چیل، کوّا، چوہا، سانپ، بچھو، شیر، چیتا، بھیڑیا، کتّا وغیرہ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"حرم میں اور احرام کی حالت میں پانچ قسم کے جانوروں کو مارنے میں کوئی مضائقہ نہیں، چوہا، کوّا، چیل، بچھو اور حملہ کرنے والا کتا" (یعنی درندہ)۔

(۱۲) بحری شکار کرنا بھی جائز ہے اور اگر کوئی غیر محرم اپنے لیے خشکی کا شکار مار کر محرم کو تحفے میں دے تو اس کا کھانا بھی جائز ہے۔

## ۸۔ احرام کا طریقہ

اچھی طرح بال ناخن وغیرہ بنوا کر اور غسل کر کے، خوشبو لگائے اور احرام کے کپڑے یعنی ایک چادر اور ایک تہبند زیب تن کر لے پھر دو رکعت نفل نماز پڑھ کر حج[۱] یا عمرے کی نیت کر کے تلبیہ پڑھے تلبیہ پڑھتے ہی احرام بندھ جاتا ہے اور وہ شخص محرم ہو جاتا ہے۔ تلبیہ کے بجائے اگر قربانی کا اونٹ مکے کی طرف روانہ کر دے تو وہ "تلبیہ" کے قائم مقام ہو جائے گا۔

---

[۱] اگر مفرد ہو تو خالی حج کی نیت کرے، قارن ہو تو حج اور عمرہ دونوں کی نیت کرے، اور متمتع ہو تو پہلے عمرے کی نیت کر کے عمرہ کرے اور عمرے سے فارغ ہو کر حج کی نیت کرے، مفرد، قارن، متمتع کے لیے دیکھیے، اصطلاحات صفحہ

Marfat.com

# تلبیہ اور اُس کے مسائل

حج کی نیت کرتے ہی زائرِ حرم جو کلمات کہتا ہے اس کو تلبیہ کہتے ہیں، تلبیہ یہ ہے:۔

لَبَّیْكَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ

"میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں، (تیری پکار پر) تیرے حضور حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، یہ حقیقت ہے کہ حمد و شکر کا مستحق تو ہی ہے، احسان و انعام تیرا ہی کام ہے، اقتدار تیرا ہی حق ہے، تیرے اقتدار میں کوئی شریک نہیں۔"

۱۔ احرام باندھنے کے بعد ایک بار تلبیہ کہنا فرض ہے، اور ایک بار سے زیادہ کہنا سنت ہے۔

۲۔ احرام باندھنے کے بعد سے دسویں تاریخ کو پہلے جمرے کی رمی تک برابر تلبیہ کا وِرد رکھے، ہر نشیب میں اُترتے وقت، ہر بلندی پر چڑھتے وقت ہر قافلے سے ملتے وقت، ہر نماز سے فارغ ہونے کے بعد اور ہر صبح و شام تلبیہ پڑھتا رہے۔

۳۔ تلبیہ بلند آواز سے پڑھنا مسنون ہے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:۔

Marfat.com

"میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں نے خدا کی طرف سے مجھے یہ فرمان پہنچایا کہ میں اپنے ساتھیوں کو حکم دے دوں کہ وہ بلند آواز سے تلبیہ پڑھیں[۵]"

۴۔ جب بھی تلبیہ کہے تو تین بار کہے، تین بار تلبیہ کہنا مستحب ہے۔

۵۔ تلبیہ کہتے وقت گفتگو کرنا مکروہ ہے، البتہ سلام کا جواب دینے کی اجازت ہے۔

۶۔ جو شخص تلبیہ کہہ رہا ہو اس کو سلام نہ کرنا چاہیے، تلبیہ کہنے والے کو سلام کرنا مکروہ ہے۔

۷۔ تلبیہ کے بعد درود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

## تلبیہ کی حکمت اور فضیلت

تعمیرِ کعبہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا،

"اور لوگوں کو حج کے لیے عام منادی کرا دو کہ وہ تمہارے پاس دُور

---

[۵] موطا مالک، ترمذی، ابو داؤد وغیرہ، مگر خواتین کے لیے مسنون یہ ہے کہ تلبیہ پڑھنے میں اپنی آواز بلند نہ کریں، ہدایہ میں ہے، ولا ترفع صوتہا بالتلبیۃ لما فیہ من الفتنۃ ولا ترمل ولا تسعیٰ بین المیلین لانہ مخل لسترۃ العورۃ (کتاب الحج) یعنی خاتون تلبیہ کہنے میں اپنی آواز بلند نہ کرے، اس لیے کہ اس میں فتنے کا اندیشہ ہے، اور نہ رمل کرے اور نہ سعی اس لیے کہ دوڑنے سے اس کی پردہ پوشی میں خلل پڑے گا۔

Marfat.com

دراز سے پیدل اور اونٹوں پر سوار ہو کر آئیں ''

دراصل تلبیہ خدا کی اس عام منادی اور پکار کا بندوں کی طرف سے جواب ہے، کہ پروردگار ہم نے تیری پکار سُنی اور تیری طلبی پر تیرے حضور تیرے دربار میں حاضر ہیں، زائر حرم رہ رہ کر بار بار یہ صدا لگاتا ہے تو درحقیقت وہ کہتا ہے کہ پروردگار تو نے ہمیں اپنے گھر میں حاضری کا حکم دیا، اور ہم صرف تیری محبت میں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر دیوانہ وار حاضر ہو گئے۔ ہم تیرے اس احسان اور توفیق کا شکر ادا کرتے ہیں، تیری توحید کا اقرار کرتے ہیں، یہ صدا مومن کے رگ و پے میں توحید کے عقیدے کو پیوست کرتی ہے، اور اُسے تیار کرتی ہے کہ اس کے وجود کا مقصد دنیا میں صرف یہ ہے کہ وہ توحید کا پیغام عام کرے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبیہ کی فضیلت بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا

''جب بھی کوئی مسلمان بندہ لبیک کی صدا لگاتا ہے تو اس کے ساتھ وہ ساری چیزیں لبیک پکار اٹھتی ہیں جو اس کے آس پاس موجود ہیں خواہ وہ پتھر، درخت، اور مٹی کے ڈھیلے ہی ہوں یہاں تک کہ یہ زمین اِدھر سے بھی ختم ہو جاتی ہے اور اُدھر سے بھی یعنی یہ سلسلہ پوری زمین پر بھی پھیل جاتا ہے۔[1] ''

نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

''جو مُحرم بھی پورے دن لبیک لبیک پکارتا ہے یہاں تک کہ سورج

---

[1] جامع ترمذی۔

غروب ہو جائے تو اس کے سارے گناہ فناہ ہو جاتے ہیں اور وہ ایسا پاک صاف ہو جاتا ہے جیساکہ اس کی ماں نے اُسے جنم دیا تھا۔"

## تلبیہ کے بعد کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رِضْوَانَكَ وَالْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنَ النَّارِ۔

"اے اللہ! میں تجھ سے تیری رضا اور جنت کا بھکاری ہوں اور تیرے دامنِ رحمت میں دوزخ کی آگ سے پناہ ڈھونڈتا ہوں۔"

"حضرت عمارہ بن خزیمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب (احرام باندھنے کے لیے) تلبیہ پڑھتے تو تلبیہ پڑھنے کے بعد اللہ سے اس کی رضا اور جنت کا سوال کرتے اور اس کی رحمت کے طفیل جہنم کی آگ سے پناہ مانگتے۔"[1]

احرام کے بعد زائرِ حرم جو دعا چاہے مانگے اور خوب مانگے لیکن پہلے اس مسنون دُعا کا اہتمام ضرور کرے، یہ بڑی جامع دعا ہے، خدا کی رضا اور جنت کا حصول اور آتشِ جہنم سے نجات یہی مومن کی انتہائی تمنا اور اس کی دوڑ دھوپ کا حاصل ہے۔

---

[1] مسند الشافعی رح۔

Marfat.com

# وقوف اور اس کے مسائل

۱۔ وقوف کے معنی ہیں کھڑا ہونا اور ٹھیرنا، حج کے دوران تین مقامات پر وقوف کرنا ہوتا ہے اور تینوں کے احکام مختلف ہیں، نیز وقوف کا عمل کرنے کے لیے ان مقامات میں پہنچ جانا ضروری ہے، وقوف کی نیت کرنا اور کھڑا ہونا ضروری نہیں[1]

۲۔ سب سے اہم وقوف وقوفِ عرفات ہے، عرفات ایک نہایت وسیع اور کشادہ میدان ہے، حرم کی حدود جہاں ختم ہوتی ہیں وہیں سے عرفات کا علاقہ شروع ہو جاتا ہے، یہ میدان مکہ مکرمہ سے تقریباً ۱۵ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ میدانِ عرفات میں وقوف، حج کے ارکان میں سے سب سے بڑا رکن ہے، بلکہ ایک موقع پر تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وقوفِ عرفات ہی کو حج فرمایا ہے۔ آپؐ کا ارشاد ہے۔

اَلْحَجُّ عَرَفَةُ[2]

"عرفے میں وقوف ہی حج ہے۔"

---

[1] اہل حدیث کے نزدیک وقوف کی نیت کرنا شرط ہے۔

[2] جامع ترمذی۔

Marfat.com

عرفے کے دن جب میدانِ عرفات میں لاکھوں انسان ایک ہی لباس پہنے اپنے خدا کے حضور عجز و احتیاج کی تصویر بنے کھڑے ہوتے ہیں تو اتنے وقت کے لیے انسان اس دنیا سے اٹھ کر گویا میدانِ حشر میں پہنچ جاتا ہے، یہ بڑا ہی ایمان افروز منظر ہوتا ہے۔

میدانِ عرفات میں وقوف کر کے در اصل میدانِ حشر کی یاد تازہ ہوتی ہے۔

وقوفِ عرفات کی اہمیت یہ ہے کہ اگر کسی وجہ سے حاجی ۹ ر ذوالحجہ کو دن میں یا اس دن کے بعد والی رات میں کسی وقت بھی عرفات میں نہ پہنچ سکا تو اس کا حج نہ ہوگا۔ حج کے دوسرے مناسک طواف، سعی، رمی وغیرہ رہ جائیں تو ان کی تلافی ممکن ہے لیکن وقوفِ عرفہ رہ جائے تو اس کی تلافی کی کوئی صورت نہیں۔

۳۔ وقوفِ عرفات کا وقت ۹ ر ذوالحجہ کو بعدِ زوال، ظہر و عصر کی نماز پڑھنے کے بعد ہے، لیکن چونکہ یہ حج کا رُکنِ اعظم ہے اور اسی پر حج کا دار و مدار ہے اس لیے اس کے وقت میں کشادگی کر کے سہولت دی گئی ہے کہ اگر کوئی شخص ۹، ۱۰ ر ذوالحجہ کی درمیانی شب میں صبحِ صادق سے پہلے پہلے کسی وقت بھی لمحے بھر کے لیے عرفات پہنچ جائے تو اس کا وقوف معتبر ہوگا اور اس کا حج ادا ہو جائے گا[1]۔

۴۔ وقوفِ عرفات جتنا زیادہ طویل ہو اچھا ہے، اس شعور اور تصوّر کے ساتھ خدا کے حضور کھڑا ہونا، کہ گویا میدانِ حشر ہے اور میں سب سے بے تعلق تنہا اپنا معاملہ

---

[1] حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا "حج وقوفِ عرفہ ہی ہے، جو شخص مزدلفہ والی رات میں طلوعِ فجر سے پہلے پہنچ گیا اس نے حج پالیا۔" (ترمذی، ابوداؤد)

Marfat.com

چھکانے کے لیے اور اس سے رحم و کرم کی بھیک مانگنے کے لیے سراپا احتیاج، اس کے حضور کھڑا ہوں، مومن کی زندگی کا سب سے قیمتی وقت ہے، اور کیا معلوم زندگی میں پھر یہ سعادت نصیب ہوتی ہے یا نہیں، اس لیے ایمان و احتساب کی قوتوں کو زندہ رکھتے ہوئے پورے شعور کے ساتھ اس روز و شب کے ایک ایک لمحے کی اہمیت کو محسوس کرنا چاہیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے

"پھر (ظہر اور عصر کی نماز پڑھنے کے بعد) آپؐ (اپنی ناقہ قصواء پر) سوار ہوئے اور میدانِ عرفات میں خاص وقوف کی جگہ پر آئے اور آپؐ نے اپنی اونٹنی قصواء کا رُخ اُدھر کر دیا جدھر پتھر کی بڑی بڑی چٹانیں ہیں اور پیدل مجمع کو اپنے سامنے کرکے آپؐ قبلہ رُو ہو گئے اور وہیں کھڑے رہے یہاں تک کہ آفتاب غروب ہونے کا وقت آ گیا، اور آفتاب کی زردی بھی ختم ہو گئی یہاں تک کہ آفتاب بالکل غروب ہو گیا تو آپؐ (مزدلفہ کے لیے) روانہ ہوئے"[1]

۵۔ وقوفِ عرفات کی اہمیت اور فضیلت بتاتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

"(سال کے ۳۶۰ دنوں میں) کوئی دن ایسا نہیں ہے جس میں اللہ عرفہ کے دن سے زیادہ وسیع پیمانے پر اپنے بندوں کو جہنم کی آگ

---

[1] مسلم۔

سے رہائی بخشتا ہو، اس دن اللہ اپنے بندوں کے بہت قریب آجاتا ہے اور فرشتوں کے سامنے اپنے بندوں پر فخر کرتے ہوئے ان سے کہتا ہے، فرشتو! دیکھتے ہو یہ بندے کیا چاہتے ہیں؟[1]"

"حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میدانِ عرفات میں وقوف فرمایا، آفتاب غروب ہونے ہی کو تھا کہ آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اشارہ کیا کہ لوگوں کو خاموش کر دو، حضرت بلال رضؓ نے لوگوں سے کہا "خاموش ہو جاؤ" تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا، لوگو! ابھی ابھی میرے پاس جبریلؑ آئے تھے، انہوں نے مجھے خدا کا سلام اور یہ پیغام پہنچایا کہ "اللہ نے تمام عرفات والوں کو بخش دیا" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہؐ! یہ پیغام ہم صحابہ کے لیے خاص ہے یا ساری امت کے لیے ہے۔

حضورؐ نے فرمایا

"یہ تمہارے لیے ہے اور ان سارے لوگوں کے لیے ہے جو تمہارے بعد یہاں آئیں[2]"

## ۶۔ میدانِ عرفات کی دعائیں

میدانِ عرفات میں دعاؤں کا خاص طور سے اہتمام کرنا چاہیئے اور وہاں کے وقوف میں مسلسل خدا کی طرف متوجہ رہنا چاہیئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "سب سے بہتر اور افضل دعا عرفے کے دن کی دعا ہے" ذیل میں چند

---

[1] مسلم۔ [2] الترغیب۔

Marfat.com

مسنون دعائیں نقل کی جاتی ہیں۔

(۱) میدانِ عرفات میں آپؐ نے یہ دعا کثرت سے مانگی ہے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَالَّذِیْ تَقُوْلُ وَخَیْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ لَکَ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ وَاِلَیْکَ مَاٰبِیْ وَلَکَ رَبِّ تُرَاثِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَوَسْوَسَۃِ الصَّدْرِ وَشَتَاتِ الْاَمْرِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَجِیْءُ بِهِ الرِّیْحُ[۱]

"اے اللہ! تو ایسی ہی حمد و تعریف کا مستحق ہے، جیسی تو نے خود اپنی تعریف فرمائی ہے اور اُس سے بہتر تعریف کا مستحق ہے جیسی ہم کر سکتے ہیں۔ اے اللہ! تیرے ہی لیے ہے میری نماز اور میری قربانی، میری موت اور میری زندگی، اور تیری ہی طرف مجھے لوٹ کر آنا ہے۔ اے اللہ! مَیں تیری پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے، دلوں میں پیدا ہونے والے وسوسوں سے معاملات کی خرابی اور خلفشار سے اور اے اللہ! مَیں تیری پناہ میں آتا ہوں ان آفتوں سے جنہیں ہوائیں لے کر آئیں"

(۲) الحزب القبول میں ایک نہایت جامع دُعا منقول ہے۔ اس کا اہتمام بھی باعثِ برکت ہے،

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَکَ بِهٖ نَبِیُّکَ

---

[۱] ترمذی۔

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ بِهٖ نَبِيُّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۔ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ، رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابِ ٥ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ٥ رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

"اے اللہ! میں تجھ سے اس بھلائی کا طالب ہوں جو تجھ سے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہے، اور ان ساری چیزوں کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، جن کے شر سے تیرے نبیؐ نے تیری پناہ ڈھونڈی ہے، پروردگار! ہم نے اپنی جانوں پر بڑا ہی ظلم کیا ہے، اور اگر تو ہماری مغفرت نہ فرمائے، اور ہم پر رحم نہ کھائے تو ہم ان میں سے ہیں جو سراسر گھاٹے میں ہیں،

اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد کو بھی اس کی توفیق دے۔ پروردگار! ہماری دُعا کو شرفِ قبول عطا فرما! پروردگار! میری مغفرت فرما دے، میرے والدین کی مغفرت فرما دے، اور اس روز

Marfat.com

سارے ہی مسلمانوں کو بخش دے جس روز حساب کتاب ہوگا۔

اے میرے رب! میرے ماں باپ دونوں پر رحم فرما، جس طرح دونوں نے میرے بچپن میں (رحم وشفقت کے ساتھ) میری پرورش کی ہے، پروردگار! ہماری مغفرت فرما، اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما جو ایمان لانے میں ہم سے سبقت لے گئے ہیں اور ہمارے دلوں میں ان کے خلاف کوئی کینہ کپٹ نہ ہونے دے، جو ایمان لائے، ہمارے پروردگار! بلاشبہ تو بہت ہی مہربان اور بڑا رحم کرنے والا ہے، پروردگار! بے شک تو سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے، تو ہماری توبہ قبول فرما بے شک تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا ہے اور بہت زیادہ رحم کھانے والا ہے، معصیت سے بچنے کی کوئی طاقت اور فرماں برداری کی استطاعت کہیں سے حاصل نہیں ہو سکتی سوائے اللہ کے جو بہت ہی بلند اور بڑی ہی عظمت والا ہے۔"

(۳) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی کہ میدانِ عرفات میں یہ دُعا کثرت سے کرتے رہو۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ[۵]

"اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا کر اور آخرت میں

---

[۵] البقرہ آیت ۲۰۱۔

Marfat.com

بھی بھلائی دے اور ہمیں جہنم کی آگ سے بچا۔"

ان مسنون دعاؤں کے علاوہ کچھ اور مسنون دعائیں بھی ہیں جو پڑھی جا سکتی ہیں اور ان کے علاوہ بھی آدمی دُنیا اور آخرت کی بھلائی کی جو دعائیں مانگنا چاہے مانگے اور خوب مانگے، اس لیے کہ اس وقت خدا بندے پر بہت ہی مہربان ہوتا ہے، اور اپنے مہمان کو محروم نہیں کرتا۔

۶۔ مزدلفے میں وقوف واجب ہے اور مزدلفے کے حدود میں پاپیادہ داخل ہونا مسنون ہے، مزدلفے میں وقوف کا وقت طلوعِ فجر سے شروع ہو کر طلوعِ آفتاب تک رہتا ہے۔ اگر طلوعِ فجر سے پہلے وقوف کیا، یا طلوعِ آفتاب کے بعد کیا تو یہ وقوف معتبر نہ ہوگا۔

۷۔ مزدلفہ میں وقفے وقفے سے تلبیہ، تہلیل اور تحمید کہنا مستحب ہے، اور مزدلفے میں ایک شب گزارنا مسنون ہے، حدیث میں ہے کہ سورج غروب ہونے کے بعد آپؐ مزدلفہ کے لیے روانہ ہوئے اور وہاں آپؐ نے مغرب اور عشار کی نماز ایک ساتھ ادا کی، پھر وہاں لیٹ گئے اور طلوعِ فجر تک آرام فرماتے رہے۔

۸۔ ذوالحجہ کی آٹھ تاریخ کو کسی وقت منیٰ میں پہنچنا مسنون ہے اور مستحب یہ ہے کہ طلوعِ آفتاب کے بعد وہاں پہنچ کر وہیں ظہر کی نماز پڑھی جائے اور وہیں شب میں آرام کیا جائے۔

---

Marfat.com

# طواف اور اُس کے مسائل

طواف کے لغوی معنیٰ ہیں کسی چیز کے اردگرد چکر لگانا اور گھومنا۔ اور اصطلاح میں طواف سے مُراد ہے بیت اللہ کے گرد والہانہ گھومنا اور چکر لگانا۔

## بیت اللہ کی عظمت اور مرتبہ

بیت اللہ اینٹ پتھر کی محض ایک عمارت نہیں ہے بلکہ وہ روئے زمین پر خدا کی عظمت کا مخصوص نشان اور اس کے دین کا محسوس مرکز ہے، جو خود اللہ نے اپنی نگرانی اور ہدایت کے تحت ایک ایسے اولوالعزم پیغمبر سے تعمیر کرایا ہے[1] جن کی امامت پر یہود، نصاریٰ، اور مسلمان سب ہی متفق ہیں اور قرآن پاک کی شہادت ہے کہ سطح زمین پر خدا کی عبادت کے لیے سب سے پہلا گھر جو تعمیر کیا گیا وہ یہی بیت اللہ ہے،

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ۔

"بلاشبہ سب سے پہلا عبادت کا گھر جو انسانوں کے لیے تعمیر کیا گیا وہ وہی ہے جو مکے میں ہے"

دراصل بیت اللہ دین کا منبع اور مرکز ہے، قرآن کی وضاحت کے مطابق یہ

---

[1] الحج آیت ۲۶ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرَاهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ الخ

Marfat.com

توحید کا سرچشمہ اور نماز کی اصل جگہ ہے، اور یہی توحید و نماز پورے دین کا مغز اور خلاصہ ہیں، عقیدے کے پہلو سے توحید دین کی اصل بنیاد ہے، اور عمل کے پہلو سے نماز دین کی اساس ہے، اور بیت اللہ کی تعمیر انہی دو بنیادی مقاصد کے لیے ہے، اسی لیے خدا نے اس کو خیر و برکت کا سرچشمہ اور ہدایت کا منبع قرار دیا ہے

مُبَارَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

"اس کو خیر و برکت دی گئی اور تمام جہان والوں کے لیے اس کو منبع ہدایت بنایا گیا ہے۔"

قرآن میں اللہ تعالیٰ نے اس کو دو مقامات پر "بَيْتِيَ"[۱] (میرا گھر) کہا ہے، اور حضرت ابراہیمؑ نے بھی اپنی ذریت کو مکے کی چٹیل وادی میں بساتے ہوئے

---

[۱] سورہ البقرہ آیت ۱۲۵ میں ہے، "وَعَهِدْنَا اِلٰى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ" اور ہم نے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو وصیت کی تھی کہ میرے اس گھر کو طواف اور رکوع سجود کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔" اور سورہ الحج آیت ۲۶ میں ہے "وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ" اور یاد کرو وہ وقت جبکہ ہم نے ابراہیمؑ کے لیے اس گھر کی جگہ تجویز کی تھی، (اس ہدایت کے ساتھ) کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا۔ اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام ورکوع وسجود کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔"

Marfat.com

کہا ہے خدایا! میں ان کو "تیرے[1] گھر" کے پڑوس میں بسا رہا ہوں، اور بیت اللہ کی عظمت اس سے زیادہ اور کیا ہوگی کہ اللہ نے اس گھر کے حج کو مسلمانوں پر اپنا ایک حق بتایا ہے، اور حج یہی تو ہے کہ مومن احرام باندھ کر یعنی خود کو بیت اللہ کی عظمت اس سے زیادہ اور کیا ہوگی کہ اللہ نے اس گھر کے حج کو مسلمانوں پر اپنا ایک حق بنایا ہے، اور حج یہی تو ہے کہ مومن احرام باندھ کر یعنی خود کو بیت اللہ میں حاضری کے لائق بنا کر والہانہ انداز میں اس کے گرد طواف کرے، اس میں لگے ہوئے پتھر کو بوسہ دے، ملتزم سے چمٹے، مسجد حرام میں نماز پڑھے اور عرفات میں وقوف کرے۔

## طواف کی فضیلت

بیت اللہ کی تعمیر کا مقصد یہ ہے کہ اس کا طواف کیا جائے، خدا نے ابراہیمؑ کو اسی کی تاکید فرمائی اور یہ تاکید قرآن میں دو جگہ فرمائی۔

وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ[2]

"اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں کے لیے پاک رکھو"

نیز مسلمانوں کو حکم دیا کہ

وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ۔

---

[1] سورۂ ابراہیمؑ آیت ۳۷ میں ہے، رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ، "پروردگار! میں نے اس بے آب و گیاہ وادی میں اپنی کچھ ذریت کو لا بسایا ہے تیرے محترم گھر کے پاس"

[2] البقرہ آیت ۱۲۵، الحج ۲۶۔

Marfat.com

"اور اس قدیم گھر کا طواف کرنا چاہیے۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کی فضیلت بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے

"بیت اللہ کا طواف نماز کی طرح ایک عبادت ہے، فرق یہ ہے کہ طواف میں تم گفتگو کر سکتے ہو (اور نماز میں اس کی اجازت نہیں ہے) تو جو شخص طواف کے دوران کوئی بات کرے تو اس کو چاہیئے کہ منہ سے اچھی ہی بات نکالے۔"[1]

"حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا "(حجرِ اسود اور رکن یمانی) ان دونوں پر ہاتھ پھیرنا گناہوں کا کفارہ ہے۔ اور میں نے آپؐ کو یہ بھی فرماتے سنا "جس نے خدا کے اس گھر کا سات مرتبہ طواف کیا، اور شعور و توجہ کے ساتھ کیا، تو اس کا صلہ ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ہے" اور یہ بھی فرماتے سنا کہ طواف میں بندہ جو بھی قدم رکھے گا اور جو بھی قدم اٹھائے گا، خدا اس کے ہر قدم کے بدلے ایک گناہ معاف کرے اور ایک بھلائی اس کے لیے لکھے گا۔"[2]

---

[1] ترمذی، نسائی    [2] ترمذی

Marfat.com

# استلام

استلام کے لغوی معنی ہیں چھونا اور بوسہ دینا اور اصطلاح میں استلام سے مراد ہے حجرِ اسود کو بوسہ دینا اور رکن یمانی کو چھونا، طواف کا ہر شوط شروع کرتے وقت حجرِ اسود کا استلام کرنا، اور اسی طرح طواف کے ختم پر حجرِ اسود کا استلام کرنا سنت ہے، اور رکنِ یمانی کا استلام مستحب ہے۔

حجرِ اسود کا استلام کرتے وقت لحاظ رہے کہ مُنہ سے بوسے کی آواز نہ نکلے، صرف حجرِ اسود پر مُنہ رکھنا مسنون ہے، اور یہ بھی خیال رہے کہ اگر غیر معمولی ازدحام ہو اور حجرِ اسود کا بوسہ لینے میں لوگوں کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو پھر کسی چھڑی کو حجرِ اسود سے مس کر کے اس کا بوسہ لے لیا جائے، اور یہ بھی دشوار ہو تو پھر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں حجرِ اسود کی طرف کر کے ہاتھ کانوں تک اُٹھالے اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو بوسہ دے لے۔

حجرِ اسود اور رُکن یمانی کے استلام کی فضیلت کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

"اللہ کی قسم! قیامت کے روز اللہ اس کو زندگی بخش کر اٹھائے گا۔ اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے یہ دیکھے گا۔ اور زبان ہوگی، جس سے یہ بولے گا۔ اور جن بندوں نے اس کا استلام کیا ہو گا ان کے حق میں سچی سچی گواہی دے گا۔"[1]

---

[1] ترمذی، ابن ماجہ

## رکنِ یمانی کی دعا

رکنِ یمانی کے استلام کی فضیلت بتاتے ہوئے آپؐ نے فرمایا:

"رکن یمانی پر ستر فرشتے مقرر ہیں جو ہر اس بندے کی دعا پر آمین کہتے ہیں جو اس کے پاس یہ دعا کرتا ہے"

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِی الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ[1]

"اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں درگزر اور عافیت کا طالب ہوں، پروردگار! ہم کو دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی، اور ہم کو جہنم کے عذاب سے بچا"

## طواف کی قسمیں اور ان کے احکام

طوافِ بیت اللہ کی چھ قسمیں ہیں اور ہر ایک کا حکم الگ الگ ہے۔

۱۔ طوافِ زیارت:۔ اس کو طوافِ اِفاضہ اور طوافِ حج بھی کہتے ہیں، طوافِ زیارت حج کے ارکان میں سے ایک رکن ہے۔

قرآن کا حکم ہے:۔

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ۔

"اور اس قدیم گھر کا طواف کرنا چاہیئے"

---

[1] ابن ماجہ۔

Marfat.com

ائمہ کا اتفاق ہے کہ اس سے طوافِ زیارت مراد ہے جو وقوفِ عرفات کے بعد دس تاریخ کو کیا جاتا ہے، اور اگر کسی وجہ سے ۱۰ ذوالحجہ کو نہ ہو سکے تو ۱۱، ۱۲ ذوالحجہ کو بھی کیا جا سکتا ہے۔

۲۔ **طوافِ قدوم**:۔ اس کو طوافِ تحیۃ بھی کہتے ہیں۔ مکے میں داخلے کے بعد سب سے پہلے جو طواف کیا جاتا ہے اس کو طوافِ قدوم کہتے ہیں، یہ صرف ان لوگوں پر واجب ہے جو میقات سے باہر کے باشندے ہوں،[1] اور جن کو اصطلاح میں آفاقی کہتے ہیں، اس کو طواف اللقا اور طواف التحیہ بھی کہتے ہیں۔

۳۔ **طوافِ وداع**:۔ بیت اللہ سے رخصت ہوتے وقت جو آخری طواف کرتے ہیں اس کو طوافِ وداع یا طوافِ صدر کہتے ہیں، یہ طواف بھی آفاقی پر واجب ہے، اس طواف کے بعد ملتزم سے چمٹ کر سینہ اور داہنا رخسار اس سے لگا کر اور داہنے ہاتھ سے بیت اللہ کا پردہ پکڑ کر انتہائی گریہ وزاری اور خشوع کے ساتھ دعا مانگنا چاہیئے۔ یہ بیت اللہ سے رخصت کا وقت ہے، معلوم نہیں پھر کب یہ سعادت نصیب ہو۔ طوافِ وداع کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی ہے۔

---

[1] علم الفقہ جلد پنجم اور قدوری میں اس کو مسنون کہا گیا ہے، امام مالک کے نزدیک البتہ طواف قدوم واجب ہے، ان کی دلیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ جو شخص بیت اللہ کی زیارت کو آئے اس کو چاہیئے کہ وہ طوافِ تحیۃ کرے (عین الہدایہ جلد اول ص۹۹۰)

Marfat.com

"کوئی شخص "طوافِ رخصت" کیے بغیر بیت اللہ سے واپس نہ ہو، مگر اس خاتون کے لیے اجازت ہے جو حالتِ حیض میں ہو۔"

۴۔ طوافِ عُمرہ:۔ وہ طواف جو عُمرہ میں کیا جاتا ہے، یہ عُمرے کا رکن ہے، اس کے بغیر عمرہ ادا نہ ہوگا۔

۵۔ طوافِ نذر:۔ یعنی کسی نے طواف کی نذر مانی ہو، نذر کا طواف واجب ہے۔

۶۔ نفلی طواف:۔ یہ کسی وقت بھی کیا جا سکتا ہے اور مکے میں جب تک رہنے کا موقع ملے اس سے بڑی سعادت اور کیا ہوگی کہ آدمی زیادہ سے زیادہ طواف کرے۔

---

Marfat.com

# طواف کے واجبات

طواف میں نو (۹) چیزوں کا اہتمام واجب ہے،

۱۔ نجاست حکمیہ[1] یعنی حدث اصغر اور حدث اکبر سے پاک ہونا، خواتین کے لیے حیض و نفاس کی حالت میں طواف کرنا جائز نہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حج کے سفر میں یہ ایام شروع ہو گئے تو وہ رونے لگیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " رونے کی کیا بات ہے، یہ تو ایک ایسی چیز ہے جو آدم کی بیٹیوں کے دم کے ساتھ ہے، تم وہ سارے عمل کرتی رہو جو حاجیوں کو کرنے ہوتے ہیں، مگر بیت اللہ کا طواف اس وقت تک نہ کرو جب تک کہ اس سے پاک صاف نہ ہو جاؤ[2]"

۲۔ ستر عورت: یعنی جسم کے ان حصوں کو چھپائے رکھنا جن کا چھپانا ضروری ہے، آپ کا ارشاد ہے:۔

لَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ۔

" برہنہ ہو کر کوئی طواف نہ کرے[3]"

۳۔ حجر اسود کے استلام سے طواف شروع کرنا۔

۴۔ طواف کی ابتدا اپنی داہنی جانب سے کرنا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ

---

[1] تشریح کیلیے دیکھیے آسان فقہ جلد اول " اصطلاحات " [2] بخاری مسلم۔ [3] بخاری، مسلم۔

Marfat.com

کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکے تشریف لائے تو سب سے پہلے آپؐ حجرِ اسود کے پاس آئے، اس کا استلام کیا، اور پھر آپؐ نے اپنی داہنی جانب سے طواف شروع کیا[۱]۔

۵۔ پاپیادہ طواف کرنا، عذر کی حالت میں، سوار ہو کر بھی طواف جائز ہے، اور نفلی طواف تو بغیر عذر بھی سوار ہو کر جائز ہے، لیکن افضل یہی ہے کہ پیدل طواف کیا جائے۔

۶۔ طواف کے پہلے چار فرض چکروں کے بعد باقی تین شوط[۲] پورے کرنا۔

۷۔ ہر طواف یعنی سات شوط پورے کرنے کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا۔ حضرت جابر رضی اللہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیت اللہ پہنچے، تو آپؐ نے پہلے حجرِ اسود کا استلام کیا، پہلے تین چکروں میں آپؐ نے رمل[۳] کیا پھر چار چکروں میں معمول کے مطابق چلے، پھر آپؐ مقامِ ابراہیم کی طرف بڑھے اور یہ آیت تلاوت فرمائی:۔

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى۔

"اور ابراہیمؑ کے مقامِ عبادت کو مستقل جائے نماز بنالو"۔

پھر آپؐ اس طرح کھڑے ہوئے کہ "مقام ابراہیمؑ" آپؐ کے اور بیت اللہ کے درمیان تھا، اور آپؐ نے نماز پڑھی[۴]۔

۸۔ حطیم کے باہر باہر سے طواف کرنا تاکہ حطیم بھی طواف میں شامل رہے۔

---

[۱] مسلم [۲] و [۳] دیکھیے اصطلاحات صفحہ [۴] مسلم۔

Marfat.com

۹۔ ممنوعات احرام[1] سے اجتناب کرنا۔

## طواف کی دُعا

خانہ کعبہ کا طواف کرنے کے لیے جب حجرِ اسود کے پاس پہنچے تو بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ أَکْبَرُ کہے، پھر یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اِیْمَانًا بِکَ وَتَصْدِیْقًا بِکِتَابِکَ وَوَفَاءً بِعَھْدِکَ وَاتِّبَاعًا لِسُنَّۃِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[2]

"اے اللہ! تجھ پر ایمان لاکر، تیری کتاب کی تصدیق کرکے، اور تیرے عہد کو پورا کرتے ہوئے اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں (یہ استلام اور طواف کر رہا ہوں)"

اور طواف شروع کردے، طواف کرتے ہوئے آہستہ آہستہ یہ دُعا پڑھے:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ[3]

"اللہ پاک و برتر ہے، تمام حمد و شکر اسی کے لیے ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ اور اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں جو نیکی کرا سکے اور کوئی قوت نہیں جو بُرائی سے روک سکے"

اور جب رُکنِ یمانی پر پہنچے تو رُکنِ یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان یہ دُعا پڑھے:۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً

---

[1] تفصیل صفحہ ۳۰ پر دیکھیے [2] نیل الاوطار [3] ابن ماجہ، نیل الاوطار۔

Marfat.com

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

"اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچا۔"

اور یہ دعا بھی پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰی كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ۔[1]

"اے اللہ! تو مجھے قناعت دے اسی پر جو کچھ تو نے مجھے عطا کر رکھا ہے، اور اسی میں میرے لیے برکت عطا فرما اور ہر غائب چیز میں تو خیر اور بھلائی کے ساتھ نگراں بن جا۔"

اور یہ بھی پڑھے:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔[2]

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اقتدار اسی کا حق ہے، تعریف کا وہی مستحق ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔"

---

[1] حصن حصین۔

[2] حصن حصین۔

Marfat.com

# طواف کے مسائل

۱۔ ہر طواف یعنی سات شوط پورے کرنے کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا واجب ہے، دو طوافوں کو ملانا، اور درمیان میں نماز نہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔

۲۔ سات چکر لگا لینے کے بعد کسی نے قصداً آٹھواں چکر لگا لیا، تو اب چھ چکر مزید لگا کر ایک طواف اور کرنا ضروری ہے اس لیے کہ نفل عبادت شروع کرنے کے بعد لازم ہو جاتی ہے۔

۳۔ جن اوقات میں نماز مکروہ ہے ان میں طواف مکروہ نہیں ہے۔

۴۔ طواف کرتے ہوئے اگر پنجوقتہ نمازوں میں سے کسی نماز کا وقت آ جائے یا نماز جنازہ آ جائے، یا وضو کی ضرورت پیش آ جائے، تو واپس آنے کے بعد دوبارہ نئے سرے سے طواف شروع کرنے کی ضرورت نہیں جہاں سے چھوڑ کر گیا تھا وہیں سے پورا کرے۔

۵۔ طواف کرتے ہوئے اگر بھول جائے کہ کتنے شوط کیے ہیں تو پھر نئے سرے سے شروع کرے، ہاں اگر کوئی قابلِ اعتماد شخص یاد دلا دے تو اس کی یاد دہانی کے مطابق عمل کر سکتا ہے۔

۶۔ طواف کے دوران کوئی چیز کھانا پینا، خرید و فروخت کرنا، اشعار گنگنانا اور بے ضرورت باتیں کرنا مکروہ ہے۔

۷۔ حالتِ طواف میں نجاست حقیقیہ[۱] سے پاک ہونا مسنون ہے اور نجاست حکمیہ[۱] سے پاک ہونا واجب ہے۔

۸۔ حج اور عمرہ دونوں کے پہلے طواف میں رمل کرنا مسنون ہے، اور اضطباع بھی مسنون ہے[۲]۔

## رَمل

شانے ہلا کر ذرا تیز چلنا جس سے قوت اور طاقت کا مظاہرہ ہو، اس کو دُلکی چال چلنا کہتے ہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ۷ھ میں صحابہ کرام رضؓ کی ایک کثیر تعداد کے ساتھ عمرہ ادا کرنے کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو وہاں لوگوں نے آپس میں کہا کہ "ان لوگوں کا حال کیا ہو رہا ہے! یہ تو بڑے ہی نحیف اور کمزور ہو گئے ہیں، دراصل مدینے کی آب وہوا نے ان کی صحت برباد کر دی ہے، مدینے کی آب وہوا خراب ہے۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب مکے والوں کی اس گفتگو کا پتہ چلا تو آپؐ نے حکم دیا کہ "طواف کے پہلے تین شوطوں میں سب رمل کریں یعنی دُلکی چال چل کر قوت وطاقت کا مظاہرہ کریں چنانچہ رمل کیا گیا، اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کی اس وقت کی یہ ادا ایسی بھائی کہ یہ ایک مستقل سنت قرار دے دی گئی۔

---

۵۱ تشریح کے لیے دیکھیے آسان فقہ جلد اول "اصطلاحات" ۴۸۶۔

۵۲ رمل اور اضطباع صرف مردوں کیلیے مسنون ہے خواتین نہ رمل کریں اور نہ اضطباع (عین الہدایہ)

رَمل صرف اسی طواف میں مسنون ہے جس کے بعد سعی ہو، پس جو شخص طوافِ قدوم کے بعد سعی نہ کرنا چاہتا ہو، وہ اس طواف میں رمل نہ کرے، بلکہ طوافِ زیارت میں رَمل کرے، جس کے بعد اس کو سعی کرنا ہے، اسی طرح حج قِران کرنے والا جو طوافِ عمرہ میں رَمل کر چکا ہو وہ پھر طوافِ حج میں رَمل نہ کرے۔

اور اگر کوئی شخص پہلے تین شوطوں میں رَمل کرنا بھول جائے تو پھر رَمل بالکل ہی چھوڑ دے دوسرے شوطوں میں نہ کرے، اور ساتوں شوطوں میں رَمل کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔

## اضطباع

چادر وغیرہ کو اس طرح اوڑھا جائے کہ اس کا ایک کنارہ داہنے شانے پر ڈالنے کے بجائے داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر اوڑھ لی جائے اور داہنا شانہ کھلا رہے، یہ عمل بھی اظہارِ قوت وطاقت کے لیے ہے۔

Marfat.com

# حج کے واجبات

حج میں نو باتیں واجب ہیں۔

۱۔ سعی کرنا، یعنی صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا واجب ہے[۱]۔

۲۔ مزدلفے میں وقوف کرنا، یعنی طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک کسی بھی وقت وہاں پہنچنا۔

۳۔ رمی کرنا، یعنی جمرات پر کنکریاں مارنا۔

۴۔ طوافِ قدوم کرنا۔ یعنی مکے میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے خانہ کعبہ کا طواف کرنا، طوافِ قدوم صرف ان لوگوں پر واجب ہے جو میقات سے باہر رہتے ہیں اور جن کو آفاقی کہتے ہیں۔

۵۔ طوافِ وداع کرنا، خانہ کعبہ سے رخصت ہوتے وقت آخری رخصتی طواف کرنا، طوافِ وداع بھی صرف آفاقی پر واجب ہے۔

۶۔ حلق یا تقصیر، یعنی حج کے ارکان سے فارغ ہو کر بال منڈوانا یا صرف

---

[۱] قرآن پاک کے بیان سے یہی معلوم ہوتا ہے، لیکن علمائے اہل حدیث کے نزدیک سعی فرض ہے اور ان کی دلیل صحیح مسلم کی یہ حدیث ہے۔

مَا اَتَمَّ اللّٰہُ حَجَّ امْرِءٍ وَلَا عُمْرَتَہٗ لَمْ یَطُفْ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ۔

"اللہ تعالیٰ اس شخص کا حج اور عمرہ کامل قرار نہیں دیتا جو صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔"

Marfat.com

کتروانا، دسویں ذوالحجہ کو جمرۃ العقبہ کی رمی سے فارغ ہونے کے بعد حلق یا تقصیر واجب ہے۔

۷۔ قربانی۔ یہ صرف قارن یا متمتع پر واجب ہے، مفرد پر واجب نہیں۔

۸۔ مغرب اور عشار کی نماز ایک ساتھ پڑھنا۔ یعنی مغرب کی نماز موخر کر کے مزدلفے میں عشار کی نماز کے ساتھ ادا کرنا، اور میدانِ عرفات میں ظہر و عصر کی نماز ایک ساتھ پڑھنا واجب نہیں ہے۔

۹۔ رمی، قربانی اور حلق و تقصیر میں ترتیب کا لحاظ رکھنا۔

---

Marfat.com

# سعی

لغت میں سعی کے معنی ہیں اہتمام سے چلنا، دوڑنا، اور کوشش کرنا وغیرہ، اصطلاح میں سعی سے مُراد حج کا واجب عمل ہے جس میں زائرِ حرم صفا مروہ نامی دو پہاڑیوں کے درمیان دوڑتا ہے۔ صفا بیت اللہ کے جنوب میں ہے اور مروہ شمال کی سمت میں واقع ہے۔ آج کل ان دونوں پہاڑیوں کا معمولی سا نشان باقی ہے اور ان کے درمیان دو سڑکیں تعمیر کر دی گئی ہیں، ایک صفا سے مروہ تک دوڑنے کے لیے اور دوسری مروہ سے واپس صفا تک دوڑنے کے لیے، اور ان پر بہت بڑا شیڈ ڈال کر ان سڑکوں کو پاٹ دیا گیا ہے تاکہ سعی کرنے والے دھوپ کی شدت اور بارش سے محفوظ رہیں۔

## سعی کی حقیقت و حکمت

قرآن پاک میں ہے

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ۔

"بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں"

"شَعَائِر"، "شَعِيْرَه" کی جمع ہے، کسی روحانی اور معنوی حقیقت اور کسی مذہبی یادگار کو محسوس کرانے اور یاد دلانے کے لیے جو چیز بطور نشان اور علامت مقرر کی گئی ہو اس کو شعیرہ کہتے ہیں۔ دراصل یہ مقامات خدا پرستی اور اسلام کے عملی اظہار کے یادگار مقامات ہیں، مروہ ہی وہ مقام ہے جہاں خدا کے خلیل

حضرت ابراہیمؑ نے اپنے اکلوتے فرزند حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو زمین پر پیشانی کے بل لٹا کر گردن پر چھری رکھ دی تھی، کہ اپنے سچے خواب کو سچا کر دکھائیں اور اپنی زندگی کی سب سے زیادہ عزیز چیز کو خدا کی رضا پر قربان کر کے اپنے قول (اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ میں نے کامل طور پر خود کو اللہ رب العلمین کے حوالے کر دیا) کی عملی شہادت پیش کر دیں۔

اسلام اور سپردگی کا یہ عجیب وغریب منظر دیکھتے ہی خدا نے ان کو پکارا اور کہا ابراہیمؑ تم نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بہت بڑی آزمائش تھی۔

وَنَادَیْنٰہُ اَنْ یّٰاِبْرٰھِیْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْیَا اِنَّا کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّ ھٰذَا لَھُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ۔

"اور ہم نے ان کو پکارا، کہ اے ابراہیمؑ! تم نے واقعی اپنے خواب کو سچ کر دکھایا۔ بلاشبہ ہم محسنوں کو ایسا ہی صلہ دیتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ یہ ایک کھلی ہوئی زبردست آزمائش تھی۔

صفا، مروہ پر نگاہ ڈالتے ہی فطری طور پر مومن کے ذہن میں قربانی کی یہ پوری تاریخ تازہ ہو جاتی ہے، اور ابراہیم واسمٰعیل علیہم السلام کے اسلام اور بندگی کی پوری تصویر نگاہوں میں پھر جاتی ہے۔

اسی حقیقت کو ذہن نشین کرانے، اور اس ولولہ انگیز تاریخ کو یاد کرنے کے لیے خدا نے سعی کو مناسک حج میں شامل فرمایا، خدا کا ارشاد ہے

فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ اَنْ یَّطَّوَّفَ

Marfat.com

بِهِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ۔

"لہٰذا جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے تو کوئی مضائقہ نہیں کہ وہ ان دونوں کے درمیان سعی کرے، اور جو شخص دل کی رغبت اور شوق کے ساتھ بھلا کام کرے گا تو خدا کو ہر چیز معلوم ہے اور وہ اس کی قدر کرنے والا ہے۔"

دورِ جاہلیت میں مشرکینِ مکہ نے ان دونوں پہاڑیوں پر بتوں کے استھان بنا لیے تھے۔ صفا پر اُساف اور مروہ پر نائلہ کا استھان تھا اور ان کے گرد طواف ہوتا تھا، اسی لیے مسلمانوں کو تردد تھا کہ وہ ان کے گرد سعی کریں یا نہ کریں، تو خدا نے وضاحت کی کہ ان کے درمیان سعی کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اس لیے کہ سعی دراصل مناسکِ حج میں سے ہے، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حج کے جو مناسک تعلیم دیے گئے تھے ان میں صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی ہدایت بھی تھی۔ اس لیے کسی کراہیت کے بغیر مسلمان پورے شوق اور دل کی رغبت سے صفا اور مروہ کی سعی کریں، خدا دل کے حالات سے بھی پوری طرح باخبر ہے اور وہ انسان کے اچھے جذبات اور اعمالِ صالحہ کی قدر فرماتا ہے۔

## سعی کے مسائل

۱۔ طوافِ کعبہ سے فارغ ہونے کے بعد سعی کرنا واجب ہے، طواف سے پہلے سعی کرنا جائز نہیں۔

۲۔ سعی کی حالت میں نجاستِ حکمیہ یعنی حدثِ اصغر اور حدثِ اکبر سے پاک ہونا واجب تو نہیں ہے، لیکن مسنون ہے۔

Marfat.com

۳۔ سعی میں بھی سات شوط ہوتے ہیں اور یہ ساتوں واجب ہیں، ان میں سے کوئی شوط بھی فرض نہیں ہے۔

۴۔ طواف سے فارغ ہوتے ہی سعی شروع کرنا مسنون تو ہے لیکن واجب نہیں۔

۵۔ سعی کی ابتدا صفا سے کرنا واجب ہے۔

۶۔ سعی پا پیادہ کرنا واجب ہے البتہ کوئی عذر ہو تو سواری پر بھی کر سکتے ہیں۔

۷۔ پورے حج میں صرف ایک ہی بار سعی کرنا چاہیئے، چاہے، طوافِ قدوم کے بعد کرے یا طوافِ زیارت کے بعد، بہتر یہ ہے کہ طواف زیارت کے بعد سعی کی جائے۔

۸۔ صفا مروہ پر چڑھنا اور بیت اللہ کی طرف رُخ کر کے دونوں ہاتھوں کو دعا کے لیے اٹھانا اور دُعا کرنا مسنون ہے۔

۹۔ سعی کے دوران خرید و فروخت کرنا مکروہ ہے، البتہ ضرورت کے وقت بات چیت کرنا جائز ہے۔

## سعی کا طریقہ اور دُعائیں

طوافِ قدوم یا طوافِ زیارت جس کے بعد بھی سعی کرنے کا ارادہ ہو، اس سے فارغ ہو کر پہلے حجرِ اسود کا استلام کیا جائے، پھر باب الصفا سے نکل کر صفا پہاڑی پر پہنچا جائے، صفا پہنچ کر یہ آیت پڑھی جائے۔

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ۔

Marfat.com

"بلاشبہ صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے ہیں"

اور پھر صفا پر اتنی اونچائی تک چڑھا جائے کہ بیت اللہ نظر آنے لگے۔ پھر بیت اللہ کی طرف رُخ کرکے دونوں ہاتھ اُٹھا کر تین بار "اللہ اکبر" کہا جائے اور پھر یہ دُعا پڑھی جائے،

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ أَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهٗ[۱]

"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں، اقتدار اسی کا حق ہے، حمد و شکر کا وہی مستحق ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے، اس نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا، اور اپنے بندے کی مدد کی، اور اس نے تنہا تمام کافر گروہوں کو شکست دی"

پھر درود شریف پڑھ کر جو دعائیں مانگنی ہوں مانگی جائیں، اپنے لیے اپنے عزیز اور رشتہ داروں کے لیے، یہ قبولیتِ دعا کا مقام ہے اس لیے دنیا اور عقبیٰ کی بھلائی اور سعادت کے لیے خوب ہی دعا کی جائے اور پھر یہ دعا پڑھی جائے۔

---

[۱] مسلم

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ کَمَا ھَدَیْتَنِیْ لِلْاِسْلَامِ اَنْ لَّا تَنْزِعَهٗ مِنِّیْ حَتّٰی تَوَفَّانِیْ وَ اَنَا مُسْلِمٌ [1]

"اے اللہ! تیرا ارشاد ہے کہ مجھ سے مانگو میں قبول کروں گا، اور تو کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا، میرا تجھ سے یہ سوال ہے کہ جس طرح تو نے مجھے اسلام لانے کی توفیق عطا فرمائی ہے، تو اس دولت کو کبھی مجھ سے دُور نہ کر یہاں تک کہ تو مجھے موت نصیب فرمائے تو میرا خاتمہ اسلام پر ہو۔"

اس کے بعد صفا سے اُتر کر مروہ کی طرف روانہ ہونا چاہیئے اور چلتے ہوئے زبان پر یہ دُعا رہے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ۔

"میرے رب! میری مغفرت فرمادے، میری حالت پر رحم فرمادے، تو انتہائی غالب اور انتہائی بزرگ ہے۔"

صفا اور مروہ کے درمیان مروہ کو جاتے ہوئے بائیں جانب دو سبز نشان ہیں ان کو میلینِ اخضرین کہا جاتا ہے، ان دونوں نشانوں کے درمیان دوڑنا مسنون ہے [2] پھر مروہ پر چڑھ کر وہی دُعائیں مانگی جائیں جو صفا پر مانگی

---

[1] مؤطا

[2] لیکن یہ صرف مردوں کے لیے مسنون ہے، خواتین میلینِ اخضرین کے درمیان بھی معمول کے مطابق چلیں، دوڑیں نہیں اس لیے کہ دوڑنا پردہ پوشی میں خلل ڈالے گا۔

Marfat.com

تھیں، اور دیر تک ذکرو تسبیح میں مصروف رہا جائے، اس لیے کہ یہ دعا قبول ہونے کا مقام ہے، پھر مروہ سے اتر کر صفا کی طرف واپس جاتے ہوئے وہی دعا پڑھی جائے جو آتے وقت پڑھی تھی اور میلین اخضرین کے درمیان دوڑا جائے۔ اور اسی طرح سات شوط پورے کیے جائیں۔

---

Marfat.com

# رمی

لغت میں رمی کے معنی ہیں پھینکنا اور نشانہ لگانا، اور اصطلاح میں رمی سے مُراد حج کا وہ عمل ہے جس میں حاجی پتھر کے تین ستونوں پر کنکریاں مارتا ہے، رمی جمرات واجب ہے۔ جمرات یا جمار، جمرہ کی جمع ہے، جمرہ کنکری کو کہتے ہیں، مِنیٰ کے راستے میں کچھ کچھ فاصلے سے پتھر کے تین ستون قدِ آدم کے برابر کھڑے ہیں، ان پر چونکہ کنکریاں پھینکی جاتی ہیں، اس لیے ان ستونوں کو ہی جمرات کہنے لگے، اور یہ تین جمرات، جمرۂ اولیٰ، جمرۂ وسطیٰ اور جمرۂ عقبیٰ کے نام سے مشہور ہیں ان میں سے جو مکۂ مکرمہ کے قریب ہے اس کو جمرۂ عقبیٰ کہتے ہیں، بعد والے کو وُسطیٰ اور اس کے بعد والے کو جو مسجدِ خیف کے قریب ہے جمرۂ اُولیٰ کہتے ہیں۔

## رمی کی حقیقت و حکمت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ باسعادت سے چند ہی یوم پہلے حبشہ کے عیسائی حکمران ابرہہ نے مکہ معظمہ پر اس ناپاک ارادے سے چڑھائی کی کہ وہ کعبہ کو ڈھا دے گا۔ چنانچہ وہ ہاتھیوں پر سوار ایک زبردست لشکر کے ساتھ حملہ آور ہوا اور برابر آگے بڑھتا رہا، یہاں تک کہ مکے کے بالکل قریب "وادی محسّر" میں پہنچ گیا۔ خدا نے اس کے ناپاک ارادے کو بُری طرح ناکام بنایا اور سمندر کی جانب سے ننھے ننھے پرندوں کے جھنڈ پرے کے پرے بن کر نمودار ہوئے جن کے پنجوں اور چونچوں میں ننھی ننھی کنکریاں تھیں، اور انہوں نے اس ہاتھی سوار

فوج پر کنکریوں کی ایسی بے پناہ اور ہلاکت خیز بارش کی کہ پوری فوج تہس نہس ہو کر رہ گئی، بیشتر تو وہیں ڈھیر ہو کر رہ گئے اور کچھ بڑی بُری حالت میں عبرتناک موت کے لیے وہاں سے بھاگے۔

رمیِ جمرات دراصل اسی بے پناہ بارش کی یادگار ہے ——— جمرات پر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر خدا کی کبریائی کا اعلان کرتے ہوئے کنکریاں مارنا دراصل اس حقیقت سے دنیا کو خبردار کرنا اور اپنے اس عزم کا اظہار کرنا ہے کہ مومنوں کا وجود دنیا میں خدا کے دین کی حفاظت ہے، کوئی طاقت بھی اگر بُری نیت سے اس دین پر نگاہ ڈالنے کی ناپاک جرأت کرے گی اور اس کی جڑوں کو ڈھانے کا ارادہ کر کے اس کی طرف بڑھے گی تو ہم اس کو تہس نہس کر دیں گے۔

## رمی کے مسائل

۱۔ رمی کرنا واجب ہے[1]

۲۔ نشیب میں کھڑے ہو کر رمی کرنا مسنون ہے، اونچے مقام سے رمی کرنا مکروہ ہے۔

۳۔ ہر رمی کے ساتھ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہنا مسنون ہے۔

۴۔ کنکری اگر جمرہ پر نہ لگے اور نشانہ خطا کر جائے تو کوئی حرج نہیں رمی درست ہے، بشرطیکہ کنکری جمرہ کے قریب کہیں گرے۔

۵۔ ذوالحجہ کی دس تاریخ کو یعنی پہلے دن صرف جمرۂ عقبہ کی رمی کی جائے

---

[1] امام مالکؒ کے نزدیک جمرۂ عقبہ کی رمی فرض ہے، اگر یہ رمی ترک کر دی جائے تو حج باطل ہو جائیگا۔

اور پھر گیارہ بارہ تاریخ کو تینوں جمرات کی رمی کی جائے، اور تیرھویں تاریخ کی رمی صرف مستحب ہے واجب نہیں۔

۶۔ ایک بڑا کنکر توڑ کر سات کنکریاں بنانا مکروہ ہے۔

۷۔ سات مرتبہ سے زیادہ رمی کرنا مکروہ ہے۔

۸۔ واجب یہ ہے کہ سات کنکریاں سات مرتبہ میں ماری جائیں۔ اگر کوئی شخص ایک ہی مرتبہ میں ایک ساتھ سات کنکریاں مار دے تو یہ ایک ہی رمی قرار پائے گی۔

۹۔ رمی کے لیے مزدلفے سے آتے وقت "وادی محسر" میں سے کنکریاں ساتھ لانا مستحب ہے، جمرہ کے پاس سے کنکریاں اٹھانا مکروہ ہے[۱]

۱۰۔ جس کنکری کے بارے میں یقینی طور پر معلوم ہو کہ یہ ناپاک ہے اس سے رمی کرنا مکروہ ہے۔

۱۱۔ دسویں تاریخ کی رمی شروع کرتے ہی تلبیہ بند کر دینا چاہیئے۔ بخاری میں

---

[۱] دراصل جمرہ کے پاس وہی کنکریاں رہ جاتی ہیں جو خدا کے یہاں مقبول نہیں ہوتیں اور جو کنکریاں مقبول ہو جاتی ہیں وہ وہاں سے فرشتے اٹھا لے جاتے ہیں۔ لہٰذا ردی ہوئی کنکریوں سے رمی کرنا مکروہ ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا "یا رسول اللہ! ہر سال ہم جن کنکریوں سے رمی کرتے ہیں ہمارا خیال ہے کہ وہ کم ہو جاتی ہیں" ارشاد فرمایا "ہاں ان میں جو قبول ہو جاتی ہیں وہ اٹھا لی جاتی ہیں، اگر ایسا نہ ہوتا تو تم پہاڑوں کی طرح ان کنکریوں کے ڈھیر دیکھتے" (دار قطنی)

Marfat.com

ہے کہ آپ جمرہ عقبہ کی رمی تک لبیک کہتے رہے۔

۱۲۔ دس ذوالحجہ کی رمی کا مسنون وقت طلوعِ آفتاب سے زوال تک ہے، اس کے بعد غروبِ آفتاب تک بھی جائز ہے لیکن غروب کے بعد رمی کرنا مکروہ ہے۔ اور باقی تاریخوں میں زوال کے بعد سے غروب آفتاب تک مسنون وقت ہے۔

۱۳۔ رمی کرنے کے لیے ایک شب منیٰ میں گزارنا مسنون ہے۔

۱۴۔ دسویں تاریخ کو جمرۂ عقبہ کی رمی کرنے کے بعد دوسری تاریخوں میں اس ترتیب کے ساتھ رمی کرنا مسنون ہے، پہلے جمرۂ اولیٰ کی رمی کی جائے جو مسجد خیف کے قریب ہے، پھر جمرۂ وسطیٰ کی اور پھر جمرۂ عقبہ کی۔

۱۵۔ جمرۂ اولیٰ اور جمرۂ وسطیٰ کی رمی پا پیادہ کرنا افضل ہے اور جمرۂ عقبہ کی رمی سوار ہو کر کرنا افضل ہے۔

۱۶۔ جمرۂ اولیٰ اور جمرۂ وسطیٰ کی رمی کے بعد اتنی دیر جس میں سورۂ فاتحہ کی تلاوت کی جا سکے، کھڑا رہنا اور تحمید و تہلیل اور تکبیر اور درود وغیرہ پڑھنے میں مشغول رہنا اور ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا مسنون ہے۔

۱۷۔ رمی سے فارغ ہونے کے بعد مکہ مکرمہ آتے وقت کچھ دیر کے لیے محصب میں قیام کرنا مسنون ہے۔

منیٰ اور مکے کے درمیان ایک میدان تھا اس کو محصب کہتے تھے، اب وہ آباد ہو گیا ہے، اور آج کل اس کو معابدہ کہتے ہیں، حجۃ الوداع میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں قیام فرمایا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر، عصر، مغرب اور عشار کی نماز، محصّب میں ادا فرمائی، پھر یہاں کچھ دیر آرام فرمایا اور پھر سوار ہو کر یہاں سے بیت اللہ تشریف لے گئے اور بیت اللہ کا طواف کیا[۱]

مگر یہاں قیام کی حیثیت صرف سنت کی ہے واجب اور لازم نہیں ہے اگر کوئی قیام نہ کرے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

۱۸۔ رمی ان تمام چیزوں سے کی جا سکتی ہے، جن سے تیمم کرنا جائز ہے، اینٹ، پتھر، ٹھکری، سنگریزہ، مٹی کا ڈھیلا، مٹی وغیرہ۔ لکڑی اور مشک و عنبر یا جواہرات سے رمی کرنا جائز نہیں۔

## رمی کا طریقہ اور دُعا

جمرۂ عقبہ کی پہلی رمی شروع کرنے سے پہلے ہی تلبیہ ترک کر دینا چاہیئے اور پھر رمی شروع کی جائے، رمی کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ نشیب کے مقام پر کھڑے ہو کر پہلے یہ دعا پڑھے۔

بِسمِ اللهِ اَللهُ اَكْبَرُ رَغْمًا لِلشَّيْطٰنِ وَرِضًا لِلرَّحْمٰنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا۔

مہ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ سب سے بڑا ہے۔ شیطان کی خواہش کو پامال کرنے اور اللہ کی رضا کو حاصل کرنے کے لیے، اے اللہ!

---

[۱] بخاری۔

Marfat.com

اس حج کو حج مبرور بنا دے اور گناہوں کو معاف فرما دے اور اس کوشش کو قبول فرما لے۔"

پھر کنکری کو انگلیوں کے پوروں میں پکڑ کر "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہتے ہوئے ہر کنکری مارے اور خوب تاک کر مارے، جمرۂ عقبہ کو پہاڑی کے اوپر سے مارنا، یا بڑی بڑی اینٹوں اور پتھروں سے مارنا یا جمرہ کے پاس کی پڑی ہوئی کنکریوں سے مارنا مکروہ ہے۔

Marfat.com

# حلق یا تقصیر کے مسائل

حلق کے لغوی معنی ہیں سر منڈانا اور تقصیر کے معنی ہیں بال کتروانا۔ حلق تقصیر حج کے اعمال میں سے ایک لازمی عمل ہے۔

خدا کا ارشاد ہے

لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ۔

"تم انشاء اللہ مسجدِ حرام میں اپنے سر منڈا کر یا بال کترا کر امن و امان کے ساتھ داخل ہوگے اور تمہیں کسی قسم کا کوئی خوف نہ ہوگا۔"

حلق یا تقصیر دراصل حالتِ احرام سے باہر آنے اور حلال ہونے کا ایک مقررہ شرعی طریقہ ہے، اس کی حکمت پر اظہار خیال کرتے ہوئے شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

"حلق کی حکمت یہ ہے کہ یہ حالتِ احرام سے باہر آنے کا ایک خاص متعین طریقہ ہے، اگر یہ طریقہ مقرر نہ کیا جاتا جو خلافِ وقار ہے تو ہر شخص اپنی اپنی خواہش کے مطابق اپنا احرام ختم کرتا اور احرام سے باہر آنے کے لیے الگ الگ طریقے تجویز کرتا۔"[1]

---

[1] حجۃ اللہ البالغہ۔

Marfat.com

۱۔ نحر کے دن ۱۰ ذوالحجہ کو جمرۂ عقبہ کی رمی کے بعد حلق یا تقصیر کرانا واجب ہے۔

۲۔ مردوں کے لیے حلق اور تقصیر دونوں ہی جائز ہیں لیکن حلق کی فضیلت زیادہ ہے اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حلق کرنے والوں کے لیے دو بار مغفرت کی دعا فرمائی اور تقصیر کرنے والوں کے لیے ایک بار دعائے مغفرت فرمائی[1]

۳۔ خواتین کو تقصیر ہی کرانا چاہیے، ان کے لیے حلق جائز نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو سر منڈانے سے منع فرمایا ہے[2]

۴۔ تقصیر میں مرد پورے سر کے بال ایک ایک انگل کتروا دے تو جائز ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ ایک چوتھائی سر کے بالوں میں سے کچھ حصہ کتروا دے اور خواتین کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے چند بال چوٹی میں سے کتروالیں۔

۵۔ کسی کے سر پر بال بالکل اُگے ہی نہ ہوں یعنی گنجا ہو تو اُس کے لیے صرف اُسترہ سر پر پھیر لینا کافی ہے۔

کسی بال صفا دوا کے ذریعے کوئی اپنے بال صاف کرلے تو یہ بھی جائز ہے۔

---

[1] ابو داؤد عن عبداللہ ابن عمرؓ۔

[2] جمع الفوائد باب الرمی، والحلق والتحلل۔

Marfat.com

حلق یا تقصیر کا عمل کر لینے کے بعد آدمی حالتِ احرام سے باہر آ جاتا ہے اور وہ سارے کام اس کے لیے حلال ہو جاتے ہیں جو احرام باندھنے کے بعد حرام ہو گئے تھے، البتہ بیوی سے مخصوص تعلق ابھی جائز نہیں ہے، یہ تعلق طوافِ زیارت کر لینے کے بعد جائز ہوتا ہے۔

---

Marfat.com

# قربانی کا بیان

قربانی کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی پرانی خود مذہب یا انسان کی تاریخ ہے، انسان نے مختلف ادوار میں، عقیدت و فدائیت، سپردگی و جان نثاری، عشق و محبت، عجز و نیاز، ایثار و قربانی، اور پرستش و عبدیت کے جو جو طریقے اختیار کیے خدا کی شریعت نے انسانی نفسیات اور جذبات کا لحاظ کرتے ہوئے وہ تمام ہی طریقے اپنی مخصوص اخلاقی اصطلاحات کے ساتھ خدا کے لیے خاص کر دیئے، انسانوں نے اپنے معبودوں کے حضور جان کی قربانیاں بھی پیش کیں اور یہی قربانی کا سب سے اعلیٰ مظہر ہے، خدا نے اس کو بھی اپنے لیے خاص کر لیا اور اپنے سوا ہر ایک کے لیے اس کو قطعاً حرام قرار دے دیا۔

## انسانی تاریخ کی سب سے پہلی قربانی

انسانی تاریخ میں سب سے پہلی قربانی آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں ہابیل اور قابیل کی قربانی ہے، قرآن پاک میں بھی اس قربانی کا ذکر ہے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ ۖ

"اور ان کو آدمؑ کے دو بیٹوں کا قصہ بھی ٹھیک ٹھیک سنا دیجئے جب ان دونوں نے قربانی کی تو ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قبول نہیں ہوئی"

Marfat.com

دراصل ایک نے جس کا نام "ہابیل" تھا، دل کی آمادگی سے رضائے الٰہی کی خاطر بہترین دُنبے کی قربانی پیش کی اور دوسرے نے جس کا نام "قابیل" تھا بے دلی سے ناکارہ غلّے کا ایک ڈھیر پیش کردیا، ہابیل کی قربانی کو آسمانی آگ نے جلا ڈالا اور یہ مقبولیت کی علامت تھی، لیکن دوسری کو آگ نے نہیں جلایا اور یہ مقبول نہ ہونے کی علامت تھی۔

## قربانی تمام الٰہی شریعتوں میں

قربانی کا حکم تمام الٰہی شریعتوں میں ہمیشہ موجود رہا ہے اور ہر اُمت کے نظامِ عبادت میں اسے ایک لازمی جُز کی حیثیت حاصل رہی ہے۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ[1]

"اور ہم نے ہر اُمت کے لیے قربانی کا ایک قاعدہ مقرر کردیا ہے تاکہ وہ ان چوپایوں پر اللہ کا نام لیں جو اللہ نے ان کو عطا فرمائے ہیں۔

یعنی قربانی ہر شریعت کے نظامِ عبادت میں موجود رہی ہے، البتہ مختلف زمانوں، مختلف قوموں اور مختلف مُلکوں کے نبیوں کی شریعتوں میں ان کے حالات کے پیشِ نظر قربانی کے قاعدے اور تفصیلات جدا جدا رہی ہیں، لیکن بنیادی طور پر یہ بات تمام آسمانی شریعتوں میں مشترک رہی ہے کہ جانور کی قربانی صرف اللہ کے لیے کی جائے اور اسی کا نام لے کر کی جائے۔

---

[1] سورۃ الحج آیت ۳۴۔

Marfat.com

فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا ؎

"پس ان جانوروں پر صرف اللہ کا نام لو"

جانوروں پر اللہ ہی کا نام لینا بڑا بلیغ انداز بیان ہے یعنی ان کو ذبح کرو تو اللہ ہی کے نام سے ذبح کرو اور اسی کے نام پر اسی کی رضا کے لیے ذبح کرو، وہی ہے جس نے تمہارے لیے یہ جانور مہیا کیے ہیں، وہی ہے جس نے ان کو تمہارے لیے مسخر کیا ہے اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے ان میں گوناگوں فائدے رکھے ہیں۔

## قربانی ایک عظیم یادگار

اس وقت دنیا کے ہر ہر خطے میں مسلمان جو قربانی کرتے ہیں اور ذبح عظیم کا جو منظر پیش ہوتا ہے وہ دراصل حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام کا فدیہ ہے، قرآن میں اس عظیم قربانی کے واقعے کو پیش کر کے اس کو اسلام، ایمان اور احسان قرار دیا ہے۔

قربانی دراصل اس عزم و یقین اور سپردگی و فدائیت کا عملی اظہار ہے کہ آدمی کے پاس جو کچھ بھی ہے وہ سب خدا ہی کا ہے اور اسی کی راہ میں یہ سب قربان ہونا چاہیے۔ یہ دراصل اس حقیقت کی علامت اور پیش کش ہے کہ اس کا اشارہ ہوگا، تو ہم اپنا خون بہانے سے بھی دریغ نہ کریں گے، اسی عہد و پیمان اور سپردگی و فدائیت کا نام ایمان، اسلام اور احسان ہے۔

---

؎ سورۂ الحج آیت ۳۶۔

Marfat.com

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْۤ اَرٰى فِي الْمَنَامِ
اَنِّيْۤ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى قَالَ يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ
سَتَجِدُنِيْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ
لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰۤاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا
الْمُبِيْنُ ۝ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي
الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ۝ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝[1]

"پس جب وہ (اسمٰعیلؑ) ان کے ساتھ دوڑ دھوپ کرنے کی عمر کو پہنچے تو (ایک دن) ابراہیمؑ نے ان سے کہا، پیارے بیٹے! میں نے خواب میں دیکھا کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں غور کرو اب کیا ہونا چاہیے۔ بیٹے نے (بلا تامل) کہا، ابا جان! آپ کو جو حکم دیا جا رہا ہے اسے کر ڈالیے، انشاء اللہ آپ مجھے ثابت قدم پائیں گے، آخر کو جب باپ بیٹے دونوں نے خدا کے آگے سر تسلیم خم کر دیا، اور ابراہیمؑ نے بیٹے کو منہ کے بل (زمین) پر گرا دیا، تو ہم نے ندا دی کہ "اے ابراہیم! تم نے خواب سچ کر دکھایا، ہم احسان کی روش چلنے والوں کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں، دراصل یہ ایک کھلی ہوئی آزمائش تھی، اور ہم نے ایک عظیم قربانی فدیے میں دے کر ان کو (یعنی اسمٰعیلؑ) کو چھڑا لیا۔ اور ہم نے پیچھے آنے والی امت میں ابراہیمؑ کی

---

[1] الصّٰفّٰت

Marfat.com

یہ سنت (یادگار) چھوڑ دی سلام ہے ابراہیمؑ پر ہم اپنے فداکاروں کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں، بلاشبہ وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔"

یعنی رہتی زندگی تک امت مسلمہ میں قربانی کی یہ عظیم الشان یادگار حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا فدیہ ہے، خدا نے اس فدیے کے عوض اسمٰعیل علیہ السلام کی جان چھڑائی کہ اب قیامت تک آنے والے فداکار ٹھیک اسی تاریخ کو دنیا بھر میں جانور قربان کریں، اور وفاداری اور جاں نثاری کے اس عظیم الشان واقعے کی یاد تازہ کرتے رہیں قربانی کی یہ بے بدل سنت جاری کرنے والے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیل علیہم السلام تھے اور اس کو تا قیامت قائم رکھنے والے حضرت محمد صلی علیہ وسلم کی امت کے فداکار ہیں۔

## نبیؐ سے خطاب

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قربانی اور فداکاری کی روح پوری زندگی میں جاری و ساری رکھنے کی تعلیم دیتے ہوئے یہ ہدایت کی گئی ہے۔

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ۝

"کہہ دیجئے کہ میری نماز، میری قربانی، میری زندگی اور میری موت سب اللہ رب العٰلمین کے لیے ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں، مجھے اسی کا حکم ملا ہے اور میں سب سے پہلا فرماں بردار ہوں۔"

خدا پر پختہ ایمان اور اس کی توحید پر یقینِ کامل کے معنی ہی یہ ہیں، کہ آدمی کی ساری تگ و دو اسی کی رضا کے لیے مخصوص ہو اور وہ سب کچھ اس کی راہ میں قربان کر کے

Marfat.com

اپنے ایمان و اسلام اور وفاداری و جاں نثاری کا ثبوت دے۔

## قربانی کا حکم ساری امت کے لیے ہے

قربانی کی اصل جگہ تو وہی ہے جہاں ہر سال لاکھوں حاجی اپنی اپنی قربانیاں پیش کرتے ہیں، دراصل یہ حج کے اعمال میں سے ایک اہم عمل ہے، لیکن رحیم و کریم خدا نے اس عظیم شرف سے ان لوگوں کو بھی محروم نہیں رکھا ہے جو مکے سے دور ہیں اور حج میں شریک نہیں ہیں، قربانی کا حکم صرف ان لوگوں کے لیے نہیں ہے جو بیت اللہ کا حج کر رہے ہوں بلکہ یہ عام حکم ہے، اور سارے ہی ذی حیثیت مسلمانوں کے لیے ہے، اور یہ حقیقت احادیث رسولؐ سے ثابت ہے، چنانچہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کی شہادت ہے کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم دس سال تک مدینہ منورہ میں قیام پذیر رہے اور برابر ہر سال قربانی کرتے رہے"[۱]، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو شخص وسعت رکھنے کے باوجود قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے"[۲]

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدالاضحیٰ کے دن فرمایا "جس نے عید کی نماز سے پہلے جانور ذبح کر لیا اس کو دوبارہ اپنی قربانی کرنی چاہیئے اور جس نے نماز کے بعد قربانی کی اس کی قربانی پوری ہو گئی اور اس نے ٹھیک مسلمانوں کے طریقے کو پا لیا"۔

ظاہر ہے عیدالاضحیٰ کے دن مکے میں کوئی ایسی نماز نہیں ہوتی جس سے پہلے

---

[۱] ترمذی، مشکوٰۃ باب الاضحیہ [۲] جمع الفوائد بحوالہ القزوینی کتاب الاضاحی۔

Marfat.com

قربانی کرنا سنتِ مسلمین کے خلاف ہو لامحالہ یہ واقعہ مدینہ منورہ کا ہے اور اسی کی شہادت حضرت عبداللہ ابن عمرؓ بھی پیش فرماتے تھے۔ نیز ابن عمرؓ ہی کا بیان ہے کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ میں قربانی کیا کرتے تھے"

## قربانی کے رُوحانی مقاصد

قرآنِ پاک نے قربانی کے تین اہم مقاصد کی طرف اشارے کیے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ قربانی دراصل وہی ہے جو ان مقاصد کا شعور رکھتے ہوئے کی جائے،

۱۔ قربانی کے جانور خدا پرستی کی نشانی ہیں۔

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ[1]

"اور قربانی کے اونٹوں کو ہم نے "شعائر اللہ" قرار دیا ہے"

"شَعَائِر" "شعیرہ" کی جمع ہے، شعیرہ اس محسوس علامت کو کہتے ہیں جو کسی رُوحانی اور معنوی حقیقت کی طرف متوجہ کرے اور اس کی یاد کا سبب اور علامت بنے، قربانی کے یہ جانور اس رُوحانی حقیقت کی محسوس علامتیں ہیں کہ قربانی کرنے والا دراصل ان جذبات کا اظہار کر رہا ہے کہ ان جانوروں کا خون درحقیقت میرے خون کا قائم مقام ہے، میری جان بھی خدا کی راہ میں اسی طرح قربان ہے جس طرح میں اس جانور کو قربان کر رہا ہوں۔

۲۔ قربانی اللہ کی نعمت کا عملی شکر ہے۔

---

[1] الحج ۳۶۔

كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ٥

"اسی طرح ان جانوروں کو ہم نے تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے تاکہ تم شکر ادا کرو۔"

خدا نے جانوروں کو انسان کے لیے مسخر فرما کر اس پر عظیم احسان کیا ہے، انسان ان جانوروں سے گوناگوں فائدے اٹھاتا ہے، ان کا دودھ پیتا ہے، ان کے گوشت کو غذا بناتا ہے۔ ان کی ہڈی، کھال اور اُون سے ضرورت کی نوع بنوع چیزیں تیار کرتا ہے، ان سے کھیتی باڑی میں مدد لیتا ہے، ان پر بوجھ ڈھوتا ہے، ان پر سواری کرتا ہے، اور ان کے ذریعے اپنی شان و شوکت کا اظہار کرتا ہے، قرآن ان فوائد کی طرف اشارہ کر کے اور ان کی تسخیر کا ذکر فرما کر خدا پرستی اور احسان مندی کے جذبات کو اُبھارنا چاہتا ہے، اور یہ طرزِ فکر پیدا کرنا چاہتا ہے کہ جس خدا نے بزرگ و برتر نے یہ عظیم الشان نعمت عطا کی ہے، اسی کے نام پر ان کی قربانی ہونی چاہیئے، قربانی خدا کی عظیم نعمت کا عملی شکر ہے۔

۳۔ قربانی خدا کی عظمت اور کبریائی کا اظہار ہے۔

كَذَٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ [1]

"خدا نے اس طرح چوپایوں کو تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے تاکہ تم اس کی بخشی ہوئی ہدایت کے مطابق اس کی بڑائی اور کبریائی کا اظہار کرو۔"

یعنی ان جانوروں کا خدا کے نام پر ذبح کرنا در اصل اس حقیقت کا اعلان و

---

[1] الحج، ۳۷۔

Marfat.com

اظہار ہے کہ جس خدا نے یہ نعمت عطا کی ہے اور جس نے ان کو ہمارے لیے مسخر کر رکھا ہے وہی ان کا حقیقی مالک ہے۔ قربانی اس حقیقی مالک کا شکر یہ بھی ہے اور اس بات کا عملی اظہار بھی کہ مومن دل سے خدا کی بڑائی، عظمت اور کبریائی پر یقین رکھتا ہے۔

جانور کے گلے پر چھری رکھ کر وہ اس حقیقت کا عملی اظہار و اعلان بھی کرتا ہے اور زبان سے بھی بِسْمِ اللہِ، اَللہُ اَکْبَرُ کہہ کر اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہے۔

## قربانی کی رُوح

اسلام سے پہلے لوگ قربانی کر کے اس کا گوشت بیت اللہ کے سامنے لا کر رکھتے اور اس کا خون بیت اللہ کی دیواروں پر لتھیڑتے تھے۔ قرآن نے بتایا کہ خدا کو تمہارے اس گوشت اور خون کی ضرورت نہیں۔ اس کے یہاں تو قربانی کے وہ جذبات پہنچتے ہیں جو ذبح کرتے وقت تمہارے دلوں میں موجزن ہوتے ہیں یا ہونے چاہئیں۔ قربانی، گوشت اور خون کا نام نہیں ہے بلکہ اس حقیقت کا نام ہے کہ ہمارا سب کچھ خدا کے لیے ہے اور اسی کی راہ میں قربان ہونے کے لیے ہے۔

قربانی کرنے والا صرف جانور کے گلے پر ہی چھری نہیں پھیرتا بلکہ وہ ساری ناپسندیدہ خواہشات کے گلے پر بھی چھری پھیر کر ان کو ذبح کر ڈالتا ہے، اس شعور کے بغیر جو قربانی کی جاتی ہے، وہ ابراہیم و اسمٰعیل علیہم السلام کی سنت نہیں بلکہ ایک قومی رسم ہے، جس میں گوشت اور پوست کی فراوانی تو ہوتی ہے لیکن وہ تقویٰ ناپید ہوتا ہے جو قربانی کی رُوح ہے۔

Marfat.com

لَنْ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْمُہَا وَلَا دِمَاءُ ھَا وَلٰکِنْ یَّنَالُہُ التَّقْوٰی مِنْکُمْ۔

"اللہ تعالیٰ کو ان جانوروں کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا بلکہ اس کو تمہاری جانب سے تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔"

خدا کی نظر میں اس قربانی کی کوئی قیمت نہیں جس کے پیچھے تقویٰ کے جذبات نہ ہوں، خدا کے دربار میں وہی عمل مقبول ہے جس کا محرک خدا کا تقویٰ ہو۔

اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ٥

"اللہ صرف متقیوں کا عمل ہی قبول کرتا ہے۔"

## اُونٹ کی قربانی کا رُوحانی منظر

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰھَا لَکُمْ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰہِ لَکُمْ فِیْھَا خَیْرٌ فَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْھَا صَوَآفَّ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُھَا فَکُلُوْا مِنْھَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ[1]

"اور (قربانی کے) اونٹوں کو ہم نے تمہارے لیے خدا پرستی کی نشانی بنا دیا ہے، اس میں تمہارے لیے خیر ہی خیر ہے، پس ان کو قطار در قطار کھڑا کر کے ان پر اللہ کا نام لو اور جب (گر کر) ان کے پہلو زمین پر ٹک جائیں تو خود کھاؤ، اور ان کو بھی کھلاؤ جو مانگنے سے بچتے ہیں اور ان کو بھی جو مانگتے ہیں۔"

ہماری جانیں بھی خدا کی جناب میں قربان ہونے کے لیے حاضر ہیں، دراصل

---

[1] سورہ الحج۔

یہ قربانی اپنی جان کی قربانی کے قائم مقام ہے، اس معنویت کے ساتھ اونٹوں کی قربانی پر غور کیجیے ——— ان کے زخمی ہونے، خون بہانے، گرنے اور راہِ خدا میں جان دینے کے منظر پر غور کیجیے ——— ایسا محسوس ہوگا کہ گویا میدانِ جہاد میں خدا پرستوں کی صفیں بندھی ہوئی ہیں، ان کے حلقوم اور سینوں میں تیر پیوست ہو رہے ہیں، خون کے فوارے چھوٹ رہے ہیں، لالہ زار زمین ان کی جاں نثاری کا ثبوت دے رہی ہے اور وہ ایک ایک کر کے خدا کے قدموں میں گر گر کر اپنی جانیں پیش کر رہے ہیں۔

## قربانی کا طریقہ اور دُعا

جانور ذبح کرنے کے لیے اس طرح لٹایا جائے کہ اس کا رُخ قبلے کی جانب رہے، اور چھری خوب تیز کر لی جائے، جہاں تک ہو اپنی قربانی کا جانور خود اپنے ہاتھ سے ہی ذبح کیا جائے اور کسی وجہ سے ذبح نہ کر سکے تو کم از کم اس کے پاس ہی کھڑا رہے۔

ذبح کرتے وقت پہلے یہ دعا پڑھے

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
عَلٰی مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ
صَلٰوتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝
لَاشَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ
اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ[1]

---

[1] مشکوٰۃ باب الاضحیہ۔

"میں نے ہر طرف سے یکسو ہو کر اپنا رُخ ابراہیم علیہ السلام کے طریقے پر ٹھیک اس خدا کی طرف کر لیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، اور میں شرک کرنے والوں میں سے قطعاً نہیں ہوں، بلاشبہ میری نماز، میری قربانی، میری زندگی اور میری موت سب اللہ رب العٰلمین کیلیے ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، مجھے اسی کا حکم ملا ہے اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ اے اللہ! یہ تیرے ہی حضور پیش ہے اور تیرا ہی دیا ہوا ہے۔"

پھر بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کرے، ذبح کرنے کے بعد یہ کہے:۔

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّيْ[1] كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّخَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔

"اے اللہ! تو اس قربانی کو میری جانب سے قبول فرما جس طرح تو نے اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اپنے خلیل ابراہیم علیہ السلام کی قربانی قبول فرمائی، دونوں پر درود و سلام ہو۔"

## قربانی کی فضیلت و تاکید

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کی فضیلت اور بے بہا اجر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

(۱) "خدا کے نزدیک نحر کے دن (یعنی دسویں ذوالحجہ کو) قربانی کا خون بہانے سے زیادہ پسندیدہ کوئی عمل نہیں ہے۔ قیامت کے

---

[1] اگر کسی اور کی جانب سے ذبح کر رہا ہو تو "مِنِّیْ" کہنے کے بجائے "مِنْ" کے بعد اس کا نام لے، اگر ایک شخص ہو تو ایک کا نام لے اور چند ہوں تو چند کا نام لے۔

Marfat.com

روزِ قربانی کا جانور اپنے سینگوں، بالوں، اور کھُروں سمیت حاضر ہوگا۔ اور قربانی کا خون زمین پر گرنے نہیں پاتا کہ خدا کے یہاں مقبول ہوجاتا ہے لہٰذا قربانی دل کی خوشی اور پوری آمادگی سے کیا کرو۔[1]

(۲) صحابہؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہؐ! یہ قربانی کیا چیز ہے؟ ارشاد فرمایا یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کی سنّت ہے، صحابہؓ نے کہا یا رسول اللہؐ! اس میں ہمارے لیے کیا اجر و ثواب ہے؟ ارشاد فرمایا ہر ہر بال کے بدلے ایک نیکی ملے گی، صحابہؓ نے کہا اور اُون کے بدلے یا رسول اللہؐ! فرمایا ہاں اُون کے ہر ہر روئیں کے بدلے میں بھی ایک نیکی ملے گی۔[2]

(۳) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا سے فرمایا، فاطمہ! اُٹھو آؤ اپنی قربانی کے جانور کے پاس کھڑی ہو اس لیے کہ اس کا جو قطرہ بھی زمین پر گرے گا، اس کے بدلے میں خدا تمہارے پچھلے گناہ بخش دے گا، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا، یہ خوشخبری ہم اہلِ بیت کے لیے ہی مخصوص ہے یا ساری امت کے لیے ہے؟ ارشاد فرمایا، ہمارے اہلِ بیت کے لیے بھی ہے اور ساری امت کے لیے بھی۔[3]

(۴) حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے

---

[1] ترمذی، ابن ماجہ۔ [2] ترمذی، ابن ماجہ۔ [3] جمع الفوائد بحوالہ البزار۔

Marfat.com

بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن بغیر کچھ تناول فرمائے نماز کو نہیں جاتے تھے، اور عید الاضحیٰ کے دن نمازِ عید الاضحیٰ پڑھنے سے پہلے کچھ نہیں کھاتے تھے[1]، اور جب واپس تشریف لاتے تو قربانی کے جانور کی کلیجی پہلے تناول فرماتے تھے۔

---

[1] ترمذی، احمد۔

Marfat.com

# قربانی کے احکام ومسائل

## قربانی کرنے والے کیلئے مسنون عمل

جو شخص بھی قربانی کا ارادہ کرے وہ ذوالحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد نہ جسم کے کسی حصّے کے بال کاٹے اور مونڈے اور نہ ناخن کتروائے، پھر جب قربانی کا جانور ذبح کرلے تو بال اور ناخن وغیرہ بنوائے، یہ عمل مسنون ہے واجب نہیں ہے اور جو شخص قربانی کی وسعت نہ رکھتا ہو اس کے لیے بھی بہتر یہ ہے کہ وہ قربانی کے دن اپنے بال بنوائے، ناخن کٹوائے، خط بنوائے اور زیرِ ناف کے بال لے۔ خدا کے نزدیک اس کا یہی عمل قربانی کا قائم مقام بن جائے گا۔

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا،

"جس کو قربانی کرنا ہو وہ ذوالحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد نہ اپنے بال بنوائے اور نہ ناخن کٹوائے یہاں تک کہ وہ قربانی کرلے[1]"

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اضحیٰ کے دن (یعنی ۱۰ ذوالحجہ کو) عید مناؤں، اللہ نے اس دن کو اس اُمّت کے لیے عید کا دن قرار دیا ہے، ایک شخص نے

---

[1] مسلم، جمع الفوائد جلد اوّل ص۲۵۴۔

Marfat.com

پوچھا یا رسولؐ اللہ! یہ بتائیے کہ اگر میرے پاس ایک ہی بکری ہو جو کسی نے دودھ کے لیے مجھے دے رکھی ہو تو کیا میں اس کی قربانی کروں؟ ارشاد فرمایا نہیں تم اس کی قربانی نہ کرو۔ بلکہ (قربانی کے دن) اپنے بال منوا لینا، اپنے ناخن کٹوا لینا اپنی مونچھیں کترواکر درست کرا لینا، اور زیر ناف کے بال صاف کر لینا، بس خدا کے نزدیک یہی تمہاری پوری قربانی ہو جائے گی[1]۔

## قربانی کے جانور اور ان کے احکام

۱۔ قربانی کے جانور یہ ہیں۔

اونٹ، اونٹنی، دُنبہ، بکرا، بکری، بھیڑ، گائے، بیل، بھینس، بھینسا۔

اِن جانوروں کے علاوہ اور کسی جانور کی قربانی جائز نہیں۔

۲۔ دنبہ، بکرا، بکری، بھیڑ کی قربانی صرف ایک آدمی کی طرف سے ہو سکتی ہے، ایک سے زائد کئی آدمی اس میں حصہ دار نہیں ہو سکتے۔

۳۔ گائے، بھینس اور اونٹ میں سات حصے ہو سکتے ہیں، سات سے زائد نہیں[2]، مگر اس کے لیے دو شرطیں ہیں، پہلی یہ کہ ہر حصے دار کی نیت قربانی یا عقیقے کی ہو محض گوشت حاصل کرنے کی نیت نہ ہو۔

دوسری شرط یہ ہے کہ ہر حصے دار کا حصہ ٹھیک ۱/۷ ہو، اس سے کم کا حصہ دار نہ ہو۔

---

[1] جمع الفوائد، نسائی، ابوداؤد۔

[2] نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اَلْبَقَرَۃُ عَنْ سَبْعَۃٍ وَالْجَزُوْرُ عَنْ سَبْعَۃٍ، گائے سات افراد کی طرف سے اور اونٹ سات افراد کی طرف سے۔ (مسلم)

Marfat.com

ان دو شرطوں میں سے کوئی بھی شرط پوری نہ ہوئی تو کسی کی قربانی صحیح نہ ہوگی۔

۴۔ گائے، بھینس، اونٹ میں سات افراد سے کم بھی شریک ہو سکتے ہیں مثلاً کوئی دو، چار، یا کم وبیش حصے لے، مگر اس میں بھی یہ شرط ضروری ہے کہ کوئی حصے دار ساتویں حصے سے کم کا شریک نہ ہو ورنہ کسی کی قربانی صحیح نہ ہوگی۔

۵۔ ایک شخص نے گائے خریدی اور ارادہ یہ ہے کہ دوسروں کو شریک کر کے قربانی کر لیں گے تو یہ درست ہے، اور اگر خریدتے وقت پوری گائے اپنے ہی لیے خریدی پھر بعد میں دوسروں کو شریک کرنے کا ارادہ کر لیا، تو یہ بھی جائز ہے، البتہ بہتر یہی ہے کہ ایسی صورت میں اپنے پہلے ارادے کے مطابق پورا جانور اپنی طرف سے ہی کرے، لیکن دوسروں کو شریک کرنا ہی چاہے تو خوشحال آدمی کو شریک کرے جس پر قربانی واجب ہو، اگر کسی ایسے شخص کو شریک کر لیا جس پر قربانی واجب نہیں ہے تو درست نہیں۔

۶۔ گائے، بھینس کی قربانی میں ایک یا ایک سے زائد افراد کے حصے از خود ہی تجویز کر کے قربانی کر لی اور ان افراد کی مرضی اور اجازت نہیں لی تو یہ قربانی صحیح نہیں ہے، جن لوگوں کے بھی حصے رکھے جائیں ان کے کہنے سے رکھے جائیں یہ نہیں کہ از خود حصے دار تجویز کر کے قربانی تو پہلے کر لی جائے اور حصے داروں کی مرضی اور اجازت بعد میں حاصل کی جائے۔

۷۔ بکرا، بکری اور دنبہ بھیڑ جب پورے سال بھر کے ہو جائیں تو ان کی قربانی درست ہے سال بھر سے کم کے ہوں تو قربانی درست نہیں اور گائے بھینس پورے دو سال کے ہو جائیں تو ان کی قربانی درست ہے، دو سال سے کم کے ہوں تو قربانی

Marfat.com

درست نہیں اور اونٹ پورے پانچ سال کا ہو تب قربانی درست ہے، پانچ سال سے کم کا ہو تو اُس کی قربانی درست نہیں۔

۸۔ جس جانور کے سینگ پیدائشی طور پر نکلے ہی نہ ہوں، یا نکلے ہوں مگر کچھ حصہ ٹوٹ گیا ہو تو اُس کی قربانی جائز ہے، البتہ جس جانور کے سینگ بالکل جڑ سے ہی ٹوٹ گئے ہوں، اس کی قربانی جائز نہیں۔

۹۔ اندھے، کانے جانور کی قربانی درست نہیں اور اُس لنگڑے جانور کی قربانی بھی درست نہیں جو صرف تین پیروں سے چلتا ہو، چوتھا پیر زمین پر رکھا ہی نہ جاتا ہو یا رکھتا ہو لیکن اس پر زور دے کر نہ چلتا ہو صرف تین پیروں کے سہارے چلتا ہو، ہاں اگر چوتھا پیر بھی کام کر رہا ہو اور چلنے میں صرف لنگ ہو تو پھر قربانی درست ہے۔

۱۰۔ جس جانور کا کان ایک تہائی سے زیادہ کٹ گیا ہو، یا دُم ایک تہائی سے زیادہ کٹ گئی ہو اُس کی قربانی درست نہیں۔

۱۱۔ دُبلے پتلے جانور کی قربانی تو جائز ہے البتہ بہتر یہ ہے کہ موٹا تازہ صحیح سالم اور خوبصورت جانور خدا کی راہ میں قربان کیا جائے، اور اگر جانور ایسا مریل اور دُبلا کمزور ہو کہ اس کی ہڈیوں میں گودا ہی نہ رہ گیا ہو تو اس کی قربانی درست نہیں۔

"حضرت ابو سعیدؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک سینگوں والے موٹے تازے دُنبے کی قربانی کر رہے تھے جس کی آنکھوں کے گرد سیاہی تھی، جس کا منہ بھی سیاہ رنگ کا تھا اور جس کی ٹانگیں بھی سیاہ تھیں۔"[1]

---

[1] ابو داؤد باب ما یستحب من الضحایا۔

Marfat.com

"حضرت جابر بن عبداللہؓ کا بیان ہے کہ "قربانی کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دُنبے سینگوں والے چت کبرے اور خصی ذبح کیے۔"

۱۲- جس جانور کے پیدائشی طور پر کان نہیں ہیں یا ہیں تو بہت ہی چھوٹے چھوٹے ہیں، اس کی قربانی درست ہے۔

۱۳- جس جانور کے دانت بالکل ہی نہ ہوں اس کی قربانی درست نہیں اور اگر چند دانت گرے ہوں باقی زیادہ دانت موجود ہوں تو اس کی قربانی درست ہے۔

۱۴- خصی بکرے اور مینڈھے کی قربانی درست ہے۔ خصی ہونا عیب نہیں ہے بلکہ جانور کو فربہ کرنے کا ایک سبب ہے، خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خصی دُنبے کی قربانی کی ہے۔

۱۵- ایک خوشحال آدمی نے، جس پر قربانی واجب تھی، ایک جانور قربانی کے لیے خریدا، خرید لینے کے بعد اس میں کوئی ایسا عیب پیدا ہو گیا جس کی وجہ سے اس کی قربانی درست نہ رہی، تو ضروری ہے کہ وہ شخص دوسرا جانور خرید کر قربانی کرے، ہاں اگر کسی ایسے نادار شخص کے ساتھ ایسا واقعہ ہوا جس پر قربانی واجب نہ تھی تو اس کے لیے اسی عیب دار جانور کی قربانی کر لینا جائز ہے۔

۱۶- گائے اور بکری اگر حاملہ ہو تو اس کی قربانی بھی جائز ہے، اگر بچہ زندہ برآمد ہو تو اس کو بھی ذبح کر لینا چاہیے۔

## قربانی کا حکم

۱- قربانی کرنا واجب ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، جس کے اوپر

حضرت ابوہریرہؓ ہیں۔

"جو شخص وسعت رکھتے ہوئے قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے"[1]

"حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے ایک شخص نے پوچھا کیا قربانی واجب ہے؟ آپ نے جواب دیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مسلمانوں نے قربانی کی ہے۔ اس نے پھر وہی سوال دُہرایا (کیا قربانی واجب ہے؟) ارشاد فرمایا تم سمجھتے ہو! نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے قربانی کی ہے"

۲۔ قربانی قارن پر بھی واجب ہے اور متمتع پر بھی البتہ مفرد پر واجب نہیں اگر وہ اپنے طور پر کرے تو اجر و ثواب کا مستحق ہوگا۔

۳۔ زائرین حرم کے علاوہ عام مسلمانوں پر قربانی واجب ہونے کے لیے دو شرطیں ہیں ایک یہ کہ وہ خوشحال ہو، خوشحال سے مُراد یہ ہے کہ اُس کے پاس اتنا مال و اسباب ہو جو اس کی بنیادی ضرورتوں سے زائد ہو اور اگر ان کا حساب لگایا جائے تو یہ بقدر نصاب ہو جائے، یعنی جس شخص پر صدقۂ فطر واجب ہے اس پر قربانی بھی واجب ہے۔

دوسری شرط یہ ہے کہ وہ مقیم ہو مسافر پر قربانی واجب نہیں۔

۴۔ قربانی صرف اپنی ہی جانب سے واجب ہے، نہ بیوی کی طرف سے واجب ہے نہ اولاد کی طرف سے۔

---

[1] جمع الفوائد بحوالہ القزوینی۔

۵۔ کسی شخص پر قربانی شرعاً واجب نہیں تھی لیکن اس نے قربانی کی نیت سے کوئی جانور خرید لیا، تو اب اس جانور کی قربانی واجب ہو گئی۔

۶۔ ایک شخص پر قربانی واجب تھی لیکن قربانی کے تینوں دن گزر گئے اور وہ کسی وجہ سے قربانی نہیں کر سکا، اگر اس نے بکری وغیرہ خرید لی تھی تب تو اسی بکری کو زندہ خیرات کر دے اور نہ خریدی ہو تو ایک بکری کی قیمت بھر رقم خیرات کر دے۔

۷۔ کسی نے منت اور نذر مانی کہ میرا فلاں کام ہو جائے تو قربانی کروں گا پھر خدا کے فضل و کرم سے وہ کام ہو گیا تو چاہے یہ شخص خوشحال ہو یا نادار بہر حال اس پر قربانی واجب ہو گئی، اور نذر کی قربانی کا حکم یہ ہے کہ اس کا سارا گوشت غریبوں اور حاجت مندوں میں تقسیم کر دیا جائے، قربانی کرنے والا خود بھی نہ کھائے اور نہ خوشحال لوگوں کو کھلائے۔

## قربانی کے ایام اور وقت

۱۔ عیدالاضحیٰ یعنی ذوالحجہ کی دسویں تاریخ سے لے کر ذوالحجہ کی بارہویں تاریخ تک غروب آفتاب سے پہلے تک قربانی کے ایام ہیں ان تین ایام میں سے جب اور جس دن سہولت ہو قربانی کرنا جائز ہے لیکن قربانی کا سب سے افضل دن عیدالاضحیٰ کا دن ہے پھر گیارھویں تاریخ اور پھر بارھویں۔

۲۔ شہر اور قصبات کے باشندوں کے لیے نماز عید سے پہلے قربانی کرنا درست نہیں، جب لوگ نماز سے فارغ ہو جائیں تب قربانی کریں۔ البتہ دیہات کے باشندے نمازِ فجر کے بعد بھی قربانی کر سکتے ہیں۔

۳۔ شہر اور قصبات کے باشندے اگر اپنی قربانی کسی دیہات میں کرا رہے

Marfat.com

ہوں تو ان کے جانوروں کی قربانی دیہات میں فجر کے بعد ہو سکتی ہے اور اگر وہاں سے نمازِ عید سے پہلے ہی گوشت آجائے، تب بھی یہ قربانی درست ہے۔

۴۔ ایامِ قربانی یعنی ذوالحجہ کی دس تاریخ سے بارھویں تاریخ غروبِ آفتاب تک، جس وقت چاہیں قربانی کر سکتے ہیں، دن میں بھی اور رات میں بھی، لیکن افضل یہی ہے کہ شب میں قربانی نہ کی جائے ہو سکتا ہے کہ کوئی رگ سلیقے سے نہ کٹے یا رہ جائے اور قربانی درست نہ ہو۔

۵۔ قربانی واجب ہونے کی دو شرطیں ہیں، مقیم ہونا اور خوشحال ہونا۔ اگر کوئی شخص سفر میں ہے اور وہ بارھویں ذوالحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے اپنے وطن پہنچ گیا اور خوشحال ہے تو اس پر قربانی واجب ہو گئی اور اگر وہ مقیم ہے اور نادار ہے، لیکن بارھویں ذوالحجہ کو غروبِ آفتاب سے پہلے خدا نے اسے مال و دولت سے نواز دیا تو اس پر بھی قربانی واجب ہو گئی۔

## قربانی کے متفرق مسائل

۱۔ قربانی کرتے وقت نیت کا زبان سے اظہار کرنا اور دعا پڑھنا ضروری نہیں صرف دل کی نیت اور ارادہ قربانی صحیح ہونے کے لیے کافی ہے، البتہ زبان سے دعا پڑھنا بہتر ہے۔

۲۔ اپنی قربانی کا جانور اپنے ہی ہاتھ سے ذبح کرنا بہتر ہے، ہاں اگر کسی وجہ سے خود ذبح نہ کر سکے تو کم از کم وہاں موجود ہی رہے، اور خواتین بھی اپنی قربانی کا جانور ذبح ہوتے وقت موجود رہیں تو بہتر ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔
"فاطمہؓ! اٹھو اپنی قربانی کے جانور کے پاس کھڑی ہو اس لیے کہ اس کے ہر قطرۂ خون کے بدلے تمہارے پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا یا رسول اللہؐ! یہ ہم اہلِ بیت کے لیے ہی خصوصی کرم ہے یا ہمارے لیے بھی ہے اور عام مسلمانوں کے لیے بھی؟۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، ہمارے لیے بھی ہے اور سارے مسلمانوں کے لیے بھی ہے[1]"

۳۔ گائے، بھینس وغیرہ کی قربانی میں کئی افراد شریک ہوں تو گوشت کی تقسیم اندازے سے نہ کریں بلکہ سری، پائے اور گردہ کلیجی وغیرہ سب کو شامل کر کے سات حصّے بنائیں اور پھر جس کے جتنے حصّے ہوں اس کو حساب سے دے دیں۔

۴۔ قربانی کا گوشت خود بھی کھا سکتے ہیں اپنے رشتہ داروں اور دوست احباب میں بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ کم از کم ایک تہائی تو غرباء اور مساکین میں تقسیم کر دیں اور باقی اپنے اور اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب کے لیے رکھ لیں، لیکن یہ لازم نہیں ہے کہ ایک تہائی خیرات ہی کیا جائے، ایک تہائی سے کم بھی فقیروں اور غریبوں میں بانٹ دیا جائے تو کوئی گناہ نہیں۔

۵۔ گائے، بھینس اور اونٹ کی قربانی میں کئی افراد شریک ہیں اور وہ آپس میں گوشت تقسیم کرنے کے بجائے سب ایک ساتھ ہی فقراء اور مساکین کو تقسیم

---

[1] جمع الفوائد بحوالہ البزار۔

کرنا چاہتے ہیں یا پکا کر کھلانا چاہتے ہیں تو یہ بھی جائز ہے۔

۶۔ قربانی کا گوشت غیر مسلموں کو دینا بھی جائز ہے، البتہ اُجرت میں دینا صحیح نہیں ہے۔

۷۔ قربانی کی کھال بھی کسی حاجت مند کو خیرات میں دی جاسکتی ہے اور اس کو فروخت کرکے رقم بھی خیرات کی جاسکتی ہے، یہ رقم ان لوگوں کو دینا چاہیئے جن کو زکوٰۃ دی جاتی ہے۔

۸۔ قربانی کی کھال کو اپنے کام میں لانا بھی جائز ہے، مثلاً نماز پڑھنے کے لیے جانماز بنوالی جائے یا ڈول وغیرہ بنوالیا جائے۔

۹۔ قصاب کو گوشت بنانے کی مزدوری میں گوشت کھال یا رسّی وغیرہ نہ دی جائے بلکہ مزدوری الگ سے دی جائے اور جانور کی رسّی، کھال وغیرہ سب خیرات کردینی چاہیئے۔

۱۰۔ جس شخص پر قربانی واجب ہے اس کو تو کرنا ہی ہے جن پر واجب نہیں ہے، ان کو بھی اگر غیر معمولی زحمت نہ ہو تو ضرور قربانی کرنی چاہیئے۔ البتہ دوسروں سے قرض لے کر قربانی کرنا مناسب نہیں۔

## مُردوں کی طرف سے قربانی

خدا نے جس شخص کو مال و دولت سے نوازا ہے، وہ صرف واجب قربانی پر ہی کیوں اکتفا کرے، بلکہ قربانی کا بے حد وحساب اجر و انعام پانے کے لیے اپنے بزرگوں، یعنی مُردہ ماں باپ، دادا، دادی اور دوسرے

Marfat.com

رشتے داروں کی طرف سے بھی قربانی کرے تو بہتر ہے، اور اپنے محسنِ اعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) جن کی بدولت ہدایت وایمان کی دولت نصیب ہوئی ہے، کی طرف سے قربانی تو مومن کی بہت بڑی سعادت ہے۔ اسی طرح ازواجِ مطہّرات یعنی اپنی روحانی ماؤں کی طرف سے قربانی کرنا بھی انتہائی خوش نصیبی ہے۔

---

Marfat.com

# ہدی کا بیان

ہدی کے لغوی معنی ہیں، تحفہ اور ہدیہ، اور شریعت کی اصطلاح میں ہدی سے مراد وہ جانور ہے جو زائرِ حرم قربانی کرنے کے لیے اپنے ہمراہ لے جاتا ہے یا کسی ذریعے سے وہاں بھیج دیتا ہے۔

۱۔ ہدی کی تین قسمیں ہیں، اونٹ، گائے اور بکری۔

اونٹ ہدی کی اعلیٰ قسم ہے اور بکری ہدی کی ادنیٰ قسم ہے ـــــ بھیڑ، دُنبہ وغیرہ بکری کے حکم میں ہیں اور بھینس، بیل وغیرہ گائے کے حکم میں ہیں۔

۲۔ ہدی کے جانوروں کی صحت، اور عمر وغیرہ سے متعلق احکام و شرائط وہی ہیں جو قربانی کے جانوروں سے متعلق ہیں[1]۔

۳۔ ہدی اگر تطوع کی ہو، جیسے حج افراد کرنے والا اپنی خوشی سے نفلی قربانی پیش کرے، تو اس قربانی کا گوشت ہدی دینے والا خود بھی کھا سکتا ہے، اسی طرح حج قران اور حج تمتع کرنے والا بھی اپنی قربانی کا گوشت کھا سکتا ہے، جس طرح عام قربانی کا گوشت خود کھانا جائز ہے، کیونکہ قران اور تمتع کی ہدی کسی جرم یا کوتاہی کا کفارہ نہیں ہے بلکہ بطور تشکر اللہ تعالیٰ نے قارن اور متمتع پر واجب کیا ہے، اس لیے

---

[1] قربانی کے جانوروں سے متعلق احکام و شرائط صفحہ ۱۰۲ پر ملاحظہ فرمائیے۔

Marfat.com

قربانی کے گوشت کی طرح اس کا کھانا بھی جائز ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہدی کے ہر ایک جانور میں سے ایک ایک ٹکڑا پکوایا اور کھایا اور اس کا شوربا بھی پیا، جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت صحیح مسلم میں منقول ہے، اور احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ آپؐ نے حج میں کئی قربانیاں کی تھیں، ظاہر ہے قِران یا تمتّع کی تو ایک ہی قربانی ہوگی باقی قربانیاں نفلی ہی ہوں گی) اور آپؐ نے جب ہر ایک میں سے ایک ایک ٹکڑا پکوایا تو معلوم ہوا کہ تمتّع، قِران اور نفلی ہدایا تینوں ہی کا گوشت قربانی کرنے والا خود بھی کھا سکتا ہے)۔

تمتّع، قِران اور تطوّع کے علاوہ کسی ہدی کا گوشت خود کھانا جائز نہیں۔ چاہے وہ کسی جرم کے کفارے کی ہدی ہو، چاہے نذر و منّت کی اور چاہے وہ دم اِحصار[1] ہو۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب صلح حدیبیہ کے موقع پر حج سے روک دیئے گئے تو آپؐ نے ناجیہ اسلمی کے ہاتھ احصار کی ہدی روانہ کی اور ان کو یہ ہدایت فرمائی کہ اس میں سے تم بھی نہ کھانا اور تمہارے ساتھی بھی نہ کھائیں۔

۵۔ جس ہدی کا خود کھانا جائز نہیں ہے اس کا سارا گوشت فقراء اور مساکین میں صدقہ کر دینا واجب ہے، حرم کے فقراء کو دیا جائے یا حرم کے باہر کے فقراء کو دونوں کو دینا صحیح ہے، فقراءِ حرم کی کوئی خصوصیت نہیں ہے[2]۔

۶۔ جس ہدی کا خود کھانا جائز ہے اس کا سارا گوشت مساکین میں صدقہ کرنا واجب

---

[1] دیکھیے اصطلاحات صفحہ ۱۸۵۔ [2] عین الہدایہ

نہیں بلکہ مستحب ہے کہ قربانی کی طرح اس کے تین حصّے کر لیے جائیں، ایک حصّہ اپنے کھانے کے لیے، ایک حصّہ اپنے عزیز و اقارب میں تحفہ کے طور پر دینے کے لیے اور ایک حصّہ فقراء میں تقسیم کرنے کے لیے، لیکن ایسا کرنا ضروری نہیں۔ اگر کوئی شخص سارا کا سارا گوشت غرباء اور مساکین میں تقسیم کر دے تب بھی جائز ہے۔

---

Marfat.com

# آبِ زمزم اور اُس کے آداب و دُعا

بیت اللہ سے مشرق کی جانب ایک تاریخی کنواں ہے، جس کو زمزم کہتے ہیں۔ حدیث میں اس کنوئیں کی بھی بڑی فضیلت آئی ہے اور اس کے پانی کی بھی بڑی برکت اور فضیلت بیان کی گئی ہے۔

ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے جب اسمٰعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ ہاجرہ کو مکے کے بے آب و گیاہ ریگستان میں لاکر بسایا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر رحم کھاکر اس چٹیل میدان میں ان کے لیے زمزم کا یہ چشمہ جاری فرمایا۔ حدیث میں ہے

هِيَ هَزْمَةُ جِبْرِيلَ وَسُقْيَا إِسْمٰعِيلَ [1]

"یہ جبریلؑ کا کھودا ہوا کنواں ہے اور اسمٰعیلؑ کا سقادہ ہے۔"

سعی اور حلق و تقصیر وغیرہ سے فارغ ہونے کے بعد زمزم کا پانی خوب ہی شکم سیر ہوکر پینا چاہیے۔ زمزم کا پانی اس افراط کے ساتھ پینا کہ پسلیاں تن جائیں ایمان کی علامت ہے، ایمان سے محروم منافق اتنا نہیں پی سکتا کہ اس کی پسلیاں تن سکیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

"ہمارے اور منافقین کے درمیان ایک امتیازی علامت یہ ہے

---

[1] دار قطنی۔

Marfat.com

کہ منافقین زمزم کا پانی اتنا شکم سیر ہوکر نہیں پیتے کہ ان کی پسلیاں تن جائیں[1]۔"

آبِ زمزم کی برکت اور فضیلت بیان کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

"آبِ زمزم جس مقصد سے پیا جائے، وہ اسی مقصد کے لیے مفید ہو جاتا ہے، شفا کے لیے پیو تو خدا شفا بخشے گا۔ پیٹ بھرنے اور آسودہ ہونے کے لیے پیو تو خدا تمہیں آسودہ کر دے گا۔ پیاس بجھانے کے لیے پیو تو اللہ تعالیٰ تمہاری پیاس بجھا دے گا یہ وہ کنواں ہے جس کو جبریلؑ نے اپنی ٹھوکر کی قوت سے کھودا تھا اور یہ اسمٰعیلؑ کی سبیل ہے[2]۔"

یعنی خدا کے حکم سے حضرت جبریلؑ نے مخصوص طور پر حضرت اسمٰعیلؑ اور حضرت ہاجرہؑ کے لیے اس وادیٔ غیر ذی زرع میں کھودا تھا تاکہ وہ اس سے بھوک پیاس بجھا سکیں۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"روئے زمین کے ہر پانی سے زیادہ افضل زمزم کا پانی ہے، یہ بھوکے کے لیے غذا ہے اور بیمار کے لیے شفا ہے[3]۔"

نیز انہی کی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

[1] ابن ماجہ۔ [2] دارقطنی۔ [3] ابن حبان۔

"جو شخص زمزم کا پانی اس غرض سے پیے گا کہ دشمن سے پناہ پا لے تو اُسے پناہ حاصل ہو گی[1]"

زمزم کا پانی کھڑے ہو کر اور بسم اللہ پڑھ کر پینا چاہیے۔ اور خوب ہی جی بھر کر پینا چاہیے۔ پیتے وقت یہ دعا پڑھی جائے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ[2]

"اے اللہ! میں تجھ سے علم نافع کا سائل ہوں، کشادہ روزی چاہتا ہوں، اور ہر مرض سے شفا کا طالب ہوں۔"

---

[1] حاکم۔ [2] نیل الاوطار۔

Marfat.com

# مُلتزم اور اُس کی دُعا

مُلتزم بیت اللہ کی دیوار کے اُس حصّے کو کہتے ہیں جو بابِ کعبہ اور حجرِ اسود کے درمیان ہے۔ یہ تقریباً چھ فٹ کا حصّہ ہے اور یہ قبولیّتِ دُعا کے اہم مقامات میں سے ایک ہے، اس سے چمٹ کر گڑگڑا کر، سینے اور رُخسار لگا کر انتہائی لجاجت اور عاجزی سے دعائیں مانگنا حج کا ایک مسنون عمل ہے، طواف سے فارغ ہونے کے بعد ملتزم سے چمٹنا اور دعا کرنا، خاص طور پر اس لیے بھی ایک کیفیت پیدا کرتا ہے کہ یہ بیت اللہ سے رخصت کا وقت ہوتا ہے۔

حضرت عمرو بن شعیب کہتے ہیں میرے والد شعیب کا بیان ہے "مَیں اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کے ہمراہ طواف کر رہا تھا کہ مَیں نے کچھ لوگوں کو بیت اللہ سے چمٹتے ہوئے دیکھا، مَیں نے عبداللہ بن عمرو سے کہا، ہمیں بھی اس جگہ لے چلیے، ہم بھی ان لوگوں کے ساتھ اسی طرح بیت اللہ سے چمٹیں گے۔ تو انہوں نے کہا "اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم" پھر جب وہ طواف کر کے فارغ ہوئے، تو وہ بیت اللہ کے اس خاص حصّے کو چمٹ گئے جو بیت اللہ اور حجرِ اسود کے درمیان میں ہے، اور کہا خدا کی قسم یہی وہ جگہ ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مَیں نے چمٹتے ہوئے دیکھا ہے[۱]۔"

---

[۱] بیہقی۔

Marfat.com

اور ابو داؤد کی روایت میں حضرت شعیب کا بیان یوں ہے کہ "عبداللہ ابن عمرو حجرِ اسود اور بابِ کعبہ کے درمیان کھڑے ہوئے، اور اپنا سینہ، چہرہ اور دونوں ہتھیلیاں اس طرح خوب پھیلا کر (دیوارِ کعبہ پر) رکھیں اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے[1]"

مُلتزم کی دعا کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "جو کوئی بھی مصیبت کا مارا اور آفت رسیدہ شخص یہاں پر دعا مانگے گا وہ ضرور عافیت پائے گا[2]"

مُلتزم سے چمٹ کر پہلے یہ دعا پڑھی جائے تو بہتر ہے پھر دین و دُنیا کی جو جائز مُرادیں چاہے مانگے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا یُّوَافِیْ نِعَمَکَ وَ یُکَافِیْ مَزِیْدَکَ اَحْمَدُکَ بِجَمِیْعِ مَحَامِدِکَ مَا عَلِمْتُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ وَ عَلٰی جَمِیْعِ نِعَمِکَ مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ وَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اَعِذْنِیْ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَ اَعِذْنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْ اَکْرَمِ وَفْدِکَ عَلَیْکَ وَاَلْزِمْنِیْ سَبِیْلَ الْاِسْتِقَامَۃِ حَتّٰی اَلْقَاکَ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

(اذکار علامہ نووی)

---

[1] ابو داؤد باب الملتزم۔ [2] ابو داؤد، ابن ماجہ۔

Marfat.com

"اے اللہ! حمد و شکر کا تو ہی مستحق ہے اُس حمد و شکر کا جس سے تیری نعمتوں کا کچھ حق ادا ہو سکے، اور ان نعمتوں پر مزید احسان و انعام کا کچھ بدل بن سکے، میں تیری حمد و ثنا کرتا ہوں تیری ان تمام خوبیوں کے ساتھ جن کا مجھے علم ہے اور ان خوبیوں کے ساتھ بھی جن کا مجھے علم نہیں، تیری ان تمام عطا کردہ نعمتوں پر جن میں سے کچھ کا مجھے علم ہے اور کچھ میرے دائرۂ علم سے باہر ہیں، اور ہر حال میں تیرا شکر گزار اور تیرا ثنا خواں ہوں، اے اللہ! درود و سلام ہو محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر۔ اے اللہ! مجھے شیطانِ مردود سے اپنی پناہ میں رکھ اور مجھے اپنی پناہ دے ہر بُرائی سے اور تو نے مجھے جو کچھ عنایت فرمایا ہے اس پر مجھے قانع بنا دے اور میرے لیے اس میں برکت پیدا فرما دے۔"

"اے اللہ! تو مجھے اپنے عزت و اکرام والے مہمانوں میں سے بنا دے اور سیدھے راستے پر اس وقت تک جمے رہنے کی توفیق عطا فرما اے رب العٰلمین! جب کہ میں تجھ سے آکر ملوں۔"

Marfat.com

# قبولیتِ دعا کے مقامات

حج کے دوران ہر ہر عمل کرتے ہوئے ذکر و تسبیح میں مشغول رہنا اور ہر ہر مقام پر کثرت سے دعائیں کرنا مومن کی شان ہے بالخصوص بعض متعین مقامات پر تو دعاؤں کا اور زیادہ اہتمام کرنا چاہیئے۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ جب مکے سے بصرے واپس جانے لگے تو آپ نے مکے والوں کے نام ایک خط لکھا جس میں مکے کے قیام کی اہمیت اور فضائل کا ذکر کیا، اور خاص طور پر یہ واضح فرمایا کہ ان پندرہ مقامات پر خصوصیت کے ساتھ بندۂ مومن کی دعا قبول ہوتی ہے۔

(۱) ملتزم سے چمٹ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ملتزم ایک ایسا مقام ہے جہاں دعا قبول ہوتی ہے، اس مقام پر بندہ جو دعا بھی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور قبول فرماتا ہے[۱]

(۲) میزاب کے نیچے۔

(۳) کعبہ مقدسہ کے اندر۔

(۴) آبِ زمزم کے پاس۔

---

[۱] الحصن الحصین۔

(۵) صفا اور مروہ پر۔
(۶) صفا اور مروہ کے درمیان جہاں سعی کی جاتی ہے۔
(۷) مقام ابراہیم کے نیچے۔
(۸) عرفات کے میدان میں۔
(۹) مزدلفے میں (یعنی مشعر الحرام کے پاس)۔
(۱۰) منیٰ میں۔
(۱۱) جمرات کے پاس"[1]

---

[1] الحصن الحصین۔

Marfat.com

# عُمرہ

عُمرہ کے معنی ہیں آباد مکان کا ارادہ کرنا، زیارت کرنا، اور اصلاحِ شرع میں عمرے سے مُراد وہ چھوٹا حج ہے، جو ہر زمانے میں ہو سکتا ہے، اس کے لیے کوئی مہینہ اور دن مقرر نہیں، جب اور جس وقت جی چاہے احرام باندھ کر بیت اللہ کا طواف کریں، سعی کریں، اور حلق یا تقصیر کرکے احرام کھول دیں۔ عُمرہ حج کے ساتھ بھی کیا جا سکتا ہے اور حج سے علیحدہ بھی، عُمرہ کرنے والے کو معتمر کہتے ہیں۔ قرآن میں ہے

وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ۔

"اور اللہ کی رضا کے لیے حج اور عمرہ پورا کرو۔"

حدیث میں عمرہ کی بڑی فضیلت آئی ہے،

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

"سب سے بہتر عمل ایمان کی شہادت ہے، اس کے بعد ہجرت اور جہاد کا مرتبہ ہے، پھر دو عمل ہیں جن سے زیادہ کوئی عمل افضل نہیں ایک حج مبرور اور دوسرا عمرۂ مبرورہ[1]۔"

---

[1] مسند احمد۔

Marfat.com

عمرۂ مبرورہ کے معنی ہیں وہ عمرہ جو محض خدا کی رضا کے لیے اس کے تمام آداب و شرائط کے ساتھ کیا گیا ہو، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

"جو شخص اپنے گھر سے حج یا عمرے کی نیت سے روانہ ہوا اور راستے ہی میں اس کا انتقال ہو گیا تو وہ شخص بغیر حساب جنت میں داخل ہو گا، اللہ تعالیٰ بیت اللہ کا طواف کرنے والوں پر فخر کرتا ہے[1]۔"

اور آپ کا ارشاد ہے

"حج کرنے والے اور عمرہ کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں، یہ اللہ کی دعوت پر آئے ہیں، یہ جو کچھ خدا سے مانگتے ہیں وہ ان کو عطا فرماتا ہے[2]۔"

نیز فرمایا

"ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک کے لیے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے[3]۔"

## عمرہ کے مسائل

۱۔ عمرہ زندگی میں صرف ایک بار سنّتِ مؤکدہ ہے، اس کے علاوہ جب بھی کیا جائے باعثِ اجر و برکت ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا "کیا عمرہ واجب ہے؟" آپ نے فرمایا "نہیں، البتہ عمرہ کیا کرو اس کی بڑی فضیلت ہے[4]۔"

---

[1] البیہقی، دارقطنی۔ [2] البزار۔ [3] بخاری، مسلم [4] جمع الفوائد بحوالہ ترمذی۔

۲۔ عمرہ کے لیے کوئی مہینہ، دن اور وقت مقرر نہیں ہے۔ جس طرح کہ حج کے ایام اور اس کے مناسک کے لیے ایام مقرر ہیں، جب اور جس وقت موقع ہو عمرہ کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ رمضان المبارک میں عمرہ کرنا مستحب ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

"رمضان میں عمرہ کرنا ایسا ہے جیسا کہ میری معیّت میں حج کرنا۔"[1]

۴۔ عمرے کے لیے میقات حِل ہے، اور سب ہی لوگوں کے لیے ہے، چاہے وہ آفاقی ہوں یا میقات کے اندر حِل اور مکّے کے رہنے والے[2]

۵۔ عمرے کے اعمال صرف یہ ہیں، اِحرام باندھنا، بیت اللہ کا طواف کرنا، صفا، مروہ کے درمیان سعی کرنا، اور حلق یا تقصیر کرانا۔

---

[1] ابو داؤد، ترغیب اور بخاری کی روایت میں ہے "رمضان کا عمرہ حج کے برابر ہے۔"

[2] حج کی میقات مکے والوں کے لیے حرم ہے۔

# حج کی قسمیں

حج کی تین قسمیں اور تینوں کے کچھ الگ الگ مسائل ہیں۔

(۱) حجِ اِفراد (۲) حجِ قِران (۳) حجِ تمتع۔

## حجِ اِفراد

اِفراد کے لغوی معنی ہیں، اکیلا کرنا، تنہا کام کرنا وغیرہ اور اصطلاحِ شرع میں اِفراد سے مراد وہ حج ہے جس کے ساتھ عمرہ نہ کیا جائے، صرف حج کا احرام باندھا جائے اور صرف حج کے مراسم ادا کیے جائیں، حجِ اِفراد کرنے والے کو مفرد کہتے ہیں، مفرد اِحرام باندھتے وقت صرف حج کی نیت کرے اور سارے ارکانِ حج جو اس سے پہلے بیان ہو چکے ہیں ادا کرے، مفرد پر قربانی واجب نہیں ہے۔

## حجِ قِران

قِران کے لغوی معنی ہیں دو چیزوں کو باہم ملانا۔ اور اصطلاحِ شرع میں قِران حج اور عُمرے کا اِحرام ایک ساتھ باندھ کر دونوں کے ارکان ادا کرنے کو کہتے ہیں، حجِ قِران کرنے والے کو قارِن کہتے ہیں۔

Marfat.com

حج قران، اِفراد اور تمتع دونوں سے افضل ہے[۱] حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"حج اور عمرے کو ملا کر ادا کرو۔ اس لیے کہ یہ دونوں، ناداری اور گناہوں کو (آدمی سے اس طرح) نیست و نابود کر دیتے ہیں جیسے کہ بھٹی لوہے اور سونے اور چاندی کے میل کچیل کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔"[۲]

## قران کے مسائل

۱۔ قارن کے لیے ضروری ہے کہ وہ عمرہ، حج کے مہینوں میں کرے۔

۲۔ حج قران میں عمرہ کا طواف حج کے طواف سے پہلے کرنا واجب ہے، اور عمرے کے لیے الگ طواف اور سعی ہے اور حج کے لیے الگ[۳]۔

۳۔ قرآن میں عمرے کے تمام افعال سے فراغت کے بعد حج کے افعال و مناسک شروع کرنا مسنون ہے۔

۴۔ قارن کے لیے یہ ممنوع ہے کہ وہ عمرہ کر کے حلق یا تقصیر کرالے۔

۵۔ قارن کے لیے یہ جائز تو ہے کہ وہ عمرے کا طواف اور حج کا طوافِ قدوم

---

[۱] امام شافعیؒ کے نزدیک اِفراد افضل ہے، اور امام مالکؒ کے نزدیک تمتع افضل ہے، اس لیے کہ حج تمتع کا ذکر قرآن میں فرمایا گیا ہے اور امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں، "اگر قربانی کے جانور ساتھ ہوں تو قران افضل ہے اور جب قربانی کے جانور ساتھ نہ ہوں تو تمتع افضل ہے۔ [۲] ترمذی۔

[۳] علماءِ اہلِ حدیث کے نزدیک حج قران میں عمرے اور حج کے لیے ایک ہی طواف اور سعی کافی ہے۔

Marfat.com

ایک ساتھ کرلے اور اسی طرح دونوں کی سعی بھی ایک ساتھ کرلے، لیکن ایسا کرنا سُنّت کے خلاف ہے۔

۶۔ حجِ قران کرنے والے پر قربانی واجب ہے اور یہ قربانی دراصل اس بات کا شکریہ ہے کہ خدا نے حج اور عمرہ دونوں کا موقع عنایت فرمایا۔ اور اگر قربانی کرنے کی وسعت نہ ہو تو پھر دس روزے رکھنا واجب ہیں، تین روزے تو یوم نحر سے پہلے رکھ لے اور سات روزے ایامِ تشریق کے بعد رکھے۔ قرآن میں ہے۔

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ط

"پھر جس کو قربانی میسر نہ ہو تو وہ تین دن روزے رکھے دورانِ حج میں، اور سات روزے جب تم حج سے فارغ ہو کر لوٹو تب رکھو، یہ سب پورے دس ہوئے۔"

۷۔ حجِ قران یا تمتع صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو میقات سے باہر کے رہنے والے ہیں، جن کو اصطلاح میں آفاقی کہتے ہیں۔ قرآن پاک میں ہے۔

ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔

"یہ (تمتع یا قران) اُن کیلیے ہے جن کے اہل خانہ مسجدِ حرام میں نہ رہتے ہوں۔"

جو لوگ میقات کے اندر کے باشندے ہیں ان کے لیے صرف حجِ افراد ہی ہے۔

## حجِ تمتّع

تمتّع کے لغوی معنی ہیں کچھ وقت تک فائدہ اٹھانا اور اصطلاحِ شرع میں

Marfat.com

تمتع کے معنی ہیں حجِ تمتع کرنا۔ حج تمتع یہ ہے کہ آدمی عمرہ اور حج ساتھ ساتھ کرے لیکن اس طرح کہ دونوں کے احرام الگ الگ باندھے اور عمرہ کر لینے کے بعد احرام کھول کر اُن ساری چیزوں سے فائدہ اٹھائے جو احرام کی حالت میں ممنوع ہو گئی تھیں، اور پھر حج کا اِحرام باندھ کر حج ادا کرے، اس طرح کے حج میں چونکہ عُمرے اور حج کی درمیانی مدت میں اِحرام کھول کر حلال چیزوں سے فائدہ اٹھانے کا کچھ وقت مِل جاتا ہے، اسی لیے اس کو حجِ تمتع کہتے ہیں، قرآن میں ہے

فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ۔

"پس جو شخص حج کے ایام تک اپنے عُمرے سے فائدہ اٹھانا چاہے تو اس پر اس کی وسعت کے مطابق قربانی ہے۔"

حجِ تمتع، اِفراد سے افضل ہے، اس لیے کہ اس میں دو عبادتیں ایک ساتھ جمع کرنے کا موقع مل جاتا ہے اور کچھ زیادہ مناسک ادا کرنے کی سعادت حاصل ہو جاتی ہے۔

حج تمتع کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ ہدی کا جانور اپنے ہمراہ لائے، اور دوسری یہ کہ ہدی کا جانور اپنے ہمراہ نہ لائے۔ پہلی صورت دوسری سے افضل ہے۔

## تمتع کے مسائل

۱۔ متمتع کے لیے ضروری ہے، کہ وہ عمرے کا طواف زمانۂ حج[1] میں کرے

---

[1] حج کے مہینے یہ ہیں، شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کا پہلا عشرہ۔

Marfat.com

یا کم از کم طوافِ عمرہ کے اکثر شوط زمانۂ حج میں ادا کرے۔

۲۔ حجِ تمتع کے لیے ضروری ہے کہ عمرے اور حج کا طواف ایک سال میں کرے، اگر کسی نے ایک سال عمرے کا طواف کیا اور دوسرے سال حج کا طواف کیا تو اس کو متمتع نہیں کہیں گے۔

۳۔ تمتّع میں ضروری ہے کہ پہلے عمرے کا اِحرام باندھا جائے اور یہ بھی ضروری ہے کہ حج کا اِحرام باندھنے سے پہلے عمرے کا طواف کر لیا جائے۔

۴۔ متمتّع کے لیے ضروری ہے کہ وہ عمرے اور حج کے درمیان المام نہ کرے، المام کے معنی ہیں اُتر پڑنا، اور اصطلاح میں المام سے مراد یہ ہے کہ آدمی عمرے کا اِحرام کھولنے کے بعد اپنے گھر والوں میں جا کر اُتر پڑے، ہاں اگر وہ قربانی کا جانور ہمراہ لایا ہے تو گھر اُتر پڑنے پر بھی حجِ تمتّع صحیح ہوگا۔

۵۔ حج تمتع صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو میقات سے باہر کے باشندے ہیں، جو لوگ مکے میں یا میقات کے داخلی علاقوں میں رہتے بستے ہیں ان کے لیے تمتع اور قِران مکروہ تحریمی ہے[۱]۔

۶۔ حجِ تمتع کرنے والے کے لیے طوافِ قدوم کرنا مسنون نہیں ہے، اور اس کو چاہیئے کہ طوافِ زیارت میں رمل کرے۔

۷۔ متمتع پر بھی قارن کی طرح قربانی واجب ہے اور مقدور نہ ہو تو پھر دس روزے رکھے، تین حج کے دوران یوم النحر سے پہلے رکھ لے اور سات اس وقت رکھے جب حج سے فارغ ہو کر لوٹے یعنی ایامِ تشریق کے بعد۔

۸۔ حج تمتع کرنے والا اگر ہدی کا جانور ہمراہ نہ لایا ہو تو عمرے کی سعی کے

بعد حلق یا تقصیر کر کے احرام کھول دے اور پھر حج کے لیے جدید احرام باندھے، البتہ اپنے ساتھ ہدی کا جانور لے کر آیا ہو تو پھر عمرے کی سعی کے بعد حلق وغیرہ نہ کرائے اور احرام باندھے رہے، دسویں ذوالحجہ کو ہدی کی قربانی کر لینے کے بعد احرام سے باہر ہو۔

---

سلہ علم الفقہ جلد پنجم۔

Marfat.com

# نبی عربیؐ کا رخصتی حج

## صحابیٔ رسولؐ حضرت جابرؓ کی زبان سے

مدینۂ منورہ میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ آخری صحابی تھے۔ آپ کی وفات کے بعد مدینے میں پھر کوئی صحابی نہ رہا تھا، جب آپ کافی بوڑھے ہو گئے اور نوّے سال سے بھی زیادہ آپ کی عمر ہو گئی تھی، آنکھیں جاتی رہی تھیں، اس وقت کا واقعہ ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے پوتے محمد بن علیؒ یعنی امام باقرؒ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ امام باقرؒ کہتے ہیں واقعہ یوں تھا کہ ہم چند ساتھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ہم میں سے ایک ایک سے اس کا نام اور حال معلوم کیا۔ جب میری باری آئی اور میں نے بتایا کہ میں حضرت حسینؓ کا پوتا ہوں تو نہایت ہی شفقت سے میرے سر پر ہاتھ پھیرا پھر میرے کرتے کا اوپر والا بٹن کھول کر اپنا دستِ مبارک میرے گریبان میں ڈالا اور ٹھیک میرے سینے کے بیچ میں رکھا ــــــ ان دنوں میرا عنفوانِ شباب کا زمانہ تھا، آپ بہت خوش ہوئے اور فرمایا "خوش آمدید میرے بھتیجے، میرے حسینؓ کی یادگار! کہو کیا پوچھنے آئے ہو؟ بے تکلف پوچھو۔ میں نے پوچھنا شروع کیا، حضرت آنکھوں سے معذور تھے، اتنے میں نماز کا وقت آگیا۔ حضرت جابرؓ

ایک چھوٹی سی چادر اوڑھے ہوئے تھے، اسی کو لپیٹ کر نماز کے لیے کھڑے ہو گئے، چادر اتنی چھوٹی تھی، کہ جب وہ اس کو اپنے کندھوں پر ڈالتے تو اس کے کنارے سرک کر پھر ان کی طرف آجاتے، یہ اسی کو اوڑھے رہے حالانکہ ان کی بڑی چادر قریب ہی لکڑی کے اسٹینڈ پر پڑی ہوئی تھی، جب آپ ہمیں نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو میں نے بڑھ کر عرض کیا حضرت! ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حج وداع (یعنی رخصتی حج) کا مفصل حال سنائیے!

حضرت جابر رضی اللہ نے ہاتھ کے اشارے سے ۹ تک گنتی کر کے فرمایا، واقعہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے آکر رہے تو ۹ سال تک آپؐ نے کوئی حج نہیں کیا۔ پھر ہجرت کے دسویں سال آپؐ نے عام اعلان کرایا، کہ اس سال آپؐ حج کے لیے تشریف لے جائیں گے، یہ اطلاع پاتے ہی بہت بڑی تعداد میں لوگ مدینے آکر جمع ہونے لگے۔ ہر ایک کی آرزو تھی کہ وہ اس مبارک سفر میں آپؐ کے ہمراہ جائے اور آپؐ کی پیروی کرے اور وہی کچھ کرے جو آپؐ کو کرتے دیکھے۔

آخر کار مدینے سے روانہ ہونے کا وقت آیا اور یہ پورا قافلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں مدینے سے روانہ ہو کر ذوالحلیفہ کے مقام پر پہنچا! اور اس دن قافلے نے اسی مقام پر قیام کیا۔

یہاں ایک خاص واقعہ یہ پیش آیا کہ قافلے کی ایک خاتون اسماء بنت عمیس یعنی بیگم ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے یہاں بچے کی ولادت ہوئی (جس کا نام محمد رکھا گیا) اسماء بنت عمیس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کرایا کہ ایسی حالت

Marfat.com

ہیں مجھے کیا کرنا چاہیئے۔ آپؐ نے فرمایا، اسی حالت ہیں احرام کے لیے غسل کر لو، اور اس حالت میں جس طرح خواتین لنگوٹ باندھتی ہیں تم بھی لنگوٹ باندھے رہو اور احرام باندھ لو۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ میں نماز پڑھی، پھر آپؐ اپنی قصوا اونٹنی پر سوار ہوئے، اونٹنی آپؐ کو لے کر قریب کے بلند میدان بیدار پر پہنچی، بیدار کی بلندی سے جب میں نے چاروں طرف نگاہ دوڑائی تو مجھے آگے پیچھے، دائیں بائیں حد نظر تک آدمی ہی آدمی نظر آئے، کچھ سوار تھے اور کچھ پیدل، خدا کے رسولؐ ہمارے درمیان میں تھے اور آپؐ پر قرآن نازل ہوتا تھا، اور آپؐ قرآن کے مفہوم اور مطلب کو خوب سمجھتے تھے، لہٰذا حکم خداوند کے تحت آپؐ جو کچھ بھی کرتے تھے ہم لوگ بھی وہی کرتے، یہاں پہنچ کر آپؐ نے بلند آواز سے توحید کا تلبیہ پڑھا۔

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ۔

"تیرے حضور حاضر ہوں اے اللہ! تیرے حضور حاضر ہوں تیری پکار پر تیرے در پر حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بیشک حمد و شکر کا مستحق تو ہی ہے، احسان و انعام کرنا تیرا ہی حق ہے، اقتدار تیرا ہی ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔"

آپؐ کے رفقاءِ سفر نے بھی بلند آواز سے اپنا تلبیہ پڑھا، (شاید اس میں کچھ کلمات کا اضافہ تھا) مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تردید نہیں فرمائی۔ البتہ آپؐ اپنا وہی تلبیہ برابر پڑھتے رہے۔

Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اس سفر میں ہماری نیت دراصل حج ادا کرنے کی تھی، عمرہ ہمارے پیشِ نظر نہ تھا، یہاں تک کہ جب ہم سب لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں، بیت اللہ پہنچے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے حجرِ اسود کا استلام کیا، پھر طواف شروع کیا اور پہلے تین چکروں میں آپؐ نے رمل فرمایا، پھر چار چکروں میں معمولی رفتار سے چلے، پھر آپؐ مقامِ ابراہیمؑ پر آئے اور یہ آیت تلاوت فرمائی

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى۔

"اور مقامِ ابراہیمؑ کو اپنے لیے عبادت گاہ قرار دے لو"

پھر آپؐ اس طرح کھڑے ہوئے کہ مقامِ ابراہیمؑ آپؐ کے اور بیت اللہ کے درمیان میں تھا۔ یہاں آپؐ نے دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ ان دو رکعتوں میں آپؐ نے "قُلْ يَآ اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ" اور "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" کی قرأت فرمائی۔ پھر آپؐ حجرِ اسود کے پاس لوٹ کر آئے، حجرِ اسود کا استلام کیا، پھر ایک دروازے سے صفا کی طرف چلے، جب صفا کے بالکل قریب پہنچے تو آپؐ نے یہ آیت پڑھی۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ۔

"بلاشبہ صفا اور مروہ اللہ کے شعائر میں سے ہیں"

اور فرمایا

اَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهٖ میں صفا سے اپنی سعی شروع کرتا ہوں جس طرح اللہ نے اس آیت میں اس کے ذکر سے شروع کیا ہے۔ پس آپؐ پہلے

Marfat.com

صفا پر آئے، اور صفا پر اتنے اونچے تک چڑھے کہ بیت اللہ آپؐ کو صاف نظر آنے لگا اور آپؐ قبلے کی طرف رُخ کر کے کھڑے ہو گئے۔ پھر آپؐ توحید اور تکبیر میں مصروف ہو گئے، اور آپؐ نے پڑھا

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ۔

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اقتدار اسی کے لیے ہے، حمد و شکر کا مستحق وہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا فرما دیا (اور دین کو سارے عرب میں غالب فرما دیا) اپنے بندے کی اس نے پوری پوری مدد فرمائی۔ اور کفر و شرک کی فوجوں کو اس نے تنہا شکست دی۔"

تین بار آپؐ نے یہ کلمات دُہرائے اور ان کے درمیان دعا مانگی۔ پھر آپؐ صفا سے نیچے آئے، اور مروہ کی طرف چلے اور مروہ پر بھی وہی کچھ کیا جو صفا پر کیا تھا، یہاں تک کہ آپؐ آخری چکر پورا کر کے مروہ پر پہنچے تو آپؐ نے اپنے رفقاء سفر سے خطاب فرمایا۔ آپؐ اوپر مروہ پر تھے اور ساتھی نیچے نشیب میں تھے، "اگر مجھے اس بات کا احساس پہلے ہو جاتا جس کا احساس بعد میں ہوا تو میں ہدی کا جانور ساتھ نہ لاتا اور اس طواف و سعی کو عمرے کی سعی و طواف قرار دے کر اس کو عمرہ بنا لیتا اور احرام کھول دیتا۔ (البتہ تم میں سے جو لوگ ہدی کا جانور ساتھ نہ لائے ہوں وہ اس طواف اور سعی کو عمرہ کا طواف قرار دے

Marfat.com

کر حلال ہو سکتے ہیں۔

یہ سُن کر سُراقہ ابن مالک کھڑے ہوئے، اور پوچھا یا رسول اللہ! یہ حکم اسی سال کے لیے ہے یا یہ اب ہمیشہ کے لیے ہے[1] نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں اچھی طرح ڈالیں اور فرمایا، عمرہ حج میں اسی طرح داخل ہو گیا[2] صرف اسی سال کے لیے نہیں بلکہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔

اور حضرت جابر رضؓ نے اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے فرمایا) علی رضؓ یمن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مزید قربانی کے جانور لے کر مکہ معظمہ پہنچے، انہوں نے اپنی بیوی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو دیکھا کہ وہ احرام ختم کر کے حلال ہو گئی ہیں، رنگین کپڑے بھی پہن رکھے ہیں اور سُرمہ بھی لگا ہوا ہے، حضرت علی رضؓ کو یہ بات کچھ غیر مناسب معلوم ہوئی، اور ناگواری کا اظہار کیا، تو حضرت فاطمہ رضؓ نے جواب دیا، مجھے ابا جان نے اس کا حکم دیا تھا، (یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے احرام ختم کیا ہے)۔

---

[1] اہل مکہ کے نزدیک حج کے مہینوں میں مستقل طور پر عمرہ کرنا سخت گناہ کی بات تھی۔ اب جو سُراقہ ابن مالک نے دیکھا کہ ایام حج میں اس طواف وسعی کو مستقل عمرہ قرار دیا جا رہا ہے تو انہوں نے سوال کیا کہ کیا اب ایسا ہی حکم ہمیشہ کے لیے ہے یا یہ حکم خاص طور پر صرف اسی سال کے لیے ہے۔

[2] یعنی ایام حج میں عمرہ کرنا، اور حج کے ساتھ ایک ہی سفر میں عمرہ کرنا بالکل درست ہے، اس کو غلط سمجھنا اور گناہ قرار دینا سراسر غلط ہے، اور یہ حکم ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہے۔

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علیؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا، جب تم نے احرام باندھا اور تلبیہ پڑھا تو کیا نیت کی؟ (یعنی صرف حج کی نیت کی تھی یا حج اور عمرہ دونوں کی نیت کی تھی)، علیؓ نے جواب میں کہا، میں نے کہا تھا، اے اللہ! میں بھی اسی چیز کا احرام باندھتا ہوں جس کا احرام تیرے رسولؐ نے باندھا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا، میں تو چونکہ اپنے ساتھ ہدی کا جانور لے کر آیا ہوں، اس لیے میرے لیے احرام کھولنے کی گنجائش نہیں ہے اور تم نے بھی وہی نیت کر لی ہے جو میری ہے لہٰذا تمہارے لیے بھی احرام کھول کر حلال ہونے کی گنجائش نہیں ہے۔

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ہدی کے اونٹ جو علیؓ یمن سے لے کر آئے تھے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو اپنے ہمراہ لائے تھے، یہ سب سَو تھے[1] سارے صحابہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے مطابق احرام کھول دیئے اور اپنے بال کٹوا کر حلال ہو گئے، البتہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ صحابہ جو ہدی کا جانور ساتھ لائے تھے احرام باندھے رہے۔

پھر جب یوم الترویہ آیا، (یعنی ذوالحجہ کی آٹھ تاریخ ہو گئی)، تو سارے لوگ منیٰ کی طرف روانہ ہوئے، اور (ان) لوگوں نے حج کا احرام باندھا، جو عمرہ کر کے احرام ختم کر چکے تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم قصواء پر سوار ہو کر منیٰ کو روانہ ہوئے، وہاں آپ

---

[1] بعض روایات میں یہ صراحت ملتی ہے کہ ۶۳ اونٹ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہمراہ لائے تھے اور ۳۷ اونٹ حضرت علیؓ اپنے ساتھ یمن سے لے کر آئے تھے۔

Marfat.com

نے ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی پانچوں نمازیں ادا فرمائیں، فجر کی نماز کے بعد آپ منیٰ میں کچھ دیر اور ٹھہرے رہے، یہاں تک کہ جب سورج نکل آیا تو آپ عرفات کی طرف روانہ ہوئے اور آپؐ نے حکم دیا کہ "نمرہ"[۱] کے مقام پر آپؐ کے لیے صوف کا خیمہ نصب کیا جائے۔ قریش کو اس میں ذرا شک نہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشعر الحرام کے پاس ہی وقوف فرمائیں گے جیسا کہ زمانۂ جاہلیت میں ہمیشہ سے قریش کرتے رہے تھے، لیکن آپ مشعر الحرام کے حدود سے آگے نکل آئے، اور میدانِ عرفات کی حدود میں آئے۔ آپؐ نے حکم دیا تھا کہ "نمرہ" کے مقام پر آپؐ کے لیے خیمہ نصب کیا جائے، چنانچہ خیمہ نصب کر دیا گیا تھا اور آپؐ نے اسی خیمے میں قیام فرمایا۔

پھر جب سورج ڈھلنے لگا، تو آپؐ نے حکم دیا کہ آپؐ کی اونٹنی "قصواء" پر کجاوا کس دیا جائے، چنانچہ اونٹنی پر کجاوا کس دیا گیا۔ آپؐ اونٹنی پر سوار ہوئے اور "وادی عرنہ" کے نشیب میں پہنچے۔ وہاں آپؐ نے اونٹنی پر سوار ہو کر لوگوں کو خطاب کیا۔

---

[۱] نمرہ دراصل وہ سرحدی مقام ہے جہاں حرم کی حد ختم ہوتی ہے اور عرفات کی حد شروع ہوتی ہے، زمانۂ جاہلیت میں قریش کے لوگ حرم کے حدود میں مشعر حرام کے پاس ہی وقوف کرتے تھے اور عام لوگ میدانِ عرفات میں وقوف کرتے تھے، اس لیے قریش کا خیال تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی جگہ وقوف فرمائیں گے لیکن آپؐ نے وقوف کے اصل مقام پر ہی اپنا خیمہ نصب کرنے کا حکم پہلے ہی سے دے دیا تھا۔

Marfat.com

"لوگو! ناحق کسی کا خون بہانا اور ناروا طریقے پر کسی کا مال لینا، تمہارے لیے حرام ہے، بالکل اسی طرح حرام ہے جس طرح آج کے دن اس مہینے اور اس شہر میں تمہارے لیے حرام ہے (اور تم حرام سمجھتے ہو)۔

خوب سمجھ لو کہ دورِ جاہلیت کی ساری چیزیں میرے دونوں قدموں کے نیچے روند دی گئی ہیں، اور زمانۂ جاہلیت کا خون معاف ہے اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کا خون، یعنی ربیعہ بن الحارث بن عبدالمطلب کے فرزند کا خون معاف کرنے کا اعلان کرتا ہوں، جو بنی سعد کے قبیلے میں دودھ پینے کے لیے رہا کرتے تھے۔ ان کو قبیلۂ ہذیل کے لوگوں نے قتل کر ڈالا تھا۔ اور دورِ جاہلیت کے سارے سودی مطالبے اب سوخت ہو گئے۔ اور اس سلسلے میں بھی سب سے پہلے میں اپنے چچا عباس بن عبدالمطلب کے سودی مطالبات کے ختم کرنے کا اعلان کرتا ہوں، آج ان کے سارے سودی مطالبات ختم ہیں۔

اے لوگو! خواتین کے حقوق کے معاملے میں خدا سے ڈرتے رہو، تم نے ان کو اللہ کی امانت کے طور پر اپنے قیدِ نکاح میں لیا ہے، اور ان سے لذت اندوزی اللہ کے کلمہ اور قانون ہی کے ذریعے تمہارے لیے حلال ہوئی ہے۔ تمہارا ان پر خاص حق یہ ہے کہ جس شخص کا تمہیں اپنے گھر میں آنا ناپسند ہو ان کو وہ تمہارے بستر پر بیٹھنے کا موقع نہ دیں،

Marfat.com

اور اگر وہ یہ خطا کر بیٹھیں تو تنبیہ کے لیے تم ان کو معمولی سزا دے سکتے ہو اور ان خاص حق تم پر یہ ہے کہ تم اپنی حیثیت اور وسعت کے مطابق کشادہ دلی سے ان کے لباس اور کھانے پینے کا اہتمام کرو۔ اور میں تمہارے درمیان وہ سرچشمۂ ہدایت چھوڑ کر جا رہا ہوں کہ اگر تم اسے مضبوط پکڑے رہے اور اس کی رہنمائی میں چلتے رہے، تو کبھی تم راہِ حق سے نہ بھٹکو گے ـــــ یہ سرچشمۂ ہدایت ہے " اللہ کی کتاب"۔

اور قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تم سے میرے بارے میں دریافت فرمائے گا (کہ میں نے خدا کا پیغام تم لوگوں تک پہنچا دیا یا نہیں ؟) بتاؤ تم وہاں میرے بارے میں خدا کو کیا جواب دو گے ؟

حاضرین نے یک زبان ہو کر کہا، ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپؐ نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا، آپؐ نے سب کچھ پہنچا دیا، اور آپؐ نے نصح و خیر خواہی میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا۔ اس پر آپؐ نے اپنی شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اٹھائی پھر لوگوں کی طرف اس سے اشارہ کرتے اور جھکاتے ہوئے تین بار کہا، اے اللہ! تو بھی گواہ رہ، اے اللہ! تو بھی گواہ رہ، اے اللہ! تو بھی گواہ رہ میں نے تیرا پیام اور تیرے احکام تیرے بندوں تک پہنچا دیئے، اور تیرے یہ بندے گواہ ہیں کہ میں نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا"۔

پھر حضرت بلال رضؓ نے اذان دی، اور اقامت کہی اور آپؐ نے ظہر کی نماز پڑھائی۔ ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ پڑھنے کے بعد

Marfat.com

آپؐ ٹھیک اس مقام پر آئے جہاں وقوف کیا جاتا ہے، پھر آپؐ نے اپنی اونٹنی قصواء کا رخ اُدھر موڑ دیا جدھر بڑی بڑی چٹانیں ہیں اور سارا مجمع آپؐ کے سامنے ہوگیا جس کے سب ہی لوگ پیدل تھے، آپؐ قبلہ رو ہو گئے، اور آپؐ نے وہیں وقوف فرمایا، یہاں تک کہ آفتاب کے غروب کا وقت آگیا اور شام کی زردی بھی ختم ہوگئی اور سورج بالکل غروب ہوگیا تو اس وقت آپؐ (عرفات سے مزدلفے کی طرف) روانہ ہوئے اور اُسامہ بن زید کو آپؐ نے اپنی اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھالیا ——اور آپؐ مزدلفے آپہنچے۔ یہاں آکر آپؐ نے مغرب اور عشار کی نماز ایک ساتھ پڑھی، اذان ایک ہوئی اور اقامت دونوں کے لیے الگ الگ، اور ان دونوں نمازوں کے درمیان آپؐ نے کوئی سنت یا نفل نماز نہیں پڑھی۔ اس کے بعد آپؐ آرام فرمانے کے لیے لیٹ گئے اور آرام فرماتے رہے، یہاں تک کہ صبح صادق ہوگئی اور فجر کا وقت ہوگیا۔ صبح صادق ہوتے ہی آپؐ نے اذان اور اقامت کہلوا کر فجر کی نماز اوّل وقت ادا فرمائی، نمازِ فجر سے فارغ ہوکر آپؐ مشعر الحرام کے پاس تشریف لائے۔ یہاں آکر آپؐ قبلے کی طرف رُخ کر کے کھڑے ہوئے اور دُعا، تکبیر، تہلیل اور توحید و تسبیح میں مصروف ہو گئے اور دیر تک مصروف رہے، جب خوب اُجالا ہوگیا تو طلوعِ آفتاب سے ذرا پہلے آپؐ وہاں سے منٰی کے لیے روانہ ہوئے، اور اس وقت آپؐ نے اپنی ناقہ کے پیچھے فضل بن عباس کو سوار کرلیا اور روانہ ہوئے۔ جب آپؐ "وادیٔ محسّر" کے درمیان پہنچے تو آپؐ نے اپنی اونٹنی کو ذرا تیز کر دیا۔ پھر محسّر سے نکل کر آپؐ اس درمیانی راستے سے چلے جو بڑے جمرے کے پاس جاکر نکلتا ہے، پھر اس جمرے کے پاس پہنچ کر جو درخت کے

Marfat.com

پاس ہے آپؐ نے رمی فرمائی، سات کنکریاں اس پر پھینک کر ماریں اور ہر کنکری پھینکتے ہوئے آپؐ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہتے جاتے تھے۔ یہ کنکریاں چھوٹی چھوٹی ٹھیکریوں کی طرح تھیں ——— آپؐ نے نشیبی مقام سے جمرہ پر یہ رمی کی، جب آپؐ رمی سے فارغ ہوئے تو قربان گاہ کی طرف روانہ ہوئے، وہاں آپؐ نے تریسٹھ اونٹ اپنے دستِ مبارک سے قربان کیے، اور باقی اونٹ حضرت علی رضؓ کے حوالے کیے جن کی قربانی حضرت علی رضؓ نے کی اور آپؐ نے حضرت علیؓ کو اپنے ہدایا کے اونٹوں میں شریک فرمایا، پھر آپؐ نے حکم دیا کہ قربانی کے ہر ہر اونٹ میں سے ایک ٹکڑا لیا جائے۔ چنانچہ ہر ایک میں سے ایک ایک ٹکڑا لے کر دیگچے میں ڈالا گیا اور پکایا گیا۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیؓ دونوں نے اس گوشت میں سے تناول فرمایا اور اس کا شوربا بھی پیا۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اونٹنی پر سوار ہوئے اور طوافِ زیارت کے لیے بیت اللہ کی طرف روانہ ہوئے، ظہر کی نماز آپؐ نے مکے میں پہنچ کر ادا فرمائی۔ نمازِ ظہر سے فارغ ہو کر آپؐ (اپنے اہلِ خاندان) بنی عبدالمطلب کے پاس آئے، جو زمزم سے پانی کھینچ کھینچ کر لوگوں کو پلا رہے تھے، آپؐ نے ان سے فرمایا، ڈول نکال کر پلاؤ۔ اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا، کہ (مجھے دیکھ کر) دوسرے لوگ تم سے زبردستی یہ خدمت چھین لیں گے تو میں خود اپنے ہاتھ سے تمہارے ساتھ زمزم سے ڈول کھینچتا۔ ان لوگوں نے آپؐ کو ڈول بھر کر دیا تو آپؐ نے اس میں سے نوش فرمایا[1]

---

[1] مسلم عن جعفر بن محمد عن ابیہ۔

Marfat.com

# جنایت کا بیان

جنایت کے لغوی معنی ہیں، کوئی حرام کام کرنا، گناہ کرنا، وغیرہ لیکن حج کے باب میں جنایت سے مُراد کوئی ایسا کام کرنا ہے جو حرم میں ہونے کی وجہ سے یا احرام باندھ لینے کی وجہ سے حرام ہو، اس طرح جنایت کی دو قسمیں ہو جاتی ہیں۔

(۱) جنایتِ حرم۔

(۲) جنایتِ اِحرام

آدمی سے کوئی ایسا کام سرزد ہو جائے جو حدودِ حرم میں حرام ہے یا کوئی ایسا کام سرزد ہو جائے جو حالتِ اِحرام میں حرام ہے دونوں کی تلافی کے لیے کفارے اور قربانی کے کچھ الگ الگ احکام ہیں جن کو ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

## حرم مکہ اور اس کی عظمت

روئے زمین پر سب سے مقدس، سب سے زیادہ بابرکت اور سب سے زیادہ قابلِ احترام وہ عمارت ہے جس کو خدا نے "اپنا گھر" قرار دیا ہے، جو توحید اور نماز کا مرکز ہے، اور روئے زمین پر وہ سب سے پہلی عمارت ہے جس کو خدا کی عبادت کے لیے تعمیر کیا گیا ہے، جو ہدایت و برکت کا سرچشمہ ہے اور

Marfat.com

ساری انسانیت کا مرجع اور پناہ گاہ ہے۔

پھر یہ بیت اللہ جس مبارک مسجد کے درمیان میں واقع ہے، اس کو مسجد الحرام (یعنی قابلِ احترام مسجد) کہا گیا ہے، اور اس کو دنیا کی تمام مسجدوں سے افضل ہی نہیں بلکہ اصل مسجد قرار دیا گیا ہے، روئے زمین کی دوسری مسجدوں میں اسی لیے نماز صحیح ہے کہ وہ اس مسجدِ حرام کی قائم مقام ہیں اور اسی کی طرف ان سب کا رُخ ہے۔ مسجد الحرام کی عظمت یہ ہے کہ اس میں ایک نماز پڑھنے والے کو ایک لاکھ نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔[1]

خدا کا گھر اور مسجد الحرام، جس مبارک شہر میں واقع ہے اس کو "بلد اللہ الحرام" (اللہ کا حرمت والا شہر) کہا گیا ہے، اور خدا کے رسولؐ نے اس کو روئے زمین کے تمام شہروں سے بہتر اور اللہ کی نظر میں تمام بستیوں سے زیادہ محبوب بتایا ہے، نیز آپؐ نے اس کو نہایت پاکیزہ، دل پسند اور اپنا محبوب ترین شہر قرار دیا ہے اور یہاں تک فرمایا ہے کہ اگر میری قوم کے لوگ مجھے یہاں سے نکلنے پر مجبور نہ کرتے تو میں تجھے چھوڑ کر کہیں سکونت اختیار نہ کرتا۔[2]

پھر اللہ تعالیٰ نے نہ صرف اس شہر مکہ ہی کو حرم قرار دیا ہے بلکہ اس کی ہر ہر سمت میں کئی کئی کلومیٹر کے علاقے کو حدودِ حرم میں داخل فرما کر "حرم" (یعنی واجب الاحترام علاقہ) قرار دے دیا ہے، اور اس کی عظمت و احترام کے کچھ آداب و احکام مقرر فرما دیئے ہیں، ان حدود میں بہت سے وہ کام اس علاقے کی حرمت

---

[1] ابنِ ماجہ [2] جامع ترمذی۔

Marfat.com

کے تعلق سے حرام اور ناجائز ہیں جو باقی ساری دنیا میں جائز اور مباح ہیں۔

حرم کے حدود پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مقرر فرمائے تھے۔ اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عہدِ رسالت میں ان حدود کی تجدید فرمائی۔ یہ حدود معلوم اور معروف ہیں۔ مدینے کی جانب تقریباً ۵ کلومیٹر تک حرم کی حد ہے، یمن کی سمت میں تقریباً گیارہ کلومیٹر، طائف کی سمت میں بھی تقریباً گیارہ کلومیٹر اور تقریباً اتنے ہی کلومیٹر تک عراق کی جانب بھی حرم کی حد ہے، اور جدّے کی طرف تقریباً سولہ کلومیٹر تک حرم کی حد ہے، ــــ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمانؓ اور حضرت معاویہؓ نے بھی اپنے دور میں اس حد بندی کی تجدید فرمائی اور اب یہ حدود معلوم و معروف ہیں، حدودِ حرم کی عظمت و عزت، خدا اور اس کے دین سے تعلق اور وفاداری کی علامت ہے اور اُمّت بحیثیت مجموعی جب تک اس عظمت و احترام کو باقی رکھے گی اس پر خدا کی حفاظت اور رحمت کا سایہ ہوگا اور وہ دنیا میں رفعت اور سربلندی کی زندگی گزارے گی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"میری یہ امت جب تک حرم مقدس کی عظمت و احترام کا حق ادا کرتی رہے گی، بخیر رہے گی اور جب وہ اس کا احترام اور اس کا احساس ضائع کر دے گی، تباہ و برباد ہو جائے گی۔"[1]

---

[1] ابن ماجہ۔

Marfat.com

# جنایاتِ حرم

۱۔ حرم کی خودرو گھاس، پیڑ، پودے اور ہرا بھرا سبزہ کاٹنا یا اکھاڑنا جنایت ہے، اگر یہ کسی کی ملکیت نہ ہوں تو اس کا کفارہ صرف یہ ہے کہ اس کی قیمت راہِ خدا میں خرچ کر دی جائے، اور اگر یہ کسی کی ملکیت ہوں تو پھر دوگنی قیمت ادا کرنا واجب ہے، صدقہ بھی کرنا ہوگا اور مالک کو بھی قیمت دینا پڑے گی۔

۲۔ اِذخر[۱] کاٹنے یا اکھاڑنے کی اجازت ہے۔ حضرت عباس رضؓ کے مطالبے پر آپؐ نے اِذخر کاٹنے کی اجازت دے دی تھی۔

۳۔ خودرو پودے چاہے وہ جھاڑ جھنکاڑ ہی کیوں نہ ہوں اُن کا کاٹنا یا اکھاڑنا بھی جنایت ہے۔

۴۔ جو پیڑ پودے خودرو نہ ہوں بلکہ بوئے اور لگائے گئے ہوں اُن کو توڑنا جنایت نہیں، اسی طرح کسی درخت کے چند پتّے توڑنا بھی جنایت نہیں بشرطیکہ یہ کسی کی ملکیت نہ ہوں، اگر کسی کی ملکیت ہوں تو اس کی اجازت کے بغیر نہ توڑے جائیں، ہاں مالک خود توڑے تو جنایت نہیں ہے۔

۵۔ حرم کے شکار کا قتل کرنا بھی جنایت ہے، قتل کرنے والے کو اس کا تاوان دینا ہوگا

۶۔ حرم کے پرندے کے انڈے توڑنا یا بھون لینا بھی جنایت ہے،

---

[۱] ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جس کو لوہار لوگ بھی استعمال کرتے تھے اور چھتوں پر بھی ڈالی جاتی تھی۔

اسی طرح حرم کی ٹڈیاں مارنا بھی جنایت ہے۔

۷۔ اگر کسی کے پاس کوئی شکار ہو اور وہ شخص حرم میں داخل ہو رہا ہو تو اس پر واجب ہے کہ اس شکار کو چھوڑ دے، ہاں اگر شکار رسی میں بندھا ہوا ہو اور رسی اس کے ہاتھ میں ہو، یا شکار کسی پنجرے اور کٹہرے میں بند ہو تو اس کا چھوڑنا واجب نہیں۔

۸۔ میقات سے احرام باندھے بغیر حرم میں داخل ہونا بھی جنایت ہے، اور ایسے شخص پر ایک قربانی واجب ہے۔

۹۔ حرم کے حدود میں ان جانوروں کا مارنا جنایت نہیں، بھیڑیا، سانپ، بچھو، چوہا یعنی بلوں میں رہنے والے جانور، کچھوا، چھپکلی، مچھر، کھٹمل، پسو، مکھی، بھڑ، چیونٹی اور وہ جانور جو حملہ کریں اور ان کے حملے سے بچنے کے لیے ان کو مار ڈالنا ناگزیر ہو۔

۱۰۔ حرم سے باہر حلق یا تقصیر کرانا بھی جنایت ہے اور اس سے ایک قربانی واجب ہوگی۔

## جنایاتِ احرام

احرام کی جنایات تین قسم کی ہو سکتی ہیں۔

(۱) جن میں دو قربانیاں واجب ہیں۔

(۲) جن میں صرف ایک قربانی واجب ہے۔

(۳) جن میں صرف صدقہ واجب ہے۔

Marfat.com

## وہ جنایات جن میں دو قربانیاں واجب ہیں

۱۔ مرد اگر کوئی گاڑھی خوشبو یا گاڑھی مہندی سر میں لگالے اور ایک ثرۓ روز وہ لگی رہے، پورے سر میں لگائے یا چوتھائی سر میں اس پر دو قربانیاں واجب ہوں گی، البتہ کوئی خاتون ایسا کرے تو ایک ہی قربانی واجب ہوگی۔

۲۔ وہ ساری جنایات جن سے حج افراد کرنے والے پر ایک قربانی واجب ہوتی ہے ان سے قارن پر دو قربانیاں واجب ہوتی ہیں۔

۳۔ حج تمتع کرنے والا اگر ہدی کا جانور ساتھ لایا ہو، تو اس پر ان ساری جنایات میں دو قربانیاں واجب ہوں گی جن سے مُفرد پر ایک قربانی واجب ہوتی ہے۔

## وہ جنایات جن میں ایک قربانی واجب ہے

صرف دو صورتوں میں اونٹ یا گائے کی قربانی واجب ہوتی ہے اس کے علاوہ جہاں جہاں قربانی کا ذکر آیا ہے اس سے مُراد بکری یا بھیڑ کی قربانی ہے۔

۱۔ طوافِ زیارت اگر کوئی جنابت کی حالت میں کرلے تو ایک اونٹ یا گائے کی قربانی واجب ہوگی۔

۲۔ وقوفِ عرفات کے بعد طوافِ زیارت اور حلق یا تقصیر سے پہلے اگر مباشرت کرلی تو اونٹ یا گائے کی قربانی واجب ہوگی۔

ان دو صورتوں کے علاوہ باقی صورتوں میں بکری یا بھیڑ کی قربانی واجب ہوگی۔

Marfat.com

۳۔ "طواف کے واجبات[۱]" میں سے کوئی بھی واجب ترک کر دیا جائے تو ایک قربانی واجب ہے۔

ممنوعاتِ احرام سے بچنا بھی طواف کے واجبات میں سے ہے، ان میں سے بعض ممنوعات میں وجوبِ قربانی کے تعلق سے کچھ مسائل ہیں ان کو ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

۴۔ اگر زیادہ خوشبو کا استعمال کیا تو ایک قربانی واجب ہے اور اگر تھوڑی خوشبو استعمال کی لیکن جسم کے کسی بڑے عضو پر مثلاً سر، ہاتھ، پیر وغیرہ پر ملی تب بھی ایک قربانی واجب ہے۔

۵۔ اگر ایک ہی مجلس میں پورے بدن پر خوشبو لگائی تو ایک ہی قربانی واجب ہے اور اگر مختلف مجلسوں میں پورے بدن پر لگائی تو ہر مرتبہ کے عوض قربانی واجب ہوگی۔

۶۔ خوشبو لگانے کے بعد قربانی تو کر لی لیکن خوشبو زائل نہیں کی تو پھر قربانی کرنا ہوگی۔

۷۔ خوشبو دار لباس پہنا اور دن بھر پہنے رہا تو ایک قربانی واجب ہوگی۔

۸۔ رقیق مہندی سر، داڑھی یا ہاتھ پیر میں لگائی تو ایک قربانی واجب ہوگی۔

---

[۱] طواف کے واجبات صفحہ ۶۱ پر دیکھیے۔

Marfat.com

۹۔ سلے ہوئے کپڑے پہننے میں قربانی واجب ہونے کی شرط یہ ہے کہ ایک دن یا ایک رات پہنے رہے، اس سے کم وقت پہننے سے قربانی واجب نہ ہوگی بلکہ صرف صدقہ واجب ہوگا، اسی طرح یہ بھی شرط ہے کہ سلے ہوئے کپڑے کو رواج کے مطابق پہنے اگر کوئی اپنا کرتہ یا شیروانی یونہی کندھے پر ڈال لے اور ہاتھ آستینوں میں نہ ڈالے تو کوئی جنایت نہیں ہے۔

نجاستِ حکمی سے پاکی حاصل کیے بغیر طواف کرنے میں بھی وجوبِ قربانی کے تعلق سے کچھ مسائل ہیں، ذیل میں ان کو بیان کیا جاتا ہے۔

۱۰۔ طوافِ زیارت کے علاوہ کوئی بھی طواف حالتِ جنابت میں کیا جائے ایک قربانی واجب ہوگی۔

۱۱۔ طوافِ زیارت حدثِ اصغر کی حالت میں کیا جائے تو ایک قربانی واجب ہوگی۔ اور عمرے کا طواف بھی حدثِ اصغر کی حالت میں کرنے سے ایک قربانی واجب ہوگی۔

۱۲۔ طوافِ زیارت کے زیادہ سے زیادہ تین شوط ترک کر دینے سے قربانی واجب ہے اور اگر تین شوط سے زیادہ ترک کر دیئے تو پھر قربانی سے اس کی تلافی نہ ہوگی بلکہ دوبارہ طواف کرنا ہوگا۔

۱۳۔ واجباتِ حج[1] میں سے کوئی واجب ترک کر دیا جائے تو ایک قربانی واجب ہے۔

---

[1] حج کے واجبات صفحہ ۶۰ پر دیکھیے

Marfat.com

۱۴۔ مُفرد حلق یا تقصیر یا طوافِ زیارت دسویں ذوالحجہ کے بعد کرے تو قربانی واجب ہوگی۔

۱۵۔ قارن ذبح سے پہلے یا رمی سے پہلے حلق کرالے تو ایک قربانی واجب ہوگی۔

## وہ جنایات جن میں صرف صدقہ واجب ہے

۱۔ خوشبو کا استعمال اس مقدار میں کیا جائے جس سے قربانی واجب نہیں ہوتی، تو ایسی صورت میں صدقہ[۵] واجب ہوگا، مثلاً ایک عضو سے کم میں خوشبو لگائی، یا لباس میں ایک بالشت مُربع سے کم جگہ میں لگائی یا زیادہ لگائی لیکن لباس کو پورے ایک دن یا پوری ایک رات استعمال نہیں کیا۔

۲۔ سِلا ہوا لباس ایک دن یا ایک رات سے کم پہنا یا اتنے ہی وقت کے لیے سر ڈھانک لیا تو ایک صدقہ واجب ہوگا۔ اور اگر معمولی سے وقت کے لیے سر ڈھانکا یا سِلا ہوا کپڑا پہنا مثلاً ایک گھنٹے سے بھی کم تو ایک مُٹھی آٹا دینا کافی ہے۔

۳۔ طوافِ قدوم یا طوافِ وداع یا اور کوئی نفلی طواف حدثِ اصغر کی حالت میں کرنے سے ایک صدقہ واجب ہوگا۔

---

۵ صدقہ سے مُراد ایک شخص کا صدقۂ فطر ہے جو اسی روپے والے سیر کے حساب سے ایک کلو ایک سو دس گرام (1-110 ) کے برابر ہے، (علم الفقہ جلد ۴ صفحہ ۱۵) اور بہشتی زیور میں ایک شخص کا صدقۂ فطر ایک سیر ساڑھے بارہ چھٹانک بتایا گیا ہے۔

Marfat.com

۴۔ طوافِ قدوم یا طوافِ وداع یا سعی کے تین یا تین سے کم شوط ترک کر دیئے تو ہر شوط کے عوض ایک صدقہ واجب ہوگا۔

۵۔ ایک دن میں جس قدر رمی واجب ہیں ان میں سے آدھی سے کم ترک کر دے مثلاً ۱۰ ذوالحجہ کو جمرۂ عقبہ کی سات رمی واجب ہیں، ان میں سے کوئی شخص تین رمی ترک کر دے تو ہر کنکری کے بدلے ایک صدقہ واجب ہوگا۔

۶۔ کسی دوسرے شخص کے سر یا گردن کے بال بنا دیے، چاہے یہ دوسرا شخص مُحرم ہو یا غیر مُحرم، ایک صدقہ واجب ہوگا۔

۷۔ پانچ ناخن کٹوائے یا پانچ سے زیادہ لیکن کسی ایک ہاتھ پیر کے نہیں بلکہ متفرق طور سے کٹوائے تو ایک صدقۂ فطر واجب ہوگا۔

## اصولی ہدایات

۱۔ اگر ایک ہی صدقے کی قیمت یا چند واجب صدقات کی قیمت ایک قربانی کے برابر ہو جائے چاہے قربانی کے جانور ارزاں ہونے کی وجہ سے ہو یا چند صدقات کی قیمت اتنی ہو جائے کہ قربانی کے برابر ہو جائے تو اس قیمت میں سے اتنی رقم کم کر لینا چاہیے کہ بقیہ رقم قربانی کی قیمت سے کم رہ جائے۔

۲۔ حج کے واجبات میں سے کوئی واجب اگر کسی عذر کے بغیر ترک کیا جائے تو قربانی واجب ہے اور اگر عذر[ف۱] کی وجہ سے چھوڑ دیا جائے تو نہ قربانی

---

[ف۱] عذر کی مثالیں، بخار، سردی کی شدت، زخم، سر میں درد وغیرہ، پھر عذر میں یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ ہر وقت رہے، نہ یہ ضروری ہے کہ اس سے جان جانے کا خطرہ ہو۔

Marfat.com

واجب ہے اور نہ صدقہ۔

۳۔ احرام کی حالت میں جو کام ممنوع ہیں ان کو کر لینے سے بعض صورتوں میں قربانی واجب ہوتی ہے اور بعض صورتوں میں صدقہ۔ (جیساکہ جنایات کی اقسام سے واضح ہوا۔) قربانی واجب ہونے کی صورت میں یہ بھی اختیار ہے کہ قربانی کے بجائے چھ مسکینوں کو ایک ایک صدقہ[1] دے دیا جائے اور یہ بھی اختیار ہے کہ جب اور جہاں چاہے صرف تین روزے رکھ لے۔

صدقہ واجب ہونے کی صورت میں اختیار ہے کہ صدقے کے بجائے ایک روزہ رکھ لے۔

---

[1] صدقہ سے مُراد ایک شخص کا صدقہ فطر ہے۔

Marfat.com

# شکار کی جزا

ممنوعاتِ احرام میں سے وحشی جانور کا شکار بھی ہے، ــــــــــ، شکار کرنا بھی ممنوع ہے اور شکار کرنے والے کی اعانت کرنا بھی ممنوع ہے، وحشی کا شکار کرنے سے جزا لازم آتی ہے، جزا کے لغوی معنی بدلے کے ہیں اور شکار کے باب میں اس سے مُراد شکار کی وہ قیمت ہے جو دو منصف مزاج صاحبِ نظر افراد تجویز کریں، قرآن پاک میں ہے

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّیْدَ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ یَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْیًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِیْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِیَامًا لِّیَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ۔

"اے ایمان والو! اِحرام کی حالت میں شکار مت مارو، اور تم میں سے کوئی جان بوجھ کر اگر شکار مارے تو جو جانور اس نے مارا ہے اس کے ہم پلہ ایک جانور نذر دینا ہوگا جس کا فیصلہ تم میں سے دو عادل افراد کریں گے اور یہ ہدی کعبہ بھیجی جائے گی یا اس جنایت کے کفارے میں چند مسکینوں کو کھانا کھلانا ہوگا یا اس کے بقدر روزے رکھنے ہوں گے تاکہ وہ اپنے کیے کا مزہ چکھ لے۔"

Marfat.com

اس آیت میں جس شکار کو حرام قرار دیا گیا ہے وہ خشکی کا شکار ہے، بحری شکار حالتِ احرام میں جائز ہے، چاہے اس کا کھانا جائز ہو یا نہ ہو، قرآن کی صراحت ہے۔

اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا۔

"تمہارے لیے سمندر کا شکار اور اس کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے تمہارے لیے قیام کی صورت میں بھی اور قافلے والوں کے لیے زادِ راہ کے طور پر بھی البتہ خشکی کا شکار جب تک تم حالتِ احرام میں ہو تم پر حرام کیا گیا ہے۔"

## شکار اور جزا کے مسائل

۱۔ خود شکار کرنا بھی ممنوع ہے اور شکار کرنے والے کی مدد کرنا بھی ممنوع ہے، جس طرح شکار کرنے والے پر جزا ہے اسی طرح مدد کرنے والے پر بھی جزا ہے۔

۲۔ اگر کئی مُحرم مِل کر ایک شکار ماریں یا ایک مارے اور چند مدد کریں تو سب پر الگ الگ جزا واجب ہو گی۔

۳۔ اگر ایک مُحرم کئی شکار مارے تو جتنے شکار مارے گا اتنی ہی جزائیں واجب ہوں گی۔

۴۔ صرف وحشی جانور کا شکار کرنے سے جزا واجب ہوتی ہے، پالتو جانوروں کے مارنے سے جزا واجب نہیں ہوتی مثلاً کوئی شخص بکری، گائے، اونٹ، مُرغی وغیرہ کو مار دے تو اس سے جزا واجب نہیں ہوتی۔

۵۔ جن جانوروں کا گوشت حلال نہیں ہے وہ چاہے کتنے ہی بڑے ہوں ان کی جزا بکری ہی ہوگی۔ مثلاً کسی نے ہاتھی کو مارا تو اس کی جزا بکری ہی ہوگی۔

۶۔ جوئیں یا ٹڈی اگر تین سے زیادہ مارے یا کسی کو مارنے کا حکم دے تو ایک صدقۂ فطر واجب ہوگا، اور تین یا تین سے کم مارے تو جو چاہے صدقہ دے۔

۷۔ شکار اگر کسی کی ملکیت ہو تو دوہری قیمت ادا کرنا ہوگی، راہ خدا میں جزا تو دے گا ہی، اس شخص کو بھی مجوّزہ قیمت دینا ہوگی، جس کا شکار مارا ہے۔

۸۔ شکار جہاں مارا گیا ہے اور جس وقت مارا گیا ہے اسی مقام اور اسی وقت کی قیمت واجب ہوگی، نہ کسی دوسرے مقام کی قیمت کا اعتبار ہوگا اور نہ دوسرے وقت کی قیمت کا، اس لیے کہ قیمتیں وقت اور مقام کے لحاظ سے کم وبیش ہوتی ہیں۔

۹۔ جزا دینے میں یہ بھی اختیار ہے کہ شکار کے ہم پلّہ مجوزہ جانور خرید کر حرم بھیج دے جو وہاں ذبح کیا جائے اور یہ بھی اختیار ہے کہ اس قیمت سے غلہ وغیرہ خرید کر ہر مسکین کو ایک صدقۂ فطر کے بقدر دے دے، اور یہ بھی اختیار ہے کہ ہر مسکین کے صدقۂ فطر کے بدلے ایک روزہ رکھ لے، اور اگر مجوزہ قیمت میں قربانی کا جانور نہ خریدا جا سکتا ہو تو پھر دو ہی صورتیں ہیں ہر مسکین کو صدقۂ فطر کے بقدر دے یا ہر صدقہ کے عوض میں روزہ رکھے۔

۱۰۔ اگر شکار کی مجوزہ قیمت اتنی بھی نہیں ہے کہ ایک صدقۂ فطر کے بقدر

Marfat.com

غلّہ آ سکے تو پھر جتنا بن سکے وہ صدقہ کر دے یا ایک روزہ رکھ لے۔

۱۱۔ جزا کے عوض میں جو صدقہ دیا جاتا ہے اس کا حکم اور مصارف بالکل وہی ہیں جو صدقۂ فطر کے ہیں۔

---

Marfat.com

# اِحصار کا بیان

اِحصار کے لغوی معنی ہیں روکنا، منع کرنا، باز رکھنا اور اصطلاحِ فقہ میں احصار یہ ہے کہ کوئی شخص حج یا عُمرے کا احرام باندھ لے اور پھر وہ حج یا عمرہ کرنے سے روک دیا جائے، ایسے شخص کو اصطلاح میں محصَر کہتے ہیں۔

احرام باندھنے کے بعد حج سے رُک جانا اور حج یا عمرہ نہ کر سکنا بھی گو نہ جنایت ہے، اس لیے محصَر پر واجب ہے کہ وہ اس اِحصار کے بدلے حسبِ مقدور قربانی دے، اِس کو دم اِحصار کہتے ہیں، قرآن میں ہے۔

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ط [۱]

"اللہ کی خوشنودی کے لیے حج اور عمرے کی نیت کرو، تو اسے پُورا کرو۔ اور اگر کہیں گھر جاؤ اور رُک جانا پڑے تو جو قربانی میسّر آئے اللہ کے حضور پیش کرو اور اپنے سروں کی تحلیق نہ کراؤ جب تک کہ ہدی کا جانور اپنے ٹھکانے پر نہ پہنچ جائے۔"

---

[۱] البقرہ آیت ۱۹۶۔

## احصار کی چند صورتیں

اِحرام باندھنے کے بعد حج سے روکے جانے اور حج یا عمرہ نہ کر سکنے کی بہت سی صورتیں ہو سکتی ہیں چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔

۱۔ راہ پُر امن نہ ہو، دشمن کا خوف ہو، قتل و غارت کا خوف ہو، راہ میں کوئی درندہ ہو، یا اور کسی طرح کا جان و مال کا واقعی خطرہ ہو۔

۲۔ مرض لاحق ہو جائے، یہ اندیشہ ہو کہ آگے بڑھنے میں مرض بڑھ جائے گا، یا ضعف اور نقاہت کی وجہ سے آگے بڑھنے کی سکت ہی نہ ہو۔

۳۔ احرام باندھنے کے بعد عورت کے ہمراہ کوئی مُحرم نہ رہے، بیمار ہو جائے، وفات پا جائے، یا جھگڑا ہو جائے اور وہ ساتھ جانے سے انکار کر دے، یا اس کو کوئی جانے سے روک دے۔

۴۔ سفر خرچ نہ رہے، گم پڑ جائے یا چوری ہو جائے۔

۵۔ راستہ بھول جائے اور کوئی راستہ بتانے والا نہ مِل سکے۔

۶۔ کسی خاتون کی عدّت شروع ہو جائے، مثلاً شوہر طلاق دے دے یا اِحرام باندھنے کے بعد وفات پا جائے۔

۷۔ کسی خاتون نے شوہر کی اجازت کے بغیر احرام باندھا ہو اور احرام باندھ لینے کے بعد شوہر منع کر دے۔

ان تمام صورتوں میں احرام باندھنے والا مُحصَر ہو جائے گا۔

## اِحصار کے مسائل

۱۔ احصار کی صورت میں محصر حسبِ حیثیت اونٹ، گائے، بکری، جو

Marfat.com

بھی میسّر ہو خرید کر حرم بھیج دے یا قیمت بھیج دے کہ اس کی طرف سے وہاں قربانی کردی جائے۔

۲۔ اِحصار کی قربانی واجب ہے، اور جب تک محصر کی جانب سے حرم میں قربانی نہ ہو، محصر اِحرام ختم نہ کرے۔ قربانی کا جانور یا رقم بھیجتے وقت ذبح کا دن مقرر کردے تاکہ اس دن یہ اپنا اِحرام ختم کردے۔

۳۔ عُمرے یا حجِ اِفراد سے روکا گیا ہو تو ایک قربانی اور قِران یا تمتّع سے روکا گیا ہو تو دو قربانیاں بھیجے۔

۴۔ اِحصار کی قربانی کا گوشت مُحصر کے لیے کھانا جائز نہیں اس لیے کہ یہ گونہ جنایت کی قربانی ہے۔

۵۔ قربانی کا جانور بھیج دینے کے بعد رکاوٹ ختم ہونے کی صورت میں اگر یہ ممکن ہو کہ مُحصر قربانی کا جانور ذبح ہونے سے پہلے ہی مکّے پہنچ جائے گا اور حج کی سعادت بھی حاصل کر سکے گا تو اس پر واجب ہے کہ فوراً حج کے لیے روانہ ہو جائے۔ ہاں اگر قربانی سے پہلے پہنچنے اور حج ادا کر سکنے کا امکان نہ ہو، تو پھر روانہ ہونا واجب نہیں۔

---

Marfat.com

# حجِ بدَل

حجِ بدَل کا مطلب ہے اپنے بدلے اپنے مصارف پر دوسرے سے حج کرانا، ایک شخص پر حج تو فرض ہے لیکن وہ کسی بیماری، معذوری یا مجبوری کی وجہ سے خود نہیں کرسکتا، تو اس کے لیے یہ گنجائش ہے کہ وہ کسی دوسرے شخص کو اپنا قائم مقام بنا کر حج کے لیے بھیج دے اور وہ شخص اس کے بجائے حج کر لے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابورزین رضؓ نے کہا

"یا رسول اللہؐ! میرے والد بہت ہی بوڑھے ہوچکے ہیں، نہ وہ حج کرسکتے ہیں نہ عمرہ اور نہ سواری پر بیٹھنے کی ان میں سکت ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم اپنے والد کی طرف سے حج اور عمرہ ادا کر لو[1]"

اس سے معلوم ہوا کہ دوسرے کے بجائے بھی حج ادا کرنا صحیح ہے، اور جو شخص خود اپنا فرض حج ادا نہ کرسکتا ہو وہ دوسرے کو بھیج کر اپنا فریضہ ادا کرسکتا ہے، بلکہ ایسی صورت میں اپنا فریضہ ادا کرانا ہی چاہیئے۔ یہ خدا کا قرض ہے اور جو شخص کسی کو بھیجنے کا موقع نہ پاسکے تو وہ وصیت کر جائے کہ اس کے بعد اس کے مال میں سے حج بدل کرادیا جائے۔

ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور کہا یا نبی اللہؐ!

---

[1] ترمذی۔

Marfat.com

میرے والد کا انتقال ہوگیا اور وہ اپنی زندگی میں فریضۂ حج ادا نہ کر سکے تھے، توکیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں، آپؐ نے فرمایا اگر تمہارے والد پر کسی کا قرضہ ہوتا تو تم ادا کرتے؟ اس شخص نے کہا جی ہاں ضرور ادا کرتا، تو ارشاد فرمایا پھر اللہ کا قرضہ ادا کرنا تو اور ضروری ہے[۱]

## حج بدل صحیح ہونے کی شرطیں

حجِ بدل صحیح ہونے کی سولہ[۱۶] شرطیں ہیں جن میں سے پہلی پانچ شرطوں کا تعلق تو حجِ بدل کرانے والے کی ذات سے ہے اور گیارہ کا تعلق حج بدل کرنے والے شخص سے ہے۔

۱۔ حجِ بدل کرانے والے پر شرعاً حج فرض ہو، اگر کوئی ایسا شخص حج بدل کرائے، جس پر حج فرض نہ ہو (یعنی وہ استطاعت نہ رکھتا ہو) تو اس حجِ بدل سے فرض ادا نہ ہوگا مثلاً اس حجِ بدل کے بعد وہ شخص صاحبِ استطاعت بن جائے اور اس پر حج فرض ہو جائے، تو اس کرائے ہوئے حجِ بدل سے اس کا فرض ادا نہ ہوگا بلکہ اس کو حجِ بدل کرانا پڑے گا۔

۲۔ حجِ بدل کرانے والا خود حج کرنے سے معذور ہو، اگر معذوری عارضی ہے جس کے زائل ہونے کی امید ہے، تو حج بدل کرانے کے بعد جب وہ معذوری جاتی رہے اُس کو پھر حج کرنا پڑے گا۔ اور اگر معذوری مستقل ہے اور اس کے دور ہونے کی کوئی توقع نہیں ہے مثلاً کوئی شخص بڑھاپے کی وجہ سے نہایت کمزور ہے یا نابینا ہے تو اس معذوری کا آخر وقت تک رہنا شرط نہیں ہے اگر اللہ نے

---

[۱] جمع الفوائد باب النیابۃ فی الحج۔

Marfat.com

اپنے فضل سے یہ معذوری حجِ بدل کرانے کے بعد دور فرمادی تو اب دوبارہ حج کرنا فرض نہیں ہے، فرض ادا ہوگیا۔

۳۔ معذوری حجِ بدل کرانے سے پہلے پائی جائے، اگر معذوری حجِ بدل کرانے کے بعد پیدا ہوئی ہے تو پہلے کرائے ہوئے حجِ بدل کا اعتبار نہ ہوگا اور معذوری کے بعد حجِ بدل کرانا ضروری ہوگا۔

۴۔ حجِ بدل کرانے والا خود کسی سے حج کے لیے کہے، اگر کوئی شخص از خود دوسرے کی طرف سے اس کے کہے بغیر حج کرلے تو فرض ساقط نہ ہوگا، مرتے وقت وصیّت کرنا بھی کہنے کے حکم میں ہے، البتہ کسی کا وارث اگر اس کی وصیّت کے بغیر بھی اس کی طرف سے حجِ بدل کردے یا کسی سے کرادے تو فرض ادا ہوجائے گا۔

۵۔ حجِ بدل کرانے والا ہی حج کے سارے مصارف خود برداشت کرے۔

۶۔ حجِ بدل کرنے والا مسلمان ہو۔

۷۔ حجِ بدل کرنے والا صاحبِ ہوش وخرد ہو، دیوانہ اور مجنون نہ ہو۔

۸۔ حجِ بدل کرنے والا سمجھدار ہو، چاہے نابالغ ہی ہو، اگر کسی ناسمجھ سے حجِ بدل کرایا تو فرض ادا نہ ہوگا۔

۹۔ حجِ بدل کرنے والا اِحرام باندھتے وقت اس شخص کی طرف سے حج کی نیت کرے جو حجِ بدل کرا رہا ہے۔

۱۰۔ وہی شخص حج کرے جس سے حجِ بدل کرانے والے نے کہا ہے، ہاں اگر یہ اجازت دی ہو کہ وہ دوسرے سے بھی حجِ بدل کرا سکتا ہے تو پھر دوسرے کے

ذریعے حج بدل کرانا بھی صحیح ہوگا۔

۱۱۔ حج بدل کرنے والا اس شخص کی منشا کے مطابق حج کرے جو حج بدل کرا رہا ہے، مثلاً حج کرانے والے نے حج قران کو کہا ہے تو حجِ قران کرے، تمتع کو کہا ہے تو حج تمتع ہی کرے۔

۱۲۔ حج بدل کرنے والا ایک ہی حج کا احرام باندھے اور ایک ہی شخص کی طرف سے باندھے، اگر اس نے حج بدل کرانے والے کی طرف سے بھی احرام باندھا اور ساتھ ہی اپنے حج کا بھی احرام باندھ لیا یا دو افراد کی طرف سے حج بدل کا احرام باندھ لیا تو فرض ادا نہ ہوگا۔

۱۳۔ حج بدل کرنے والا سواری سے حج کے لیے جائے، پاپیادہ حج نہ کرے۔

۱۴۔ حج بدل کرنے والا اسی مقام سے حج کا سفر کرے جہاں حج بدل کرانے والا رہتا ہو، البتہ میت کے تہائی مال میں سے حج بدل کرایا جا رہا ہو تو پھر اس رقم میں جہاں سے حج کیا جا سکتا ہو وہیں سے حج کے لیے سفر کیا جائے۔

۱۵۔ حج بدل کرنے والا حج کو فاسد نہ کرے، اگر فاسد کرنے کے بعد اس کی قضا کرے گا تو اس حج سے حج بدل کرنے والے کا فرض ادا نہ ہوگا۔

۱۶۔ حج بدل کرنے والے سے حج فوت نہ ہو جائے، اگر اس کا حج فوت ہو جائے اور وہ پھر اس حج کی قضا کرے تو اس قضا حج سے حج بدل کرانے والے کا فرض ادا نہ ہوگا۔ بعض کتابوں میں چند شرطیں اور بھی لکھی ہیں، لیکن وہ دراصل انہی شرائط میں سے کسی نہ کسی میں داخل ہیں۔ حنفیہ کے یہاں حج بدل کے لیے یہ بھی شرط نہیں ہے کہ جس سے حج کرایا جا رہا ہے اس نے اپنا فریضۂ حج ادا کر لیا ہو۔[1]

---

[1] البتہ علماء اہل حدیث کے نزدیک یہ ضروری شرط ہے کہ حج بدل کرنے والا اپنا فریضہ حج ادا کر چکا ہو ورنہ حج بدل صحیح نہ ہوگا۔

Marfat.com

# مدینہ منوّرہ کی حاضری

مدینۂ طیبہ میں حاضری بلاشبہ حج کا کوئی رکن نہیں ہے، لیکن مدینے کی غیر معمولی عظمت و فضیلت، مسجد نبویؐ میں نماز کا بے پایاں اجر و ثواب اور دربارِ نبویؐ میں حاضری کا شوق، مومن کو کشاں کشاں مدینے پہنچا دیتا ہے، اور امت کا ہمیشہ سے یہی دستور بھی رہا ہے، آدمی دور دراز کا سفر کر کے بیت اللہ پہنچے اور دربارِ نبویؐ میں درود و سلام کا تحفہ پیش کیے بغیر واپس آئے، یہ زبردست محرومی ہے، ایسی محرومی کہ اس کے تصور ہی سے مومن کا دل دکھنے لگتا ہے۔

## مدینۂ طیبہ کی عظمت و فضیلت

مدینۂ طیبہ کی عظمت و فضیلت اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگی کہ یہاں محسنِ انسانیتؐ نے اپنی زندگی کے دس سال گزارے ہیں۔ یہاں آپؐ کی مسجد ہے جس میں آپؐ نے اپنے پاک ساتھیوں کے ساتھ نمازیں پڑھیں، یہیں پر وہ میدان ہے جہاں حق و باطل کی فیصلہ کن جنگ ہوئی، اور اسی پاک زمین میں میدانِ بدر کے وہ شہدار آرام کر رہے ہیں، جن سے نسبت پر امت کو بجا طور پر فخر ہے، یہیں پر وہ سعید روحیں آرام کر رہی ہیں جن کو نبی صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی ہی میں جنت کی بشارت دی، اور اسی سرزمینِ پاک میں خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔

Marfat.com

ہجرت سے پہلے اس شہر کا نام یثرب تھا، ہجرت کے بعد یہ مدینہ اور طیبہ کے نام سے مشہور ہوا اور خدا نے اس کا نام طابہ رکھا۔[1]

طابہ، طیبہ، اور طیّبہ کے معنی ہیں، پاکیزہ اور خوش گوار، اور یہ حقیقت ہے کہ مدینۂ طیبہ کی پاک سرزمین واقعی پاکیزہ اور خوش گوار ہے۔

ہجرت کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضؓ اور حضرت بلال رضؓ مدینے میں سخت بیمار ہو گئے اس لیے کہ یہاں کی آب و ہوا انتہائی خراب تھی اور اکثر وبائی بیماریوں کے حملے ہوتے رہتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ "پروردگار! ہمارے دلوں میں مدینے کی محبت پیدا فرما دے، جس طرح ہمارے دلوں میں مکّے کی محبت ہے، یہاں کے بخار کو جحفہ کی جانب نکال دے اور یہاں کی آب و ہوا کو خوشگوار بنا دے۔"[2]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینۂ طیبہ سے جو غیر معمولی محبت تھی اس کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ جب کبھی آپؐ سفر سے واپس آتے تو دور سے جونہی مدینے کی عمارتیں نظر آنے لگتیں، آپؐ فرطِ شوق میں اپنی سواری تیز کر دیتے اور فرماتے "طابہ آ گیا"[3] اور اپنی چادر شانۂ اقدس سے نیچے گرا کر فرماتے یہ طیبہ کی ہوائیں ہیں، آپؐ کے ساتھیوں میں سے جو لوگ گرد و غبار سے بچنے کے لیے اپنے منہ پر کچھ رکھتے اور بند کرتے تو آپؐ اس سے روکتے اور فرماتے مدینے

---

[1] حضرت جابر بن سمرہ رضؓ کا بیان ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے، "اللہ نے مدینے کا نام طابہ رکھا ہے (مسلم) [2] بخاری [3] بخاری۔

کی خاک میں شفا ہے[۱]

نیز آپؐ کا ارشاد ہے۔

"اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، مدینے کی خاک میں ہر مرض کے لیے شفا ہے، (حضرت سعدؓ فرماتے ہیں) میرا خیال ہے آپؐ نے فرمایا تھا، "اور جذام اور برص کے لیے بھی اس میں شفا ہے[۲]"

مدینے کی عظمت اور احترام کی تاکید آپؐ نے ان الفاظ میں فرمائی

"ابراہیمؑ نے مکّے کو "حرم" قرار دینے کا اعلان فرمایا تھا اور میں مدینے کے حرم ہونے کا اعلان کرتا ہوں، مدینے کے دونوں درّوں کے درمیان کا پورا رقبہ "حرم" ہے، اس میں خونریزی نہ کی جائے کسی پر ہتھیار نہ اُٹھایا جائے۔ اور درختوں کے پتّے تک نہ جھاڑے جائیں، البتہ چارے کے لیے جھاڑے جا سکتے ہیں[۳]"

مدینے میں سکونت اختیار کرنے اور وہاں کی تکلیفوں کو برداشت کرنے کی فضیلت بتاتے ہوئے آپؐ نے ارشاد فرمایا

"میری اُمت کا جو شخص بھی مدینے کی سختی اور شدت کو برداشت کرکے وہاں سکونت پذیر رہے گا، قیامت کے روز میں اس کی شفاعت کروں گا[۴]"

---

[۱] جذب القلوب [۲] الترغیب [۳] مسلم [۴] مسلم۔

Marfat.com

نیز فرمایا

"اپنی امت کے لوگوں میں سب سے پہلے میں مدینے والوں کی شفاعت کروں گا پھر اہل مکہ کی اور پھر طائف والوں کی"[1]

حضرت ابراہیمؑ نے مکے کی سرزمین میں اپنی ذریت کو بساتے ہوئے دعا فرمائی تھی۔

فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ[2]

"لہٰذا تو لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور انہیں کھانے کے لیے پھل عطا فرما تاکہ یہ تیرے شکر گزار بندے بن کر رہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعا کا حوالہ دیتے ہوئے مدینے کے حق میں خیر و برکت کی دعا فرمائی تھی،

"اے اللہ! ابراہیمؑ، تیرے خاص بندے، تیرے دوست اور تیرے نبی تھے اور میں بھی تیرا بندہ اور تیرا نبی ہوں، انہوں نے مکے کی خیر و برکت کے لیے تجھ سے دعا کی تھی اور میں مدینے کی خیر و برکت کے لیے تجھ سے دعا کرتا ہوں بلکہ اتنی ہی اور زیادہ"[3]

مدینے کی پاکی اور دینی اہمیت بتاتے ہوئے آپؐ نے فرمایا

"قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک مدینہ اپنے اندر

---

[1] طبرانی [2] ابراہیم، ۳۷ [3] مسلم

Marfat.com

کے شر پسند عنصر کو اس طرح باہر نکال پھینکے جس طرح لوہار کی بھٹی لوہے کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے۔[1]

مدینے میں وفات پانے کی آرزو اور کوشش کی فضیلت بتاتے ہوئے آپؐ نے ارشاد فرمایا

"جو شخص مدینے میں وفات پانے کی کوشش کر سکتا ہو اس کو ضرور کوشش کرنی چاہیئے کہ مدینے ہی میں اس کو موت آئے، اس لیے کہ جو شخص مدینے میں وفات پائے گا میں اس کی شفاعت کروں گا۔"[2]

حضرت ابن سعدؓ کا بیان ہے کہ عوف بن مالک اشجعیؓ نے خواب دیکھا کہ حضرت عمرؓ شہید کر دیئے گئے اور انہوں نے حضرت عمرؓ سے اپنے اس خواب کا ذکر کیا۔ حضرت عمرؓ نے بڑی حسرت سے کہا

"بھلا مجھے شہادت کیونکر نصیب ہوگی! جب کہ میں جزیرۃ العرب میں رہ رہا ہوں، میں خود جہاد میں شریک نہیں ہوتا اور لوگ ہر وقت مجھے گھیرے رہتے ہیں، ہاں اگر خدا کو منظور ہوگا تو وہ انہی حالات میں مجھے شہادت کی سعادت سے نوازے گا۔ اور اس کے بعد آپ نے یہ دُعا کی

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِكَ وَاجْعَلْ موتی فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ۔

---

[1] مسلم [2] مسند احمد، ترمذی۔

"اے اللہ مجھے اپنی راہ میں شہادت نصیب کر اور مجھے اپنے رسولؐ کے شہر میں موت دے"

## مسجد نبوی کی عظمت

مسجدِ نبوی کی عظمت اور فضیلت کے لیے یہی بات کیا کم ہے کہ اس کی تعمیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے مبارک ہاتھوں سے فرمائی، اور برسوں اس میں نماز پڑھی، اس کی نسبت اپنی طرف فرمائی اور اس کو اپنی مسجد کہا، آپؐ کا ارشاد ہے۔

"میری اس مسجد میں ایک نماز پڑھنا دوسری مسجدوں میں ہزار نمازیں پڑھنے سے زیادہ افضل ہے، سوائے مسجد حرام کے"[1]

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

"جس شخص نے میری اس مسجد میں مسلسل چالیس وقت کی نمازیں اس طرح پڑھیں کہ درمیان میں کوئی نماز بھی فوت نہیں ہوئی تو اس کے لیے جہنم کی آگ اور ہر عذاب سے برارت لکھ دی جائے گی اور اسی طرح نفاق سے برارت لکھ دی جائے گی"[2]

نیز ارشاد فرمایا

"میرے گھر اور میرے ممبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغیچہ ہے اور میرا ممبر حوض کوثر پر ہے"[3]

---

[1] مسلم [2] مسند احمد، الترغیب [3] بخاری، مسلم

Marfat.com

## روضۂ اقدس کی زیارت

کتنے خوش نصیب تھے وہ مومنین جن کی آنکھیں دیدارِ رسول سے روشن ہوئیں، جو آپؐ کی صحبت میں رہے، اور شب و روز آپؐ کے کلام سے مستفیض ہوئے، یہ سعادت تو صرف صحابۂ کرامؓ کے لیے مخصوص تھی لیکن یہ موقع قیامت تک باقی ہے کہ مشتاقانِ دید روضۂ اقدس پر حاضری دیں اور آپؐ کی دہلیز پر کھڑے ہو کر درود و سلام کے تحفے پیش کریں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص نے حج کیا، اور میری وفات کے بعد اس نے میرے روضے کی زیارت کی تو وہ زیارت کی سعادت پانے میں اسی شخص کی طرح ہے جس نے میری زندگی میں میری زیارت کی[1]"

نیز ارشاد فرمایا

"جس شخص نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا میری زندگی میں میری زیارت کی، اور جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو گئی اور میری امت کا جو شخص میری زیارت کرنے کی وسعت اور طاقت رکھنے کے باوجود میری زیارت نہ کرے تو اس کا کوئی عذر، عذر نہیں ہے[2]"

اور فرمایا

"جو شخص میری زیارت کے لیے آئے اور اس کے سوا اس کو

---

[1] بیہقی، طبرانی۔ [2] علم الفقہ۔

Marfat.com

کوئی دوسرا کام نہ ہو تو اس کا مجھ پر یہ حق ہے کہ میں اس کی شفاعت کروں[1]۔

## روضۂ اقدس کی زیارت کا حکم

روضۂ اقدس کی زیارت واجب[2] ہے، احادیث سے یہی معلوم ہوتا ہے آپؐ کا ارشاد ہے، جس شخص نے حج کیا اور میری زیارت کو نہ آیا، اس نے مجھ پر ظلم کیا، اور ایک حدیث میں ہے، جس نے استطاعت کے باوجود میری زیارت نہیں کی اس کا کوئی عذر قابلِ قبول نہیں —— انہی احادیث کی روشنی میں علماء نے روضۂ اقدس کی زیارت کو واجب قرار دیا ہے۔

چنانچہ صحابۂ کرامؓ، تابعین اور دوسرے اسلاف روضۂ اقدس کی زیارت کا بڑا اہتمام فرماتے تھے۔

حضرت ابن عمرؓ کی عادت تھی کہ جب بھی کسی سفر سے آتے تو سب سے پہلے روضۂ اقدس پر حاضر ہوتے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں درود و سلام پڑھتے۔

حضرت عمرؓ کعبِ احبار کو لے کر مدینے آئے اور مدینے پہنچ کر سب سے پہلے روضۂ اقدس پر حاضر ہوئے، اور جنابِ رسالتؐ میں درود و سلام پیش کیا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے تو شام سے خاص اس مقصد کے لیے اپنے قاصد کو مدینہ منورہ بھیجا کہ وہ وہاں پہنچ کر دربارِ رسالتؐ میں ان کا سلام پہنچا دے[3]۔

---

[1] علم الفقہ۔

[2] علم الفقہ جلد پنجم۔

[3] علم الفقہ جلد پنجم۔

Marfat.com

# مقاماتِ حج

حرمِ پاک اور اُس کے قُرب و جوار کے مقدس مقامات جہاں حج کے اعمال وارکان ادا کیے جاتے ہیں نہایت ہی قابلِ عظمت و احترام ہیں، یہ دراصل شعائراللہ ہیں، ان کا اسلامی تاریخ سے گہرا تعلق ہے۔ ان سے واقف ہونا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے، بالخصوص زائرینِ حرم کے لیے، تاکہ وہ حج سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکیں، اور ان کے حج میں وہ روحانی کیفیت پیدا ہو سکے جو حج کی جان ہے۔ سہولت کے لیے ان مقامات کا تعارف حروفِ تہجّی کی ترتیب کے مطابق پیش کیا جارہا ہے۔


۱۔ بیت اللہ

یہ ایک چوکور مقدس عمارت ہے، جو اللہ کے حکم سے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام نے تعمیر فرمائی تھی، کہ یہ ساری انسانیت کے لیے رہتی زندگی تک مرکزِ ہدایت بنے۔ یہیں سے وہ رسول اٹھیں جو سارے عالم کی رہنمائی اور ہدایت کا عظیم فریضہ انجام دیں، اور یہیں سے اُن کی قیادت میں وہ اُمّت اُٹھے جو قیامت تک تبلیغِ دین اور کارِ رسالت کا گراں ترین فریضہ انجام دیتی رہے، قرآن کی شہادت ہے کہ روئے زمین پر اولادِ آدم کے لیے خدا کی عبادت کا سب سے پہلا گھر جو تعمیر ہوا وہ یہی "بیت اللہ" ہے، یہ سارے

Marfat.com

جہاں کے لیے خیر و برکت کا سرچشمہ اور مرکزِ ہدایت ہے، حج میں زائر حرم اسی کے گرد والہانہ طواف کرتا ہے۔

## نقشہ بیت اللہ




### ۲۔ بطنِ عُرَنہ

میدانِ عرفات میں ایک خاص مقام ہے جو بطنِ عُرَنہ یا وادیٔ عُرَنہ کے نام سے مشہور ہے، حجۃ الوداع کے موقع پر اسی وادی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو خطاب فرمایا تھا۔

Marfat.com

۳۔ جبلِ رحمۃ

میدانِ عرفات کے درمیان ایک متبرک پہاڑ ہے۔

۴۔ جبلِ عرفات

میدانِ عرفات کا ایک پہاڑ ہے اور اس پہاڑ کی وجہ سے ہی اس وادی کو وادیٔ عرفات یا میدانِ عرفات کہتے ہیں۔

۵۔ جبلِ قزح

مزدلفے میں مشعر الحرام کے پاس ایک پہاڑ ہے۔

۶۔ جحفہ

مکہ معظمہ سے مغرب کی جانب تقریباً ایک سو اسی کلومیٹر کے فاصلے پر ایک مقام ہے، یہ اہلِ شام کے لیے اور ان تمام لوگوں کے لیے میقات ہے جو شام کے راستے سے حرم میں داخل ہوں۔

۷۔ جمرات

منیٰ میں فاصلے فاصلے سے تین مقامات پر تین ستون بنے ہوئے ہیں ان ستونوں کو جمرات کہتے ہیں۔ پہلا ستون جو مسجدِ خیف کی جانب بازار میں ہے اُس کو جمرۂ اولیٰ کہتے ہیں، دوسرا ستون جو بیت اللہ کی جانب ہے اس کو جمرۂ عُقبیٰ کہتے ہیں، تیسرا ستون جو ان کے درمیان میں ہے اس کو جمرۂ وسطیٰ کہتے ہیں۔

۸۔ حرم

شہرِ مکہ جس میں بیت اللہ اور مسجدِ حرام واقع ہے اور اس کے آس پاس

Marfat.com

کے کچھ علاقے حرم کہلاتے ہیں، حرم کے یہ حدود معلوم اور متعین ہیں، پہلے یہ حدود حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مقرر فرمائے تھے پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عہدِ رسالت میں ان حدود کی تجدید فرمائی۔

مدینے کی سمت میں تقریباً پانچ کلومیٹر تک حرم کی حد ہے، یمن کی جانب تقریباً گیارہ کلومیٹر، اور طائف کی جانب بھی تقریباً گیارہ کلومیٹر اور قریب قریب اتنے ہی کلومیٹر تک عراق کی جانب حرم کی حد ہے اور جدے کی سمت میں تقریباً سترہ کلومیٹر تک حرم کی حد ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت عمر فاروق رضؓ، حضرت عثمان غنی رضؓ اور حضرت معاویہ رضؓ نے اپنے اپنے دور میں ان حدود کی عظمت واحترام اور حفاظت کا پورا پورا اہتمام کریں۔ اور ان امور سے بچے رہیں جن کا کرنا ان حدود میں ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

## ۹۔ حطیم

بیت اللہ کے شمال، مغرب کا وہ حصہ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں کعبہ کی عمارت میں شامل تھا، اور بعد کی تعمیر میں شامل نہ کیا جا سکا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے پہلے آگ لگنے کی وجہ سے کعبہ کا کچھ حصہ جل گیا تھا، قریش نے جب اس کی دوبارہ تعمیر کی تو سرمایہ کم پڑ گیا اور کچھ دیوار چھوٹی کر دی گئی، اسی چھوٹے ہوئے حصے کو حطیم کہتے ہیں۔ حطیم چونکہ فی الواقع بیت اللہ ہی کا حصہ ہے اس لیے طواف کرنے والے حطیم کے باہر باہر طواف کرتے ہیں تاکہ حطیم کا بھی طواف ہو جائے۔

## ۱۰۔ ذاتِ عرق

مکہ معظمہ سے شمال مشرق کی جانب مکے سے تقریباً اسّی کلومیٹر کے فاصلے پر ایک مقام ہے یہ اہلِ عراق کے لیے میقات ہے اور ان سارے لوگوں کے لیے بھی جو عراق کی جانب سے حرم میں داخل ہوں۔

## ۱۱۔ ذوالحلیفہ

مدینۂ طیبہ سے مکہ معظمہ آتے ہوئے، مدینے سے آٹھ، نو کلومیٹر کے فاصلے پر ایک مقام ہے، یہ مقام مکہ معظمہ سے تقریباً ڈھائی سو کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، یہ مدینے سے آنے والے لوگوں کے لیے میقات ہے۔

## ۱۲۔ رکنِ یمانی

بیت اللہ کا وہ گوشہ جو یمن کی جانب ہے اس کو رُکن یمانی کہتے ہیں، یہ انتہائی متبرک مقام ہے، آپؐ کا ارشاد ہے "رُکن یمانی اور حجرِ اسود کو چھونے سے خطائیں مٹ جاتی ہیں[1]"

## ۱۳۔ زمزم

زمزم ایک تاریخی کنوّاں ہے جو بیت اللہ سے مشرق کی جانب واقع ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب اللہ کے حکم سے اسمٰعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ حضرت ہاجرہ علیہ السلام کو مکے کے بے آب و گیاہ ریگستان میں لا کر بسایا تو اللہ نے ان پر رحم کھا کر خصوصی فضل فرمایا اور اس چٹیل میدان میں ان کی خاطر زمزم کا یہ چشمہ جاری فرمایا۔ حدیث میں اس چشمے کی اور اس کے پانی کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ آپؐ نے فرمایا ہے آب زمزم کو خوب سیر ہو کر پینا چاہیئے۔ یہ جس

مقصد کے لیے پیا جائے، مفید ہے، یہ بھوک کے لیے غذا ہے اور بیمار کے لیے شفا ہے۔

## ۱۴۔ صفا

بیت اللہ سے جنوب کی جانب ایک پہاڑی کا نام ہے، اب تو اس پہاڑی کا بہت معمولی سا نشان باقی رہ گیا ہے، اس کے بالمقابل بیت اللہ کے شمال میں مروہ پہاڑی ہے اور ان دونوں کے درمیان زائرِ حرم کے لیے سعی کرنا واجب ہے، اس سعی کا ذکر قرآن پاک میں بھی آیا ہے۔

## ۱۵۔ عرفات

مکہ مکرمہ سے تقریباً پندرہ کلومیٹر کے فاصلے پر ایک نہایت ہی وسیع و عریض کشادہ میدان ہے، حرم کی حدود جہاں ختم ہوتی ہیں وہیں سے عرفات کا علاقہ شروع ہو جاتا ہے۔ میدانِ عرفات میں پہنچنا اور وقوف کرنا حج کا اہم ترین رکن ہے، اور جس نے یہ رُکن چھوڑ دیا اس کا حج ہی نہیں ہوا۔ حدیث میں وقوفِ عرفات کی بڑی فضیلت آئی ہے۔

## ۱۶۔ قرن المنازل

مکہ معظمہ سے مشرق کی جانب جانے والی سڑک پر ایک پہاڑی مقام ہے، یہ مکہ معظمہ سے تقریباً پچاس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، یہ نجد کے رہنے والوں کے لیے میقات ہے اور اُن سارے لوگوں کے لیے بھی جو نجد کے راستے حرم میں داخل ہوں۔

## ۱۷۔ محصّب

مکہ معظمہ اور منیٰ کے درمیان ایک میدان تھا جو دو پہاڑیوں کے درمیان واقع

Marfat.com

تھا اس کو محصب کہتے تھے۔ آج کل یہ آباد ہو گیا ہے اور اب اس کو "معابدہ" کہتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ سے جاتے ہوئے یہاں کچھ دیر کے لیے ٹھہرے تھے، لیکن محصب میں ٹھہرنا مناسک حج میں سے نہیں ہے۔

## ۱۸۔ مزدلفہ

منیٰ اور عرفات کے بالکل درمیان میں ایک مقام ہے اس کو جمع بھی کہتے ہیں اس لیے کہ ۱۰ ر ذوالحجہ کی شب میں حاجی لوگ یہاں جمع ہوتے ہیں، مزدلفہ میں وقوف واجب ہے اور وقوف کا اصل وقت طلوعِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک ہے۔

## ۱۹۔ مسجد الحرام

مسجد الحرام دنیا کی تمام مسجدوں میں افضل مسجد ہے بلکہ نماز پڑھنے کی اصل جگہ یہی ہے اور دنیا کی ساری مسجدیں درحقیقت اسی کی قائم مقام ہیں۔ یہ وہ مبارک مسجد ہے جس کے درمیان میں اللہ کا وہ گھر واقع ہے، جو دنیا میں خدا کی عبادت کا سب سے پہلا گھر ہے اور جو ساری انسانیت کے لیے ہدایت و برکت کا سرچشمہ ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، اس مسجد میں ایک نماز پڑھنے کا اجر و ثواب دوسری جگہ ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے۔

## ۲۰۔ مسجدِ نبویؐ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت فرما کر مدینے آئے تو آپؐ نے یہاں ایک مسجد تعمیر فرمائی، تعمیر میں صحابۂ کرامؓ کے ساتھ آپؐ خود بھی برابر شریک رہے، اور اس کے بارے میں فرمایا، یہ میری مسجد ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے برسوں

Marfat.com

اس مسجد میں نماز پڑھی، اور صحابۂ کرام رضؓ نے بھی برسوں پڑھی، اس مسجد کی فضیلت وعظمت کا ذکر کرتے ہوئے آپؐ نے فرمایا

"صرف تین مسجدوں کے لیے آدمی سفر کر سکتا ہے، مسجدِ حرام کے لیے، مسجد اقصیٰ کے لیے اور میری اس مسجد کے لیے"[۱]

نیز ارشاد فرمایا

"جس شخص نے میری اس مسجد میں مسلسل چالیس وقت کی نمازیں اس طرح پڑھیں کہ درمیان میں کوئی نماز فوت نہیں ہوئی، تو اس کے لیے جہنم کی آگ اور عذاب سے برات اور نجات لکھ دی جائے گی، اور اسی طرح نفاق سے برات لکھ دی جائے گی"[۲]

## ۲۱۔ مسجدِ خیف

منیٰ میں ایک مسجد ہے، منیٰ میں وقوف کے دوران حجاج اسی مسجد میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی نمازیں پڑھتے ہیں۔

## ۲۲۔ مسجدِ نمرہ

حرم اور عرفات کی عین سرحد پر یہ مسجد واقع ہے۔ اس مسجد کی جو دیوار مکے کی جانب ہے وہ حرم اور عرفات کے درمیان حدِ فاصل ہے، دورِ جاہلیت میں قریش کے لوگ عرفات جانے کے بجائے حرم کے حدود ہی میں یعنی مشعر الحرام کے پاس وقوف کرتے تھے، اور اس کو اپنا خصوصی امتیاز سمجھتے تھے، لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

۱ؔ بخاری، مسلم۔ ۲ؔ الترغیب

Marfat.com

حجۃ الوداع میں یہ حکم دیا تھا کہ آپؐ کا خیمہ "نمرہ" میں نصب کیا جائے، چنانچہ آپؐ کے حکم کے مطابق آپؐ کا خیمہ نمرہ ہی میں نصب کیا گیا۔ اسی مقام پر "مسجد نمرہ" ہے۔

## ۲۳۔ مشعر الحرام

مزدلفے کے میدان میں ایک اونچا سا نشان ہے، اس کے کنارے کنارے احاطہ بنا دیا گیا ہے، اس کو مشعر الحرام کہتے ہیں۔ اس مقام پر کثرت سے ذکر و تسبیح کی تاکید کی گئی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پہاڑ پر چڑھ کر ذکر و تسبیح فرمائی اور دعا کی۔ یہ مقام بھی دعا کی قبولیت کے مقامات میں سے ہے۔

فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ۔

"پس جب تم عرفات سے لوٹ کر آؤ تو مشعر الحرام کے پاس اللہ کا ذکر کرو اور جس طرح تمہیں اس نے ہدایت دی ہے اسی طرح یاد کرو۔"

## ۲۴۔ مطاف

بیت اللہ کے چاروں طرف کنارے کنارے بیضوی شکل کی جگہ بنی ہوئی ہے، جس میں حطیم بھی داخل ہے، اس کو مطاف کہتے ہیں۔ مطاف، طواف کرنے کی جگہ کو کہتے ہیں، یہاں شب و روز بیت اللہ کے پروانے طواف کرتے نظر آتے ہیں اور جماعت کے وقت کے علاوہ دن ہو یا رات ہر وقت کچھ لوگ طواف میں مشغول ہوتے ہیں۔

## ۲۵۔ مقامِ ابراہیمؑ

بیت اللہ سے شمال، مشرق کی جانب بابِ کعبہ سے کچھ فاصلے پر ایک قبہ بنا ہوا ہے اس کے اندر ایک مبارک پتھر رکھا ہوا ہے جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دونوں قدموں کے نشانات ہیں، اسی کو مقام ابراہیم کہتے ہیں، یہ انتہائی متبرک مقام ہے، یہ خدا کی عظیم نشانیوں میں سے ایک ہے، خدا کی ہدایت ہے

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى۔

"اور مقام ابراہیمؑ کو مستقل عبادت گاہ قرار دے لو"

طواف کے شوط پورے کرنے کے بعد طواف کرنے والے مقام ابراہیم کے پاس دو رکعت نماز پڑھتے ہیں، نماز پڑھنے کی جگہ مقام ابراہیم اور بابِ کعبہ کے درمیان بنی ہوئی ہے۔ حضرت امام مالکؒ کا بیان ہے کہ مقام ابراہیمؑ اس وقت اُسی جگہ رکھا ہوا ہے جہاں اس کو حضرت ابراہیمؑ رکھ گئے تھے۔

## ۲۶۔ مُلتزم

بیت اللہ کی دیوار کے اس حصے کو کہتے ہیں جو بابِ کعبہ اور حجرِ اسود کے درمیان ہے۔ یہ تقریباً چھ فٹ کا حصہ ہے اور قبولیتِ دعا کے اہم مقامات میں سے ہے، ملتزم کے معنی ہیں چمٹنے کی جگہ۔ اس مقام سے چمٹ کر اور چہرہ لگا کر انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ دعا مانگنا مسنون ہے۔

Marfat.com

## ۲۷۔ منیٰ

حدودِ حرم میں مکہ مکرمہ سے تقریباً پانچ کلو میٹر کے فاصلے پر ایک مقام ہے۔ ذوالحجہ کی آٹھویں اور نویں تاریخ کی درمیانی شب، حجاج اسی مقام پر گزارتے ہیں اور ۹، ذوالحجہ کو اچھی طرح دن نکلنے کے بعد عرفات کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔

## ۲۸۔ میلینِ اخضرین

صفا اور مروہ کی پہاڑیوں کے درمیان مروہ کی طرف جاتے ہوئے بائیں جانب کو دو سبز نشان ہیں ان کو میلینِ اخضرین کہتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان دوڑنا مسنون ہے، مگر صرف مردوں کے لیے خواتین نہ دوڑیں، بلکہ معمولی رفتار سے ہی سعی کریں۔

## ۲۹۔ وادیٔ محسّر

مزدلفہ اور منیٰ کے درمیانی راستے میں ایک مقام ہے اس کو محسّر کہتے ہیں۔ ولادتِ رسول ﷺ سے چند ہی یوم پہلے حبشہ کے عیسائی حکمران ابرہہ نے بیت اللہ کو ڈھانے کے ناپاک ارادے سے مکہ مکرمہ پر چڑھائی کی، جب وہ وادیٔ محسّر میں پہنچا تو خدا نے سمندر کی جانب سے ننھے ننھے پرندوں کی فوج بھیجی جن کے پنجوں اور چونچوں میں چھوٹی چھوٹی کنکریاں تھیں، اور انہوں نے ابرہہ کی ہاتھی سوار فوج پر کنکریوں کی ایسی ہلاکت انگیز بارش کی کہ ساری فوج تہس نہس ہوگئی۔ زائرینِ حرم اس مقام سے کنکریاں اٹھا کر ساتھ لاتے ہیں اور اسی سے رمی کرتے ہیں جو اس عزم کا اظہار ہے کہ دینِ حق کی بنیادیں ڈھانے کے لیے کسی نے بھی آگے بڑھنے کا ناپاک ارادہ کیا تو ہم اُسے اسی طرح تہس نہس کر دیں گے جس طرح

Marfat.com

ابابیل نے ابرہہ کی فوج کو تہس نہس کر دیا تھا۔

وادیٔ محسّر کے پورے میدان میں بھورے رنگ کی بجری ہے، حجّاج کو چاہیئے کہ یہاں سے چنے کے دانے کے برابر کنکریاں حسبِ ضرورت اُٹھا کر جلد اس مقام سے گزر جائیں، یہ مقامِ عذاب ہے۔

۳۰۔ یلملم

مکّے سے جنوب، مشرق کی سمت میں یمن سے آنے والے راستے پر ایک پہاڑی مقام ہے جو مکّے سے تقریباً ساٹھ کلومیٹر کی دوری پر ہے، یہ یمن اور یمن کی سمت سے آنے والوں کی میقات ہے، اہلِ ہند اور اہلِ پاکستان کو بھی اسی مقام پر احرام باندھنا ہوتا ہے۔

Marfat.com

# اصطلاحاتِ حج

۱۔ اِحرام۔ حج کی نیت کرکے حج کا لباس پہننے اور تلبیہ پڑھنے کو احرام کہتے، احرام باندھنے والے کو محرم کہتے ہیں۔ جس طرح نماز میں تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد کھانا پینا، چلنا پھرنا وغیرہ سب حرام ہو جاتا ہے، اسی طرح اِحرام باندھ لینے کے بعد بہت سے وہ کام ممنوع ہو جاتے ہیں جو پہلے مباح تھے، اسی لیے اس کو احرام کہتے ہیں۔

۲۔ اِحصَار۔ اِحصار کے لغوی معنی روکنے اور باز رکھنے کے ہیں ——— اصطلاح میں اِحصار سے مُراد یہ ہے کہ کوئی شخص حج یا عمرے کی نیت کر لے اور پھر وہ حج یا عُمرہ کرنے سے روک دیا جائے، ایسے شخص کو "محصر" کہتے ہیں۔

۳۔ اَستلام۔ استلام کے لغوی معنی ہیں چھونا اور بوسہ دینا ——— اور اصطلاح میں استلام سے مُراد ہے حجرِ اسود کو بوسہ دینا اور رُکنِ یمانی کو چھونا۔ طواف کا ہر چکر شروع کرتے وقت اور ہر طواف کے ختم پر حجرِ اسود کا استلام کرنا سنّت ہے اور رُکنِ یمانی کا استلام مستحب ہے۔

۴۔ اِضطباع۔ چادر وغیرہ کو اس طرح اوڑھنا کہ اس کا ایک کنارہ دلہنے شانے پر ڈلنے کے بجائے داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر اوڑھا جائے۔ اور داہنا شانہ کھلا رہے، یہ عمل چستی اور قوت ظاہر کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

۵۔ آفاقی۔ میقات سے باہر کے علاقوں میں رہنے والوں کو اصطلاح میں

Marfat.com

آفاقی کہتے ہیں، ان کے بعض مسائل میقات کے اندر رہنے والوں سے مختلف ہیں اس لیے اس اصطلاح کو سمجھنا ضروری ہے۔

۶۔ **اِفراد**۔ اِفراد حج کی ایک قسم ہے، اس سے مُراد یہ ہے کہ حج کرنے والا صرف حج کی نیت کرے۔ حج کے ساتھ عمرے کی نیت نہ کرے، حجِ اِفراد کرنے والے کو "مُفرِد" کہتے ہیں۔

۷۔ **اِلمام**۔ اِلمام کے معنی ہیں اتر پڑنا، اِصطلاح میں اس سے مُراد یہ ہے کہ آدمی عمرے کا اِحرام کھولنے کے بعد اپنے گھر کے لوگوں میں اُتر پڑے، حجِ تمتع کرنے والے کے لیے عمرے اور حج کے درمیان اِلمام کرنا جائز نہیں۔ مسئلہ صفحہ ۱۳۰ پر دیکھیے۔

۸۔ **اَیّامِ تشریق**۔ ماہ ذوالحجہ کی ۱۱، ۱۲، ۱۳ر تاریخ کو اَیّامِ تشریق کہتے ہیں اور ذوالحجہ کی ۹ر تاریخ کو "یومِ عرفہ" اور ۱۰ر تاریخ کو "یومِ نحر" کہتے ہیں، اور ان پانچوں ایام کو ملا کر بھی ایامِ تشریق کہتے ہیں۔

۹۔ **تحلیق و تقصیر**۔ تحلیق کے معنی ہیں سر منڈانا اور تقصیر کے معنی ہیں کتروانا، حج کے ارکان سے فارغ ہونے کے بعد سر منڈانا یا کتروانا واجب ہے۔

۱۰۔ **تلبیہ**۔ زائرِ حرم کی ایک مخصوص دُعا جس کو وہ برابر پڑھتا رہتا ہے، ہر نشیب میں اُترتے ہوئے ہر بلندی پر چڑھتے ہوئے، ہر فرض نماز سے فارغ ہو کر، ہر نئے قافلے سے ملاقات کے وقت اور ہر صبح و شام غرض حج کے دوران برابر اس دعا کا وِرد رہتا ہے، تلبیہ کے الفاظ یہ ہیں:

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ

وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۔

۱۱۔ **تمتّع**۔ تمتّع حج کی ایک قسم ہے، تمتّع کے لغوی معنی ہیں کچھ وقت کے لیے فائدہ اٹھانا اور اصطلاح میں حجِ تمتّع یہ ہے کہ آدمی حج اور عمرہ ساتھ ساتھ کرے لیکن اس طرح کہ دونوں کے لیے الگ الگ اِحرام باندھے اور عمرہ کرلینے کے بعد احرام کھول کر ان ساری چیزوں سے فائدہ اٹھائے جو اِحرام کی حالت میں ممنوع ہوگئی تھیں اور پھر حج کا اِحرام باندھ کر حج کے ارکان ادا کرے، چونکہ اس طرح عمرے اور حج کے درمیان کچھ وقت کے لیے اِحرام کھول کر حلال ہونے کا فائدہ اٹھانے کا موقع مل جاتا ہے اس لیے اس کو حجِ تمتّع کہتے ہیں۔

۱۲۔ **جنایت**۔ جنایت کے لغوی معنی ہیں کوئی ممنوع اور بُرا کام کرنا لیکن حج کے سلسلے میں اس اصطلاح سے مُراد کوئی ایسا ممنوع کام کرنا ہے جو حرم میں ہونے کی وجہ سے یا حالتِ اِحرام میں ہونے کی وجہ سے ممنوع ہو۔ جنایت ہوجانے کی صورت میں اس کا تاوان قربانی یا صدقے کی شکل میں دینا واجب ہوتا ہے۔

۱۳۔ **دمِ اِحصار**۔ عمرے یا حج کی نیت کر لینے کے بعد کوئی شخص کسی وجہ سے حج یا عمرہ ادا کرنے سے روک دیا جائے تو اس کو حسبِ مقدور قربانی دینی ہوتی ہے، اس قربانی کو دمِ اِحصار کہتے ہیں یعنی وہ خون جو احصار کی وجہ سے واجب ہوا ہے۔

۱۴۔ **رفث**۔ رفث سے مُراد جنسی فعل یا اس سے متعلق گفتگو کرنا ہے، حج

Marfat.com

کے دوران یہ فعل اور اس طرح کی گفتگو ممنوع ہے، اشاروں میں بھی اس طرح کی کوئی بات نہ کرنا چاہیے۔

۱۵- رمل۔ طواف کے پہلے تین چکروں میں شانے ہلاتے ہوئے تیز تیز چلنے کو رمل کہتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ۷ھ ہجری میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ عمرہ ادا کرنے کے ارادے سے مکے تشریف لے گئے تو وہاں کے لوگوں نے آپس میں کہا ان لوگوں کا حال کیا ہو رہا ہے! دراصل مدینے کی آب و ہوا کی خرابی کا اثر تھا؟ اور سب ہی کمزور ہو گئے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس گفتگو کا پتہ چلا تو آپ نے حکم دیا کہ طواف کے پہلے تین چکروں میں لوگ رمل کریں یعنی دُلکی چال چلیں اور قوت و طاقت کا مظاہرہ کریں۔

۱۶- رمی۔ لغت میں رمی، پھینکنے اور نشانہ لگانے کو کہتے ہیں، اور اصطلاح میں رمی سے مُراد حج کا وہ عمل ہے جس میں حاجی تین ستونوں پر کنکریاں مارتا ہے۔ منیٰ میں کچھ فاصلے سے تین ستون بنے ہوئے ہیں ان کو جمرات کہتے ہیں، ان جمرات پر کنکریاں مارنا، یعنی رمی کرنا واجب ہے۔

۱۷- سعی۔ لغت میں سعی کے معنیٰ ہیں اہتمام سے چلنا، دوڑنا اور کوشش کرنا۔ اصطلاح میں سعی سے مُراد حج کا وہ عمل ہے جس میں زائرِ حرم صفا اور مروہ نامی دو پہاڑیوں کے درمیان دوڑتا ہے، آج کل ان دونوں پہاڑیوں کا معمولی سا نشان باقی ہے، صفا اور مروہ کے درمیان سعی واجب ہے۔

۱۸- شوط۔ شوط کے معنی ہیں چکر لگانا اور اصطلاح میں شوط سے مُراد بیت اللہ

Marfat.com

کے گرد ایک چکر لگانا ہے۔

۱۹۔ **طوافِ قدوم**۔ مکے میں داخلے کے بعد سب سے پہلے جو طواف کیا جاتا ہے اس کو طوافِ قدوم کہتے ہیں، طوافِ قدوم کو طوافِ تحیہ اور طوافِ لقاء بھی کہتے ہیں۔ طوافِ قدوم صرف ان لوگوں پر واجب ہے جو میقات سے باہر کے باشندے ہوں جن کو اصطلاح میں آفاقی کہتے ہیں۔

۲۰۔ **طوافِ زیارت**۔ طوافِ زیارت حج کا ایک رکن ہے، وقوفِ عرفات کے بعد ۱۰ ذوالحجہ کو جو طواف کیا جاتا ہے اس کو طوافِ زیارت یا طوافِ افاضہ کہتے ہیں، طوافِ زیارت فرض ہے اور اس کا حکم قرآن میں دیا گیا ہے۔

۲۱۔ **طوافِ وداع**۔ بیت اللہ سے رخصت ہوتے وقت جو آخری طواف کیا جاتا ہے اس کو طوافِ وداع یا طوافِ صدر کہتے ہیں۔ یہ طواف بھی آفاقی پر واجب ہے، اس طواف کے بعد ملتزم سے چمٹ چمٹ کر اور بیت اللہ کا پردہ پکڑ پکڑ کر انتہائی گریہ وزاری کے ساتھ دعا مانگنا چاہیئے۔ یہ بیت اللہ سے رخصت کا وقت ہے معلوم نہیں پھر کب یہ سعادت نصیب ہوتی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت ہے :

"کوئی شخص طوافِ رخصت کیے بغیر بیت اللہ سے واپس نہ ہو، مگر اس خاتون کے لیے اجازت ہے جو حالتِ حیض میں ہو"[1]

---

[1] بخاری۔

Marfat.com

۲۲۔ عُمرہ ۔ عُمرہ کے معنیٰ ہیں آباد مکان کا ارادہ کرنا، زیارت کرنا اور اصطلاح میں اس سے مُراد وہ چھوٹا حج ہے جو ہر وقت ہو سکتا ہے، اس کے لیے کوئی خاص مہینہ اور دن مقرر نہیں ہے جس وقت جی چاہے اِحرام باندھ کر بیت اللہ کا طواف کریں، سعی کریں، اور حلق یا تقصیر کر کے اِحرام کھول دیں۔ عمرہ حج کے ساتھ بھی کیا جا سکتا ہے اور حج سے علیحدہ بھی۔ عمرہ کرنے والے کو مُعتمر کہتے ہیں۔

۲۳۔ قِران ۔ قِران کے لغوی معنی ہیں دو چیزوں کو باہم ملانا اور اصطلاحِ شرع میں قِران یہ ہے کہ آدمی حج اور عمرے کا اِحرام ایک ساتھ باندھ کر دونوں کے ارکان ادا کرے، حج قِران کرنے والے کو قارِن کہتے ہیں، حج قِران، حجِ اِفراد اور حجِ تمتّع دونوں سے افضل ہے۔

۲۴۔ "مُحصَر"۔ حج یا عُمرے کا ارادہ کر لینے کے بعد جو شخص حج یا عُمرے سے روک دیا جائے اس کو "مُحصَر" کہتے ہیں، حج سے روکے جانے کی صورت میں مُحصَر پر حسبِ مقدور قربانی واجب ہو جاتی ہے جس کو دمِ احصار کہتے ہیں،

۲۵۔ وقوف ۔ وقوف کے معنی ہیں کھڑا ہونا اور ٹھہرنا، حج کے دوران تین مقامات پر وقوف کرنا ہوتا ہے، عرفات میں وقوف، مزدلفے میں وقوف اور مِنیٰ میں وقوف۔ وقوف کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی ان مقامات پر پہنچ جائے، وقوف کی نیت کرنا اور وہاں کھڑا ہونا ضروری نہیں ہے۔ سب سے اہم وقوف، وقوفِ عرفات ہے۔ وقوفِ عرفات کا وقت ۹ ذوالحجہ کو بعدِ زوال، ظہر اور عصر کی نماز پڑھنے کے بعد ہے، اس لیے اسی

Marfat.com

وقت پہنچ جانا چاہیے، لیکن چونکہ یہ حج کا رکن اعظم ہے اور اسی پر ادائے حج کا دارومدار ہے اس لیے اس کے وقت میں کشادگی دے کر سہولت دی گئی ہے کہ اگر کوئی شخص ۹ر۱۰ر ذوالحجہ کی درمیانی شب میں صبح صادق سے پہلے پہلے کسی وقت بھی لمحے بھر کے لیے عرفات پہنچ جائے تو اس کا وقوف معتبر ہوگا اور اس کا حج ادا ہو جائے گا۔ مزدلفے میں وقوف واجب ہے اور منیٰ میں وقوف مسنون ہے۔

۲۶۔ ہدی۔ ہدی کے لغوی معنی ہیں، تحفہ اور ہدیہ، اور شریعت میں ہدی سے مراد وہ جانور ہے جو زائر حرم قربانی کرنے کے لیے اپنے ہمراہ لے جاتا ہے یا کسی ذریعے سے وہاں بھیج دیتا ہے۔

ہدی کے مسائل صفحہ ۱۰۹ پر دیکھیے۔

Marfat.com

# حج کی دُعائیں ــــــ ایک نظر میں

حج کے دوران مختلف مقامات پر ارکانِ حج ادا کرتے وقت جو مسنون دعائیں مانگی جاتی ہیں وہ اپنے اپنے موقع پر اس کتاب میں نقل کی گئی ہیں، اور ساتھ ہی ان کا ترجمہ اور مطلب بھی دیا گیا ہے۔ یہاں ان کی فہرست اور صفحات نقل کیے جاتے ہیں تاکہ بوقت ضرورت آسانی سے استفادہ کیا جاسکے۔


۱۔ آبِ زمزم پیتے وقت کی دعا۔

۲۔ تلبیہ۔ ۳۹

۳۔ تلبیہ کے بعد کی دعا۔ ۴۲

۴۔ رُکن یمانی کی دعا۔ ۵۶

۵۔ رمی کی دعائیں۔ ۷۹

۶۔ سعی کی دعائیں۔ ۷۱

۷۔ طواف کی دعا۔ ۶۱

۸۔ قبولیت دعا کے مقامات۔ ۱۱۸

۹۔ قربانی کی دعا۔ ۹۴

۱۰۔ ملتزم کی دعا۔ ۱۱۵

۱۱۔ میدانِ عرفات کی دعائیں۔ ۸۶


Marfat.com

اسلامی خطوط
پر

# فن تعلیم و تربیت

نئی نسل کی
صحیح تعلیم و تربیت
کیلئے
ایک عظیم کتاب

مؤلفہ: افضل حسین
ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی

موجودہ تمام طریقہ ہائے تعلیم کا تنقیدی مطالعہ۔
عملی اور فنی نقطۂ نظر سے عملی تجاویز۔
ماہرینِ تعلیم، اساتذہ، والدین اور طلباء کے لیے
بیش قیمت پیش کش صفحات ۶۱۶
سستا ایڈیشن ۷/۵۰ روپے اعلیٰ ایڈیشن ۱۱/۷۵ روپے

تعمیر مساجد کے لیے

# صحیح سمتِ قبلہ

مؤلفہ: علی محمد خان
(سروے آف پاکستان)

تعین قبلہ میں آپ کی بہترین مددگار ہے۔
ہر شہر کے لیے مستند قبلہ نما۔
انجینئر، ائمہ مساجد اور عام مسلمانوں کے لیے
جید علماء کی مصدقہ کتاب۔

صفحات ۱۴۴
قیمت ۲/۷۵ روپے

اسلامی نظامِ تعلیم پر

# تعلیمات

سید ابوالاعلیٰ مودودی
کی گراں قدر تالیف

ماہرینِ تعلیم
اور
اساتذہ کے لیے
رہنما کتاب

مقصدِ تعلیم اور نصابِ تعلیم کا مفصل جائزہ اور واضح تجاویز
قیمت ۳/۲۵ روپے

اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ
۱۳-ای شاہ عالم مارکیٹ، لاہور
۱۹-بیت المکرم (پہلی منزل) ڈھاکہ

Marfat.com

## زندگی کی الجھنیں بے شمار ہیں

## اسلام ان کا بہترین حل پیش کرتا ہے

# رسائل و مسائل

### مولانا مودودی کی عظیم کتاب

جو معاشرتی، معاشی، قانونی پہلوؤں پر اسلام کی روشنی میں آپ کی مکمل رہنمائی کرتی ہے۔

- حصہ اول: اعلیٰ ایڈیشن -/۸ روپے سستا ایڈیشن ۵۰/۴ روپے
- حصہ دوم: اعلیٰ ایڈیشن ۵۰/۸ روپے سستا ایڈیشن ۷۵/۵ روپے
- حصہ سوم: اعلیٰ ایڈیشن -/۸ روپے سستا ایڈیشن ۵۰/۴ روپے
- حصہ چہارم: اعلیٰ ایڈیشن ۷۵/۶ روپے سستا ایڈیشن ۷۵/۳ روپے

اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ

۱۳-ای، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور

۱۶-بیت المکرم (پہلی منزل)، ڈھاکہ

# حج

اور

# اس کے مسائل

مولانا محمد یوسف اصلاحی

اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ
۱۳-ای، شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ (مغربی پاکستان)
شاخ ۱-۱۶ بیت المکرم (پہلی منزل) ڈھاکہ (مشرقی پاکستان)

Marfat.com